إِنَّآ أَنزَلْنَٰهُ قُرْءَٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ [يوسف 2/12]

یقیناً ہم نے اس قرآن کو عربی زبان میں نازل کیا ہے تاکہ تم سمجھ سکو

قرآن مجید کی لغوی تشریح

پارہ الٓمٓ ۱

{سورۃ الفاتحہ، سورۃ البقرۃ آیت نمبر 141 تک}

معہد القرآن لتفهيم معانيه (المسجّل)

www.KitaboSunnat.com

تالیف وتشریح

حافظ عبد الجبار

[فاضل مدینہ یونیورسٹی]

پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

walayatsons

لاہور۔ پاکستان

فہم قرآن انسٹیٹیوٹ ٹرسٹ

لاہور۔ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

معزز قارئین توجہ فرمائیں!

کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ....

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد آپ لوڈ (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

☆ تنبیه ☆

- کسی بھی کتاب کو تجارتی یا مادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی و شرعی جرم ہے۔

﴿اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں﴾

- نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

kitabosunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

إِنَّآ أَنزَلْنَٰهُ قُرْءَٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ [يوسف 2/12]

یقیناً ہم نے اس قرآن کو عربی زبان میں نازل کیا ہے تاکہ تم سمجھ سکو

قرآن مجید کی لغوی تشریح

پارہ الٓمٓ ۱

{سورۃ الفاتحہ، سورۃ البقرۃ آیت نمبر 141 تک}

معهد القرآن لتفهيم معانيه (المسجل)

ولقد يسرنا القرآن للذكر فهل من مدكر

تالیف وتشریح

حافظ عبدالجبار

[فاضل مدینہ یونیورسٹی]

پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

ولایت سنز

walayatsons

لاہور۔ پاکستان

فہم قرآن انسٹیٹیوٹ ٹرسٹ

لاہور۔ پاکستان

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق بحق فہم قرآن انسٹیٹیوٹ ٹرسٹ محفوظ ہیں

[illegible]

نام کتاب ❁ قرآن مجید کی لغوی تشریح (پہلا پارہ)

تالیف وتشریح ❁ حافظ عبدالجبار مدنی

اہتمام ❁ ابو عاصم رحمت بیگ

نگران اشاعت ❁ عاصم مرزا

ڈیزائننگ ❁ چودھری زاہد لطیف

سکیننگ ❁ ڈاٹ لنکس، لاہور

ناشر ❁ فہم قرآن انسٹیٹیوٹ ٹرسٹ

پہلا ایڈیشن ❁ نومبر 2010ء

تعداد ❁ 1000

سائز ❁ 7.25" X 9.50"

صفحات ❁ 232

طابع وڈسٹری بیوٹرز ❁ ولایت سنز (پبلشرز)

محمدی ہاؤس، 14-ایبٹ روڈ، لاہور۔ پاکستان

فون: 4-36311513 فیکس: 042-36311512

ای میل: walayatsons@yahoo.com

آئی ایس بی این ❁ 978-969-8738-11-2

قیمت ❁

23401

المکتبۃ الرحمانیۃ

99- جے ماڈل ٹاؤن - لاہور

نمبر ....

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

حسنِ ترتیب

آیت	نمبر	صفحہ
۞ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ		9
الفاتحة ۱		
۞ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	1	10
۞ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	2	11
۞ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	3	12
۞ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ	4	12
۞ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ	5	13
۞ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ	6	15
۞ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ -----	7	16
البقرة ۲		
۞ الٓمّٓ ○ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ -----	1-2	18
۞ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ -----	3	20
۞ وَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ -----	4	22
۞ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ -----	5	23
۞ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ -----	6	24
۞ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ -----	7	24
۞ وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا -----	8	25
۞ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا -----	9	26
۞ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ -----	10	27
۞ وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا -----	11	29
۞ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ -----	12	30
۞ وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ -----	13	30
۞ وَ اِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا -----	14	32
۞ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَ يَمُدُّهُمْ -----	15	33
۞ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ -----	16	34
۞ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا -----	17	35
۞ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ -----	18	37
۞ اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ -----	19	37
۞ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ -----	20	39
۞ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ -----	21	41
۞ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ -----	22	42
۞ وَ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا -----	23	44
۞ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا -----	24	45
۞ وَ بَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ -----	25	46
۞ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ -----	26	49
۞ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ -----	27	51
۞ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَ كُنْتُمْ -----	28	52
۞ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ -----	29	53
۞ وَ اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ -----	30	54
۞ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ -----	31	56
۞ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا -----	32	57
۞ قَالَ يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ -----	33	58
۞ وَ اِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا -----	34	60
۞ وَ قُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ -----	35	61
۞ فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا -----	36	62
۞ فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ -----	37	64

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

۞ قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا -----	38	65
۞ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ -----	39	67
۞ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ -----	40	68
۞ وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا -----	41	69
۞ وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ -----	42	70
۞ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ -----	43	71
۞ اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ -----	44	72
۞ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ -----	45	73
۞ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ -----	46	75
۞ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ -----	47	76
۞ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ -----	48	78
۞ وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ -----	49	79
۞ وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ -----	50	81
۞ وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً -----	51	83
۞ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ -----	52	84
۞ وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ -----	53	85
۞ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ -----	54	87
۞ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ -----	55	89
۞ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ -----	56	91
۞ وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا -----	57	92
۞ وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا -----	58	94
۞ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا -----	59	97
۞ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا -----	60	98
۞ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى -----	61	100
۞ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا -----	62	105
۞ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا -----	63	107
۞ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ -----	64	109
۞ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا مِنْكُمْ -----	65	110
۞ فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا -----	66	111
۞ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ -----	67	113
۞ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ -----	68	114
۞ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا -----	69	116
۞ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ -----	70	117
۞ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ -----	71	118
۞ وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا -----	72	120
۞ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ۭ كَذٰلِكَ -----	73	121
۞ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ -----	74	122
۞ اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ -----	75	126
۞ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا -----	76	127
۞ اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ -----	77	130
۞ وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ -----	78	131
۞ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ -----	79	132
۞ وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ -----	80	133
۞ بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ -----	81	135
۞ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ -----	82	136
۞ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ -----	83	136
۞ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُوْنَ -----	84	139
۞ ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَاۗءِ تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ -----	85	140
۞ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ -----	86	143
۞ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَقَفَّيْنَا -----	87	144
۞ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ۭ بَلْ لَّعَنَهُمُ -----	88	146
۞ وَلَمَّا جَاۗءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ -----	89	147

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ -----	90	149
وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ -----	91	151
وَلَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ -----	92	154
وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا -----	93	154
قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ -----	94	157
وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ -----	95	158
وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ -----	96	159
قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ -----	97	161
مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ -----	98	163
وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍ بَيِّنٰتٍ -----	99	164
اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ فَرِيْقٌ -----	100	165
وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ -----	101	165
وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ -----	102	167
وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ -----	103	172
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا -----	104	173
مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ -----	105	174
مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ -----	106	175
اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ -----	107	177
اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْـَٔلُوْا رَسُوْلَكُمْ -----	108	178
وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ -----	109	180
وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ -----	110	182
وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ -----	111	183
بَلٰى مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ -----	112	185
وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى -----	113	186
وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ -----	114	188
وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَاَيْنَمَا -----	115	189
وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ -----	116	191
بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ -----	117	192
وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ -----	118	193
اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا -----	119	195
وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ -----	120	196
اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ -----	121	198
يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ -----	122	200
وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ -----	123	201
وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ -----	124	202
وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً -----	125	204
وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اجْعَلْ -----	126	207
وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ -----	127	209
رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ -----	128	210
رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا -----	129	212
وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ -----	130	214
اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗٓ اَسْلِمْ -----	131	215
وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ -----	132	216
اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ -----	133	218
تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا -----	134	220
وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى -----	135	221
قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ -----	136	222
فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ -----	137	224
صِبْغَةَ اللّٰهِ وَمَنْ اَحْسَنُ -----	138	226
قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِي اللّٰهِ -----	139	227
اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ -----	140	228
تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ -----	141	230

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ابتدائیہ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ اَمَّا بَعْدُ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ، بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قرآن عظیم اللہ تعالیٰ کی طرف سے انسانیت کی ہدایت کیلئے ایک جامع و اکمل کتاب ہے جس کی رسول اللہ ﷺ نے اعمال و اقوال کے ذریعے تشریح فرمائی۔ قرآن کریم صرف احکام وتشریعات کی کتاب نہیں ہے بلکہ پوری کائینات کیلئے ایک ضابطہ حیات ہے۔

قرآن میں فکر و تدبر، حکمت و عبرت، علم ونظر وعقل و افعال پر بے شمار آیات ہیں۔ فرمان رسول اللہ ﷺ ہے: خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَہٗ (البخاری:باب فضائلِ قرآن) [تم میں سے بہترین وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے]۔ قرآن کے نزول کا مقصد اس میں تدبر، غور وفکر کرنا اور عمل کرنا ہے۔ عدم تدبر کرنے والوں کے بارے میں ارشاد باری تعالیٰ ہے! اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰی قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا (محمد:24/47) [کیا یہ لوگ قرآن (کے مطالب) پر غور (وفکر) نہیں کرتے یا (ان کے) دلوں پر تالے (لگے) ہیں؟] مقفل دلوں کے بارے میں فرمان ربّانی ہے! قُلْ هُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هُدًی وَّ شِفَآءٌ ؕ وَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ فِیْۤ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّ هُوَ عَلَیْهِمْ عَمًی ؕ (حم السجدہ: 44/41) [(اے نبی ﷺ) آپ (ان سے) کہہ دیں کہ ایمان والوں کے لیے تو یہ (قرآن سرتاپا) ہدایت اور (روحانی امراض کے لیے) شفا ہے اور جو ایمان نہیں رکھتے ان کے کانوں کی (یہ) ڈاٹ (کارک) ہے اور ان کی آنکھوں پر (یہ) پٹی ہے]۔

قرآن مجید ضخامت وحجم میں چھوٹا ہے لیکن مضامین اور معنوی عظمت کے لحاظ سے بہت بڑا ہے۔ وسعت معلومات اور براہین و دلائل کے لحاظ سے ایسا بحر رواں ہے جسکا کوئی کنارہ نہیں، اسکا اسلوب و بیان فطری ہے۔ انسانی عقل و فراست اسکی کماحقہ حقیقت سے عاجز ہے۔ ہر شخص اپنی اپنی علمی استعداد وقوت کے مطابق اس چشمے سے سیراب ہوسکتا ہے۔ اسکے وقتِ نزول سے لے کر تا حال اہل علم نے اسکے معانی، تفاسیر و دیگر علوم و معارف پر قلم اٹھایا ہے اور اس سے لطف اندوز ہورہے ہیں اور دنیا کی ہر زبان میں اسکی نشر و اشاعت ہورہی ہے۔ ایسی کتاب جو انسان کا تزکیہ کرکے سعادتوں کی بلندیوں تک پہنچا دیتی ہے اور ایک مجرم کو ضلالت و جہالت سے نکال کر اللہ کا مقرب بنا دیتی ہے۔ دنیا کی عظیم سے عظیم کتاب بھی اسکا بدل نہیں بن سکتی اور نہ انسان اسکی کثرت قرأت سے اکتاتا ہے۔

اگر مسلمان اپنی سابقہ عظمت رفتہ کی طرف واپس آنا چاہتے ہیں تو اس عظیم الشان کتاب کو سمجھ کر پڑھیں، صرف زبانی یاد کر لینے سے اس کا حق ادا نہیں ہوسکتا۔ اگر ہم قرآن کو سمجھ کر پڑھنے کی طرف متوجہ نہ ہوئے تو ہوسکتا ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ کی شکایت ہمیں بدبختی کے گڑھے کی طرف دھکیل دے۔

وہ زمانے میں معزز تھے مسلماں ہوکر
اور تم خوار ہوئے تارک قرآں ہوکر

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

قرآنی مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے عربی زبان اور اس کے قواعد کو سیکھنا انتہائی ضروری ہے۔ اس کے قواعد کو آسان سے آسان تر کرنے کے لئے ہر دور میں کوشش ہوتی رہی ہے۔ ’’فہم قرآن انسٹیٹیوٹ ٹرسٹ‘‘ کے بانی پروفیسر عطا الرحمٰن ثاقب شہید رحمۃ اللہ علیہ کو اللہ تعالیٰ نے بڑا اچھا سلیقہ عطا فرمایا تھا۔ انہوں نے اس قرآن فہمی کی دعوت حقہ کو عام کرنے کے لئے تحریر وتقریر کے ذریعے 1995ء سے کام شروع کر کے اس مبارک کوشش کا آغاز کیا، لیکن اہل باطل کو ان کا یہ طریقہ درس وتدریس اور نشر واشاعت اچھا نہ لگا کیونکہ اس سے ان کو اپنا مستقبل تاریک ہوتا نظر آرہا تھا اس لیے انہوں نے پروفیسر عطا الرحمٰن ثاقب شہید رحمۃ اللہ علیہ کو 19 مارچ 2002ء کو شہید کردیا (اللہ رب العالمین ان کی شہادت کو قبول فرمائے، آمین)۔

لیکن شائد ناعاقبت اندیش دشمنان دین کو اس بات کا علم نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کی حفاظت کا ذمہ خود لیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ (الحجر:9/15) [بے شک ہم ہی نے یہ ذکر (قرآن) نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں]۔

پروفیسر عطا الرحمٰن ثاقب شہید رحمۃ اللہ علیہ نے ’’قرآن مجید کی لغوی تشریح‘‘ کے لئے خانوں میں قرآن کے الگ الگ الفاظ، نیچے اس کا لفظی ترجمہ، نیچے گرامر، اس کے بعد بامحاورہ ترجمہ، لغوی نکات کا عنوان اور پھر مختصر تفسیری نکات کا عنوان قائم کر کے بہت اچھا کام شروع کیا تھا۔ ان کی شہادت تک سورۃ البقرۃ کی صرف اکتالیس آیات ہی ’’مجلہ فہم قرآن‘‘ میں شائع ہوئی تھیں۔ پروفیسر عطا الرحمن ثاقب شہید رحمۃ اللہ علیہ کی شہادت کے بعد ’’مجلہ فہم قرآن‘‘ میں قسط وار شائع کرنے کے لیے ادارہ ’’فہم قرآن انسٹیٹیوٹ ٹرسٹ‘‘ نے اس کام کی ذمہ داری میرے سپرد کر دی۔ عربی گرامر پڑھنے کے بعد قرآن فہمی کے لئے یہ طریقہ بہت آسان ہے اور ایسا عمدہ طریقے سے کام مَیں نے پہلے کبھی نہ دیکھا تھا۔

فہم قرآن انسٹیٹیوٹ ٹرسٹ کے موجودہ چیئرمین ڈاکٹر طارق ہمایوں شیخ صاحب نے 2008ء میں فرمایا کہ سورۃ البقرۃ کی لغوی تشریح پر ازسرِنو نظرثانی کر کے اسے مزید عام فہم بنائیں تاکہ قرآن فہمی کے طلباء کو مزید قرآن سمجھنے میں آسانی ہو۔ الحمدللہ! اٹھارہ ماہ میں سورۃ البقرۃ پر لغوی تشریح کا کام مکمل ہو چکا ہے۔ اب سورہ آل عمران پر کام جاری ہے اور تقریباً 30 آیات مکمل ہو چکی ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں مزید قوت واستعداد عطا فرمائے اور دین حقہ کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

وماتوفیقی الا باللہ

حافظ عبدالجبار مدنی
فہم قرآن انسٹیٹیوٹ ٹرسٹ

۸۔ذوالحجۃ ۱۴۳۱ھ
15-نومبر 2010ء

’’محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ‘‘

www.KitaboSunnat.com

عرضِ ناشر

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ربّ العزت نے سیّدنا آدم ﷤ کو پیدا فرمایا اور ان سے سلسلہ انسانیت شروع ہوا اور پوری دنیا میں پھیل گیا۔ انسان کی ہدایت و راہنمائی کیلئے انبیأ ﷩ کو تسلسل کیساتھ دنیا میں مبعوث فرما کر صحیفے اور الہامی کتب بھی نازل فرمائیں۔ اسی سلسلے کی آخری کتاب قرآن مجید فرقان حمید نبی آخر الزماں محمد رسول اللہ ﷺ پر نازل فرمائی جو رہتی دنیا تک پوری انسانیت کیلئے ہدائت کا سرچشمہ ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا: اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا (الدھر: 29/76) [بیشک یہ (قرآن تو) ایک نصیحت ہے، تو جو چاہے اپنے ربّ کی طرف (پہنچنے کا صحیح) راستہ اختیار کرلے۔]

وَ لَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ (القمر: 17/54) [اور یقیناً ہم نے اس قرآن کو (لوگوں کے) نصیحت حاصل کرنے کے لیے آسان کر دیا ہے، پھر ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا۔]

اس نصیحت اور ہدایت (قرآن مجید) کی تعلیمات کو چھوڑ دینے پر رسول کریم ﷺ اللہ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ سے عرض کریں گے: يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِى اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا (الفرقان: 30/25) [اے میرے ربّ، میری قوم نے قرآن کو نظر انداز کیے رکھا (نہ ہی سمجھنے کی کوشش کی اور نہ ہی اسکی تعلیمات پر عمل کیا)۔]

قرآن مجید کی تعلیمات کو عوام الناس تک پہنچانے کیلئے پروفیسر عطا الرحمن ثاقب شہید ﷬ نے ''فہم قرآن انسٹیٹیوٹ ٹرسٹ'' کی بنیاد رکھی اور قرآنی گرامر کو سمجھنے کیلئے ایک مختصر اور آسان سلیبس ''تیسیر القرآن'' ترتیب دیا۔ تیسیر القرآن کو اللہ تعالیٰ نے اس قدر مقبول کیا کہ فہم قرآن کلاسز کے علاوہ پاکستان کے اکثر سکولوں اور مدارس میں اضافی کورس کے طور پر پڑھائی جارہی ہے اور ستمبر 1999ء میں مجلہ فہم قرآن میں ''قرآن مجید کی لغوی تشریح'' کا آغاز کیا جو ہر ماہ باقاعدگی سے شائع ہو رہا ہے۔ پروفیسر عطاء الرحمن ثاقب شہید ﷬ سورۃ البقرۃ کی ابھی صرف اکتالیس آیات ہی مکمل کر پائے تھے کہ انہیں شہید کر دیا گیا (اللہ تعالیٰ انکی اس کاوش کو مقبول و منظور فرما کر بخشش کا ذریعہ بنائے۔ آمین۔)

الحمدللہ! پروفیسر عطا الرحمن ثاقب شہیدؒ کی اس کاوش کو آگے بڑھانے کیلئے ہمیں گرامر کے ایک اچھے استاد حافظ عبدالجبار مدنی کی خدمات میسّر آگئیں جس سے یہ سلسلہ ''قرآن مجید کی لغوی تشریح'' جاری ہے اور ہر ماہ ''مجلہ فہم قرآن'' میں تسلسل کیساتھ شائع ہو رہا ہے۔ پروفیسر عطاء الرحمن ثاقب شہید ﷬ کی زندگی میں بھی طلبا کا مطالبہ تھا کہ ''قرآن مجید کی لغوی تشریح'' کو الگ الگ پاروں کی شکل میں شائع کیا جائے اس سے قرآن فہمی کے طلبا کو بہت فائدہ ہوگا اور قرآن مجید کو سمجھنے میں بھی آسانی ہوگی۔

لہٰذا ''فہم قرآن انسٹیٹیوٹ ٹرسٹ'' کی انتظامیہ نے محترم حافظ عبدالجبار مدنی صاحب سے درخواست کی کہ جتنی جلد ممکن ہو سکے ''قرآن مجید کی لغوی تشریح'' (پہلا پارہ) مکمل کریں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اب اس کام کا آغاز ہو چکا ہے اور پہلا پارہ الٓمّٓ آپ کے ہاتھ میں ہے۔ ان شاء اللہ اب ایک ایک پارہ کر کے ''قرآن مجید کی لغوی تشریح'' کی اشاعت کی جائیگی۔ اللہ غفور الرحیم سے التجا ہے کہ وہ ہماری ان کوششوں کو اپنی بارگاہ میں قبول و مقبول فرمائے۔ آمین۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب للعالمین

ڈاکٹر طارق ہمایوں شیخ (چیئرمین)

۱۳۔ ذوالحجۃ ۱۴۳۱ھ

20-نومبر 2010ء

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○

اَعُوْذُ	بِ + اللّٰہِ	مِنَ	الشَّیْطٰنِ	الرَّجِیْمِ
میں پناہ پکڑتا ہوں	ساتھ + اللہ کے	سے	شیطان	مردود
فعل مضارع + فاعل	جار + مجرور	حرف جار	موصوف	صفت

بامحاورہ ترجمہ: میں شیطان مردود سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں۔

لغوی نکات:

اَعُوْذُ {ع و ذ} عَاذَ یَعُوْذُ (ن) اصل میں عَوَذَ یَعْوُذُ تھا فعل ماضی میں مطابقت (Co-ordination) اور فعل مضارع میں اسقاط حرکت (Drop Method) والا قاعدہ استعمال ہوا ہے۔ "اَنَا" ضمیر کا مفہوم اس کے اندر پوشیدہ ہے جو اس کا فاعل ہے [میں پناہ میں آتا ہوں]

بِاللّٰہِ بِ + اللّٰہِ = مرکب جاری۔ اَللّٰہُ کا مادہ {و ل ہ} ہوتو یہ لفظ اصل میں اَلْوِلَاہُ تھا اور واؤ کو ہمزہ سے بدلنا عربی زبان میں عام رائج ہے۔ جس طرح قَالَ یَقُوْلُ سے اسم الفاعل قَاوِلٌ کی بجائے قَائِلٌ استعمال کیا جاتا ہے۔ اس صورت میں اللہ رب العزت کا یہ اسم گرامی وَلَہَ یَلَہُ [حیران و ششدر ہونا] سے ماخوذ ہوگا۔ یعنی "اَلذَّاتُ الَّتِیْ تَتَحَیَّرُ فِیْھَا الْعُقُوْلُ" ایسی ہستی جس کی قدرتوں اور اس کی کائنات کی وسعتوں میں عقل گم ہوکر رہ جائے اور اس کا احاطہ نہ کرسکے اور اگر اس کا مادہ {ء ل ہ} ہوتو یہ لفظ اَلِہَ یَاْلَہُ سے ماخوذ ہوگا یعنی "اَلذَّاتُ الَّتِیْ تَسْتَحِقُّ الْاُلُوْھِیَّۃَ" ایسی ہستی جو الوہیت کی مستحق ہو۔ واضح رہے الوہیت عبودیت کی ضد ہے اور عبودیت اس جذبے کو کہا جاتا ہے جو ہر بندے کی فطرت کا حصہ ہے یعنی ہر شخص میں یہ جذبہ موجود ہے کہ وہ کسی کو بالاترین ہستی تصور کرتے ہوئے اس کے سامنے جھکے اور عجز و انکساری کا اظہار کرے۔ اسلام میں اس جذبے کا اظہار کسی بھی مخلوق کے سامنے نہیں بلکہ صرف خالق کائنات کے سامنے کرنے کی تلقین کی گئی ہے۔

مِنَ حرف جر ہے۔ [سے]

الشَّیْطٰنِ مِنْ اَلشَّیْطٰنِ کو ملا کر مِنَ الشَّیْطٰنِ پڑھا گیا۔ بعض اہل لغت کے ہاں اس کا مادہ {ش ط ن} ہے جسکا معنی (دور ہونا) ہے یعنی "حق سے یا اللہ کی رحمت سے دور ہونے والا شخص" جب کہ بعض کے نزدیک یہ لفظ شَاطَ یَشِیْطُ {ش ی ط} سے "فَعْلَانٌ" کے وزن پر مبالغ کا صیغہ ہے جس کا معنی (ہانڈی کا جلنا یا کسی کا غصے سے بھڑک اٹھنا) ہے۔ حق کے خلاف حسد کی آگ میں جلنے والے اور اسلام کی نشر و اشاعت اور ترقی سے غصہ کھانے والے کے لئے شیطان کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے خواہ وہ جنوں میں سے ہو یا انسانوں میں سے۔ ایسے لوگ چونکہ اللہ کے خلاف بغاوت اور سرکشی

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

کرنے والے اور گمراہ لوگوں کے زعماء اور سردار ہوتے ہیں، اس لئے سرکش، باغی اور کفر کے سرغنوں کو شیاطین کہا گیا ہے۔ مراد ان کے لیڈران ہیں۔

الرَّجِيْم {ر ج م} رَجَمَ يَرْجُمُ (ن) سے "فَعِيْلٌ" کے وزن پر رَجِيْمٌ استعمال ہوا ہے۔ فَعِيْلٌ کے وزن (Rhythm or Die) پر استعمال ہونے والا اسم عربی زبان میں عموماً مبالغہ یعنی کثرت کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً عَلِيْمٌ کا معنی ہے بہت زیادہ جاننے والا جب کہ عَالِمٌ کا معنی صرف جاننے والا ہے اور بعض اوقات فَعِيْلٌ "مَفْعُوْلٌ" کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً فَعِيْلٌ کے وزن پر استعمال ہونے والا اسم قَتِيْلٌ "مَقْتُوْلٌ" کے معنی میں ہے۔ اسی طرح جَرِيْحٌ بمعنی مَجْرُوْحٌ وغیرہ۔ یہاں بھی الرَّجِيْمُ "اَلْمَرْجُوْمُ کے معنی میں ہے۔ رجم کا معنی ہے سنگسار کرنا، پتھر مارنا۔ چنانچہ اس کا معنی ہوگا "وہ شیطان جسے رجم کرکے یعنی ذلیل و رسوا کرکے اللہ کے دربار سے نکال دیا گیا۔"

تفسیری نکات: شیطان نے اسی دن آدم علیہ السلام اور ان کی اولاد سے انتقام لینے کا فیصلہ کرلیا تھا تاکہ وہ انہیں مسجود ملائکہ کے اعزاز سے محروم کرنے اور یہ ثابت کرنے کی کوشش کرے کہ جس مخلوق کی خاطر اسے اللہ کے دربار سے نکالا گیا ہے، وہ اس اعزاز و منصب کی اہل نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ نے بھی اسے یہ مہلت دے دی۔ انسان اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ کہہ کر اللہ کی پناہ طلب کرتا ہے کہ اگر اللہ اسے دامن پناہ میں نہ لے تو وہ شیطان کے حملوں سے محفوظ نہیں رہ سکتا۔

ترکیب نحوی: "اَعُوْذُ" فعل + فاعل "بِ" حرف جر + "اللّٰهِ" مجرور = مرکب جاری نمبر 1 "مِنْ" حرف جر "اَلشَّيْطٰنِ" موصوف "الرَّجِيْمِ" صفت۔ موصوف + صفت = مجرور = مرکب جاری نمبر 2۔ اَعُوْذُ + مرکب جاری نمبر 1 + مرکب جاری نمبر 2 = جملہ فعلیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ {1}

بِ + اِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
(شروع کرتا ہوں) ساتھ + نام	اللہ تعالیٰ کے	جو بہت رحم کرنے والا	نہایت مہربان ہے
جار + مجرور مضاف	مضاف الیہ، موصوف	صفت اول	صفت ثانی

بامحاورہ ترجمہ: میں اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔

لغوی نکات:

بِسْمِ بِ+اِسْمِ میں اِسْمِ کے ہمزہ کو ساکت (Silent) کرکے بِسْمِ پڑھا گیا۔ مرکب جاری ہے۔ "اِسْمِ" لفظ اللّٰهِ کی طرف مضاف ہے۔ اسی لئے بِالْاِسْمِ اللّٰهِ نہیں کہا گیا۔ کیونکہ مضاف سے پہلے ال استعمال نہیں ہوتا۔ اس (بِسْمِ) سے پہلے اَبْدَأُ (میں شروع کرتا ہوں) محذوف (Dropped) ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

اللهِ لفظ اللہ یہاں اسم کا مضاف الیہ ہے، اسی لئے حالت جر میں ہے۔ آگے اللہ تعالیٰ کی دو صفات آرہی ہیں، اس لئے یہ لفظ مضاف الیہ ہونے کے ساتھ ساتھ موصوف بھی ہے۔

الرَّحْمٰنِ {ر ح م} (س) رَحِمَ یَرْحَمُ سے فَعْلَانِ کے وزن پر مبالغے کا صیغہ ہے۔ لفظ اللہ کی صفت نمبر 1 ہونے کی وجہ سے حالت جر میں ہے۔

الرَّحِیْمِ یہ لفظ بھی (س) رَحِمَ یَرْحَمُ سے فَعِیْلٌ کے وزن پر مبالغے کا صیغہ ہے۔ اس میں کثرت کے ساتھ ساتھ دوام اور استمرار کا معنی بھی ہے۔ یہ لفظ اللہ کی صفت نمبر 2 ہونے کی وجہ سے حالت جر میں ہے۔ اہل لغت یہاں موصوف صفت کی بجائے مبدل منہ اور بدل کی اصطلاحات بھی استعمال کرتے ہیں۔ "الرَّحْمٰن" اور "الرَّحِیْم" کی مزید تشریح آگے آرہی ہے۔

ترکیب نحوی: ب = حرف جر۔ اسم = مجرور + مضاف۔ اللہ = مضاف الیہ + موصوف۔ الرحمن = صفت نمبر 1۔ الرحیم = صفت نمبر 2۔ موصوف اپنی دونوں صفات سے مل کر مضاف الیہ ہوا۔ اسم مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور ہوا جار کا۔ جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا اَبْدَاُ کے اَبْدَاُ فعل اپنے فاعل (انا) اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ {2}

اَلْحَمْدُ	لِ + اللهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِیْنَ
تمام تعریفیں	لئے / واسطے + اللہ کے	پالنے والا	تمام جہانوں کا
مبتدا	(خبر) جار + مجرور موصوف	صفت مضاف	مضاف الیہ جمع اَلْعَالَم

بامحاورہ ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔

لغوی نکات:

اَلْحَمْدُ {ح م د} (س) حَمِدَ یَحْمَدُ سے اسم مبتدا ہے اور اس سے پہلے الف لام پوری جنس کا احاطہ کرنے کے لئے ہے۔ چنانچہ معنی ہوگا ہر وہ جذبہ جس کا تعلق جنس حمد سے ہو۔ حمد اس جذبے کا نام ہے جو کسی نعمت یا احسان کی وجہ سے انسان کے اندر پیدا ہوتا ہے اور یہ جذبہ ہر انسان کی فطرت کا حصہ ہے۔

لِلّٰهِ لِ + اَللهِ یہاں اَللهِ موصوف ہے اور آگے اس کے 4 صفات آرہی ہیں۔ کہا جارہا ہے کہ انسان کے دل میں پیدا ہونے والے جذبۂ تشکر و ممنونیت اور عقیدت و محبت کا استحقاق اللہ تعالیٰ کے لئے ہے۔ یہ ایک دعویٰ ہے جس کی دلیل بھی آگے دی جارہی ہے۔

رَبِّ اس لفظ کا مادہ {ر ب ب} ہے باب (ن) اور اس سے ماضی و مضارع رَبَّ یَرُبُّ استعمال ہوتا ہے جس کا معنی کسی چیز کا تدریجاً پروان چڑھنا اور ارتقائی عمل سے گزرنا ہے ربوبیت اس نظام کو کہا جاتا ہے جس کے تحت کوئی مخلوق عدم سے

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وجود میں آنے کے بعد تدریجاً پروان چڑھنے کے عمل سے گزرتی ہے اور جس کے ہاتھ میں یہ نظام ہے اسی کے لئے یہاں رب کی اصطلاح استعمال کی گئی ہے جو اپنے حقیقی معنوں میں ہے۔

اَلْعٰلَمِیْنَ یہ اَلْعَالَمُ کی جمع ہے جس سے مراد ہر وہ مخلوق ہے جو اللہ تعالیٰ کے وجود اور معرفت کی علامت یعنی دلیل ہو۔ اس میں عالم السَّموات و الارضِ، عالم الانس و الجن، عالم الملائکہ، عالم الحشرات، عالم النبات وغیرہ ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ ان تمام جہانوں کی ربوبیت کا انتظام جس ہستی کے ہاتھ میں ہے وہی تمہاری عقیدتوں اور شکر و ثناء کے جذبات کی مستحق ہے۔ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی اور ہستی نہیں جس کی نظام ربوبیت میں شراکت ہو۔

رَبِّ = مضاف اَلْعَالَمِیْنَ = مضاف الیہ۔ مرکب اضافی۔ یہ اَللّٰہِ کی صفت نمبر 1 ہے۔

اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ {3-4}

اَلرَّحْمٰنِ	اَلرَّحِیْمِ	مٰلِكِ	یَوْمِ	اَلدِّیْنِ
بہت رحم کرنے والا ہے	نہایت مہربان ہے	وہ مالک ہے	دن	قیامت کے
صفت نمبر 1	صفت نمبر 2	صفت نمبر 3 مضاف	مضاف الیہ + مضاف	مضاف الیہ

بامحاورہ ترجمہ: وہ (اللہ) بہت مہربان ہے۔ نہایت رحم کرنے والا ہے۔ وہ بدلے (قیامت) کے دن کا مالک ہے۔

لغوی نکات:

اَلرَّحْمٰنِ اس لفظ کا مادہ {ر ح م} ہے اور یہ فَعْلَانٌ کے وزن (Rhythm) پر ہے جو مبالغے اور کثرت (یعنی بہت زیادہ) کا مفہوم پیدا کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے مثلاً عَطْشَانُ کا معنی ہے بہت زیادہ پیاسا، غَضْبَانُ کا لفظ اس شخص کے لئے استعمال ہوتا ہے جو بہت شدید غصے میں ہو لیکن اس وزن پر استعمال ہونے والے لفظ میں کثرت کے ساتھ ساتھ دوام اور استمرار Continuity کا مفہوم موجود نہیں ہوتا۔ مثلاً قرآن مجید میں ہے "فَرَجَعَ مُوْسٰٓی اِلٰی قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا" اس آیت میں سیّدنا موسیٰ علیہ السلام کے لئے غَضْبَانَ استعمال کیا گیا ہے جس میں شدت غضب کا معنی تو ہے مگر دوام غضب (Continuity of Anger) کا نہیں بلکہ جب سیّدنا موسیٰ علیہ السلام کو حقیقت کا علم ہوا تو ان کا غصہ ختم ہوگیا۔ اس لئے اَلرَّحْمٰن کا معنی ہوگا [بہت زیادہ رحم کرنے والا، جس کی رحمت بے حد و بے حساب اور بے کراں ہے، جس کی رحمت کی کوئی انتہا نہیں] یہ صفت نمبر 2 ہے۔

اَلرَّحِیْمِ یہ لفظ فَعِیْلٌ کے وزن پر ہے اور اس وزن پر استعمال ہونے والے لفظ میں دوام اور تسلسل کا معنی ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ الرحمن کے ساتھ الرحیم کا لفظ بھی استعمال کیا گیا ہے۔ چنانچہ معنی ہوا [جس کی رحمت دائمی ہے۔ وہ کبھی غصے میں آکر ربوبیت کے نظام کو ختم نہیں کرتا اگر وہ ایسا کرے تو کرہ ارضی پر کوئی ذی روح باقی نہ رہے] یہ صفت نمبر 3 ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

مٰلِكِ {م ل ك} (ض) مَلَكَ يَمْلِكُ سے اسم الفاعل ہے۔ لفظ اللہ کی صفت نمبر 4 ہے۔ اسی لئے حالت جر میں ہے۔ "مَلِكٌ" [مالک بننے، اختیار رکھنے اور قابو پانے] کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ مَالِكِ کا معنی ہوگا [ایسی ذات جس کے ہاتھ میں تمام اختیارات ہوں]۔ یہ لفظ آگے کی طرف مضاف ہے۔

يَوْمِ یہ لفظ بیک وقت مضاف بھی ہے اور مضاف الیہ بھی۔ مضاف ہونے کی وجہ سے اس کے شروع میں الف لام نہیں ہے اور مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے حالت جر میں ہے۔ [دن]

الدِّيْنِ اس لفظ کا مادہ {د ی ن} (ض) دَانَ يَدِيْنُ سے مصدر "دِيْنٌ" دو معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

① کسی کے ساتھ معاملہ یا سلوک کرنا یا بدلہ دینا، کہا جاتا ہے کَمَا تَدِيْنُ تُدَانُ یعنی جس طرح کا سلوک تم کرو گے اسی طرح کا سلوک تمہارے ساتھ کیا جائے گا۔ قرآن مجید میں ہے "أَئِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ" یعنی کفار تعجب کا اظہار کرتے ہوئے کہتے تھے کیا مرنے کے بعد ہمیں اپنے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا۔

② عبادت و اطاعت کرنا۔ قرآن مجید میں ہے "فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ" تو تم اسے پکارو اس کے لئے عبادت و اطاعت کو خالص کرتے ہوئے یعنی بغیر کسی شراکت کے"۔

اللہ تعالیٰ کی عبادت و اطاعت کیسے کرنی ہے، اس کے لئے اس نے جو اصول وضوابط اور طریقے نازل فرمائے ہیں ان کے مجموعہ کا نام بھی دین ہے۔ اس آیت میں دین کا لفظ پہلے معنی میں ہے۔ چنانچہ ترجمہ ہوگا "بدلے یعنی جزاء وسزا کے دن کا مالک"

[مَالِكِ = مضاف، يَوْمِ = مضاف الیہ + مضاف، الدِّيْنِ = مضاف الیہ] یہ پورا مرکب اضافی صفت نمبر 4 ہے۔

تفسیری نکات: اللہ کی صفات کا تذکرہ ہو رہا ہے، پہلی صفت کہ وہ تمام جہانوں کا رب ہے اور صفت نمبر 2 کہ وہ بہت مہربان ہے اور صفت نمبر 3 کہ وہ نہایت رحم کرنے والا ہے اور صفت نمبر 4 کہ وہ قیامت کے دن کا مالک ہے، اس دن ہر شخص کو اس کے اعمال کے مطابق بدلہ دیا جائے گا۔

إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ إِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ {5}

نَسْتَعِيْنُ	إِيَّا + كَ	وَ	نَعْبُدُ	إِيَّا + كَ
ہم مدد مانگتے ہیں	خاص + تجھ سے	اور	ہم عبادت کرتے ہیں	خاص + تیری
فعل مضارع + فاعل (استفعال)	ضمیر منفصل مفعول بہ مقدم	عاطفہ	فعل مضارع، فاعل	ضمیر منفصل مفعول بہ مقدم

بامحاورہ ترجمہ: (اے اللہ) خاص تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں اور خاص تجھ سے ہی ہم مدد مانگتے ہیں۔

لغوی نکات:

إِيَّاكَ ضمیر اصل میں ك ہی ہے، إِيَّا کا اضافہ / اس وقت کیا جاتا ہے جب اسے الگ سے یعنی منفصل (Separate) استعمال

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

کرنا ہو۔ قرآن مجید میں ہے "نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَإِيَّاهُمْ" اس آیت میں "کُمْ" ضمیر متصل ہے اور "هُمْ" کو بطور ضمیر منفصل کے لایا گیا ہے۔ اِیَّا کے ساتھ استعمال ہونے والی ضمیر ہمیشہ فعل کے ساتھ لیکن منفصل (Separate) آتی ہے اور فعل کے ساتھ استعمال ہونے والی ضمیر ہمیشہ مفعول بن کر استعمال ہوتی ہے اور مفعول چونکہ منصوب ہوتا ہے، اس لئے اِیَّاہُ، اِیَّاکَ، اِیَّاکُمْ وغیرہ کو ضمائر منصوبہ منفصلہ کہا جاتا ہے۔ "ہی" کا معنی "اِیَّا" کی وجہ سے نہیں بلکہ اس ضمیر کو فعل "نَعْبُدُ" سے پہلے لانے کی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔ کیونکہ جب مفعول کو فعل سے پہلے لایا جائے تو حصر یعنی "ہی" کا مفہوم پیدا ہوجاتا ہے۔

نَعْبُدُ یہ اصل میں نَعْبُدُكَ تھا اس لفظ کا مادہ (Root){ع ب د} ہے۔ اس سے فعل استعمال ہوتا ہے عَبَدَ یَعْبُدُ (ن) جس کا لفظی معنی ہے کسی راستے کو ہموار کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَبَّدْتُ الطَّرِيْقَ" یعنی میں نے راستے کو ہموار کیا۔ "طَرِيْقٌ مُعَبَّدٌ" اس راستے کو کہا جاتا ہے جس پر چل کر اسے دبا دیا گیا ہو اور اسے ہموار کر دیا گیا ہو۔ یہاں سے یہ لفظ "دب جانے، جھک جانے اور عجز و انکساری کا اظہار کرنے" کے معنی میں استعمال ہونے لگا۔ چنانچہ عبودیت اس جذبے کو کہا جاتا ہے جو ہر انسان کی فطرت کا حصہ ہے اور اس کے باطن میں موجود ہے کہ وہ کسی ہستی کو مافوق الفطرت اور کائنات کی بالاترین ہستی سمجھتے ہوئے اس کے سامنے خشوع و خضوع اور عجز و انکساری کا اظہار کرنا چاہتا ہے اور یہ جذبہ ہر انسان میں موجود ہے۔ قرآن یہ چاہتا ہے کہ عبودیت و بندگی کے اس جذبے کا اظہار کسی مخلوق کے سامنے نہیں بلکہ خالق کائنات کے سامنے کیا جائے اور یہاں اللہ کی طرف سے اپنے بندوں سے یہی اقرار کرایا جارہا ہے کہ ان کا جھکنا اور دبنا صرف اللہ ہی کے سامنے ہے یعنی ان کی جبین نیاز جھکے تو صرف اس کے آگے۔

وَ یہ حرف عطف ہے۔ یہ حرف ظاہر کرتا ہے کہ بات ابھی مکمل نہیں ہوئی بلکہ چل رہی ہے۔ یہ حرف عموماً اگلی عبارت کا پچھلی عبارت کے ساتھ تعلق ظاہر کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اگلی عبارت کو معطوف اور پچھلی عبارت کو معطوف علیہ کہا جاتا ہے۔ چنانچہ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ معطوف اور اِیَّاکَ نَعْبُدُ معطوف علیہ ہے۔ "وَ" بعض اوقات قسم اور حال کے لئے بھی استعمال ہوتی ہے۔ اس کا ذکر آگے آئے گا۔ ان شاء اللہ

اِیَّاکَ اس کا ذکر اوپر گزر چکا ہے۔

نَسْتَعِیْنُ اس لفظ کا مادہ {ع و ن} ہے۔ اس سے ایک لفظ بنتا ہے عَوْنٌ جس کا معنی ہے "مدد"۔ حدیث میں ہے "اِنَّ اللهَ فِيْ عَوْنِ الْعَبْدِ مَاكَانَ الْعَبْدُ فِيْ عَوْنِ اَخِيْهِ" "بے شک اللہ بندے کی مدد میں ہوتا ہے جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد میں رہتا ہے"، یعنی اگر کوئی شخص اپنے بھائی کی مدد میں مصروف رہے تو اللہ اس کی مدد کر کے اس کے کام سنوارتا رہتا ہے۔ یہاں عون "مدد" کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ اس مادے (Root Word) سے عربی زبان میں تین ابواب یعنی ماضی اور مضارع کے مندرجہ ذیل تین Groups استعمال ہوتے ہیں:

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

① اَعَانَ یُعِیْنُ اِعَانَۃٌ (افعال) [مدد کرنا، اعانت کرنا] اصل میں اَعْوَنَ یُعْوِنُ تھا۔

② تَعَاوَنَ یَتَعَاوَنُ تَعَاوُنٌ (تفاعل) [ایک دوسرے کی مدد کرنا، تعاون کرنا] یہاں ''ایک دوسرے'' کا معنی باب تفاعل کی وجہ سے پیدا ہوا ہے کیونکہ اس باب کی خاصیت ''مشارکت'' ہے۔

③ اِسْتَعَانَ یَسْتَعِیْنُ اِسْتِعَانَۃٌ (استفعال) [مدد طلب کرنا، استعانت کرنا] یہ اصل میں اِسْتَعْوَنَ یَسْتَعْوِنُ تھا، تعلیل کے بعد اِسْتَعَانَ یَسْتَعِیْنُ ہوگیا۔ طلب کرنے کا مفہوم باب استفعال کی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔ کیونکہ اس باب کی خاصیت ہے کہ اس میں طلب کرنے کا معنی پیدا ہوجاتا ہے۔

تفسیری نکات: اس آیت میں بندہ اعتراف کرتا ہے کہ اے اللہ ہم خاص تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور خاص تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ کسی اور کی عبادت اور اس سے استعانت ترک ہے، تو ہر قسم کی عبادت اللہ ہی کے لئے ہونی چاہئے اور اسی طرح ہر طرح کی استعانت اسی سے ہونی چاہئے۔ پریشانی کے وقت انسان چاہتا ہے کہ وہ کسی ہستی کو مافوق الفطرت اور مافوق الاسباب سمجھتے ہوئے اس کے سامنے اپنی پریشانی پیش کرے اور اسے دور کرنے کے لئے اس سے مدد طلب کرے۔ اس آیت میں بندوں کو سکھایا جارہا ہے کہ وہ اللہ کے علاوہ کسی اور ہستی کے سامنے دست سوال دراز نہ کریں۔

اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ {6}

اِھْدِ + نَا	الصِّرَاطَ	الْمُسْتَقِیْمَ
ہدایت دے تو + ہم کو	راستے	سیدھے کی
فعل امر + مفعول	مفعول / موصوف	صفت

بامحاورہ ترجمہ: (اے اللہ) تو ہمیں سیدھے راستے کی ہدایت دے۔

لغوی نکات:

اِھْدِ: اس کا مادہ {ہ د ی} ہے۔ اس سے ماضی مضارع (ض) ھَدٰی یَھْدِی استعمال ہوتا ہے۔ قرآن مجید میں یہ دو معنوں میں استعمال ہوا ہے۔

① راستہ دکھانا، ② راستہ دکھاتے ہوئے منزل مقصود تک پہنچانا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اِنَّکَ لَتَھْدِیْ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ''بلاشک و شبہ آپ سیدھے راستے کی طرف ہدایت دیتے ہیں'' لیکن ایک اور آیت میں اس کی نفی کی گئی ہے۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے اِنَّکَ لَا تَھْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ ''بے شک آپ جسے چاہیں ہدایت نہیں دے سکتے لیکن اللہ جسے چاہے ہدایت دے دیتا ہے'' واضح رہے پہلی آیت میں ہدایت راستہ دکھانے کے معنی میں ہے اور دوسری آیت میں

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

راستہ دکھاتے ہوئے منزل مقصود تک پہنچانے کے معنی میں ہے۔ سورۃ فاتحہ کی اس آیت میں ہدایت کا لفظ دونوں معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ چنانچہ پورا معنی ہوگا (تو سیدھا راستہ دکھا بھی اور اس راستے پر چلاتے ہوئے منزل مقصود تک پہنچا بھی) اِهْدِ فعل امر ہے اور یوں بنا ہے: يَهْدِیْ = هْدِ = اِهْدِ (فعل + فاعل)

نَا یہ ضمیر یہاں مفعول بن کر استعمال ہورہی ہے، اس لئے ضمیر منصوب متصل کہلائے گی۔

الصِّرَاطَ الصِّراط کسی متعین راستے کو کہا جاتا ہے جب کہ سبیل کا لفظ عام ہے۔ یہ لفظ "اِهْدِ" کا مفعول نمبر 2 ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے۔ چونکہ آگے اس کی صفت بھی آرہی ہے، اس لئے یہ موصوف بھی ہے۔

الْمُسْتَقِيْمَ الصراط کی صفت ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے۔ خط مستقیم بالکل سیدھے خط کو کہا جاتا ہے۔ الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ سے مراد وہ راستہ ہے جس میں کوئی کجی نہ ہو، سیدھا منزل مقصود تک پہنچانے والا ہو۔

اِهْدِ = فعل + فاعل، نَا = مفعول نمبر 1، الصِّرَاطَ = موصوف، مفعول نمبر 2، الْمُسْتَقِيْمَ = صفت

تفسیری نکات: اس آیت میں بندہ اپنے رب سے یہ دعا مانگ رہا ہے کہ ہم کو سیدھے راستے پر چلا۔ سیدھے راستے سے مراد [انعام یافتہ لوگ (انبیاء، صدیقین، شہداء) وغیرھم کا راستہ ہے...... ہدایت کے دو معنی ہیں، راستہ دکھانا، منزل مقصود پر چلانا] یہاں دو معنی ہی مراد ہیں۔

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ

صِرَاطَ	الَّذِيْنَ	اَنْعَمْتَ	عَلٰى + هِمْ
راستہ	ان لوگوں کا جو	تو نے انعام کیا	اوپر + اُن کے
بدل	اسم موصول جمع	فعل ماضی واحد مذکر مخاطب	جار + مجرور

بامحاورہ ترجمہ: راستہ ان لوگوں کا جن پر تو نے انعام کیا

لغوی نکات:

صِرَاطَ حالت نصب میں ہے کیونکہ یہ "الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ" کی وضاحت ہے۔ اس عربی گرامر کی اصطلاح میں بدل بھی کہا جاتا ہے۔

الَّذِيْنَ اسم موصول، جمع مذکر، اَلَّذِیْ کی جمع ہے اور چونکہ اسم موصول مبنی کی قسم ہے اس لئے یہ لفظ اسی طرح استعمال ہوتا ہے، اَلَّذُوْنَ استعمال نہیں ہوتا اور اس کا کوئی معنی بھی نہیں ہے۔

اَنْعَمْتَ {ن ع م} (افعال) اَنْعَمَ يُنْعِمُ سے فعل ماضی واحد مذکر مخاطب، اس کے آخر میں "تَ" أَنْتَ سے ماخوذ ہے۔ اس مادے سے ایک لفظ نَاعِمٌ تروتازہ اور نرم و نازک کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ قرآن مجید میں ہے وُجُوْهٌ يَّوْمَىِٕذٍ نَّاعِمَةٌ یعنی کچھ چہرے اس دن تروتازہ اور ہشاش بشاش ہوں گے۔ نِعْمَةٌ سے مراد تروتازگی اور راحت و سکون ہے۔ اَنْعَمَ يُنْعِمُ کا مطلب ہوگا [کسی کو راحت و سکون اور عیش و آرام سے نوازنا]

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

عَلَیْهِمْ عَلَیٰ + هِمْ، اصل میں هُمْ تھا، ثقل دُور کرنے کے لئے هُمْ کی بجائے هِمْ پڑھا گیا، یہ مرکب جاری ہے۔ [اوپر ان کے] صِرَاط = مضاف، اَلَّذِیْنَ = اسم موصول، اَنْعَمْتَ = فعل + فاعل، عَلَی = حرف جر، صلہ = مضاف الیہ، بدل یعنی صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ کی وضاحت ہے جب کہ هِمْ مجرور، اَلصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ کو مبدل منہ کہا جائے گا۔

غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ {7} ع

غَیْرِ	الْمَغْضُوْبِ	عَلَیٰ + هِمْ	وَ	لَا	الضَّآلِّیْنَ
نہ	جن پر غضب کیا گیا	اوپر + اُن کے	اور	نہ	گمراہوں کا
بدل الَّذِیْنَ سے مجرور مضاف	مضاف الیہ، اسم مفعول	جار + مجرور	عاطفہ	نافیہ	عطف علی المغضوب اسم فاعل جمع مذکر

بامحاورہ ترجمہ: نہ ان کا راستہ جن پر (تیرا) غضب نازل ہوا اور نہ (ان کا) جو گمراہ ہوئے۔

لغوی نکات:

غَیْرِ "عَلَیْهِمْ" میں "هِمْ" سے مراد جو ہستیاں ہیں "غَیْرِ" سے ان کی مزید وضاحت ہو رہی ہے۔ اسی لئے غَیْرِ کا لفظ حالت جر میں ہے۔ اس صورت میں ترجمہ ہوگا "جن پر اے اللہ تو نے انعام کیا ہے وہ ان لوگوں کے علاوہ ہیں جن پر غضب نازل کیا گیا" بعض اہل لغت کے نزدیک اس سے پہلے صِرَاط کا لفظ محذوف ہے چنانچہ پوری عبارت یوں ہوگی "صِرَاطَ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ" اس صورت میں غَیْرِ کا لفظ صِرَاط کا مضاف الیہ اور اگلی عبارت کا مضاف ہوگا۔ اس صورت میں معنی ہوگا "سیدھا راستہ۔ ان لوگوں کے راستے کے علاوہ ہے جن پر غضب کیا گیا"

الْمَغْضُوْبِ {غ ض ب} (س) غَضِبَ یَغْضَبُ سے اسم المفعول ہے، غَیْرِ کا مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے حالت جر ہے۔

عَلَیْهِمْ عَلَیٰ + هِمْ = مرکب جاری، اس طبقے سے مراد انبیاء کرام علیہم السلام کے مخالفین کا وہ طبقہ ہے جس نے انبیائے کرام کی دعوت کو سرے سے مسترد کر دیا اور وہ ان کی دعوت کے خلاف صف آرا ہوئے۔

وَ حرف عطف ہے۔

لَا حرف نفی۔

الضَّآلِّیْنَ {ض ل ل} (ض) ضَلَّ یَضِلُّ سے اسم الفاعل ضَالٌّ اور اس کی جمع ضَالُّوْن استعمال ہوتی ہے۔ چونکہ اصل عبارت یوں ہے "وَلَا صِرَاطَ الضَّالِّیْنَ" اس لئے "الضَّالِّیْنَ" مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے حالت جر میں ہے۔ یا الضَّالِّیْنَ کا عطف غَیْرِ پر ہے اور غَیْرِ پر زیر اَلَّذِیْنَ سے بدل ہے پھر مضاف تقدیر کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ ضَلَّ یَضِلُّ کا معنی ہے "سیدھے راستے سے ہٹ کر کج راہیوں پر جا نکلنا" اس طبقے سے مراد وہ طبقہ ہے جو انبیائے کرام کا مخالف اور ان کے خلاف محاذ آرائی اختیار کرنے والا تو نہیں لیکن ان کی لائی ہوئی شریعت کو مسخ کر کے صراط مستقیم سے ہٹ کر اپنی الگ

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

راہیں نکالنے والا ہے۔ انبیائے کرام کو انہی دو طبقوں سے واسطہ پڑا۔ کھلم کھلا مخالفین سے یا ان کی شریعت کو مسخ کرنے والے نام نہاد معتقدین سے۔

غَیْرِ مضاف، الْمَغْضُوبِ مضاف الیہ، عَلَیْهِمْ مرکب جاری، وَحرف عطف، لَا۔ حرف نفی، الضَّالِّیْنَ صِرَاطَ (محذوف) کا مضاف الیہ

تفسیری نکات: جن پر اللہ کا غضب نازل ہوا اس سے مراد یہودی ہیں۔ یہ حق کو پہچاننے کے باوجود اس کی مخالفت کرتے رہے اللہ کی شریعت کا مذاق اڑاتے رہے۔ دوسرا فرقہ نصاریٰ کا ہے جو گمراہ ہیں۔ انبیاء کے خلاف محاذ آرائی تو نہ کی البتہ صحیح شریعت کو مسخ کرکے الگ راہ بنالی جس میں جہالت زیادہ تھی۔ انبیاء کا مقابلہ انہی دو گروہوں سے ہوا۔

الٓمّٓ ۚ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛۚ

الٓمّٓ	ذٰلِكَ	الْكِتٰبُ	لَا	رَيْبَ
اللہ اس کے معنی کو جانتا ہے	وہ	کتاب (قرآن)	نہیں	شک
حروف مقطعات	اسم اشارہ مبتدا	مشار الیہ	نفی جنس خبر	لا کا اسم

فِيْهِ ۛۚ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ {2-1}

فِی + ہٖ	هُدًى	لِ + الْمُتَّقِيْنَ
میں + اِس	ہدایت ہے	واسطے + پرہیز گاروں کے
جار + مجرور لَا کی خبر	حال مِنْ ضمیر ۔ہ۔ فِيْهِ	جار + مجرور، اسم فاعل جمع مذکر

بامحاورہ ترجمہ: اس کتاب میں کوئی شک نہیں ہے۔ متقی لوگوں کے لئے ہدایت ہے۔

لغوی نکات:

الٓمّٓ حروف مقطعات سے ہیں۔ تفصیلی ذکر آگے آرہا ہے۔ قطع کا معنی کاٹنا ہے۔ انہیں حروف مقطعات اس لئے کہا جاتا ہے کہ ان حروف کو کاٹ کر یعنی الگ الگ کرکے (With brake up) پڑھا جاتا ہے۔ الٓمّٓ کی بجائے الف لام میم۔

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ ذٰلِكَ اشارہ بعید ہے۔ هٰذَا الْكِتَابُ کی بجائے ذٰلِكَ الْكِتَابُ استعمال کیا گیا ہے مفہوم ہوگا "وہ کتاب جو لوح محفوظ میں ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قلب اطہر پر اس کا نزول ہورہا ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے"۔ بعض مفسرین کے نزدیک "ذٰلِكَ" تعظیم کے لئے استعمال کیا گیا ہے۔ بعض کے نزدیک اس کا مفہوم ہے کہ "وہ کتاب جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف نازل ہوچکی ہے، ہورہی ہے یا مستقبل میں نازل ہونے والی ہے۔ "ذٰلِكَ" کا اشارہ سورۃ

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

فاتحہ کی طرف بھی ہوسکتا ہے کیونکہ سورہ فاتحہ ''اُمُّ الْکِتَاب'' یعنی پوری کتاب کا خلاصہ ہے۔ چنانچہ معنی ہوگا ''ذٰلِکَ الْکِتَابُ الْمَذْکُوْرُ اَیْ مُلَخَّصُہٗ لَا رَیْبَ فِیْہِ'' ذٰلِکَ الْکِتَابُ اشارہ + مشار الیہ = مبتدا

لَا رَیْبَ فِیْہِ ''لَا رَیْبَ'' میں ''لَا'' نفی جنس کے لئے ہے اور ''رَیْبَ'' اس کا اسم ہے۔ اسی وجہ سے حالت نصب میں ہے۔ معنی ہوگا ''اس کتاب کے اللہ کی طرف سے نازل کردہ ہونے میں شک و شبہ یا تردد کی ادنیٰ سی بھی گنجائش نہیں'' یہ اس لئے کہا گیا کہ اس سے قبل حروف مقطعات کے ذریعے عربوں کو وہ چیلنج یاد دلایا گیا ہے جو قرآن مجید نے اس جیسی کتاب یا سورت لانے کے متعلق بار ہا دیا اور وہ اس کے سامنے عاجز و بے بس ہوگئے۔ گویا پہلے دلیل ذکر کی گئی اور پھر دعویٰ۔ قرآن مجید نے پوری عرب دنیا کو مخاطب کرکے کہا ہے کہ یہ کتاب بھی انہیں 29 حروف سے مل کر بنی ہے جن سے تم شعر و ادب کے مجموعے ترتیب دیتے ہو۔ اگر ہمت ہے تو اس جیسی کتاب پیش کرو ورنہ اعتراف کرو کہ ''لَا رَیْبَ فِیْہِ'' یعنی اس کتاب کے مُنَزَّلٌ مِنَ اللہ ہونے میں کوئی شک نہیں۔ حروف مقطعات کو بعض سورتوں کے شروع میں لانے کی یہی حکمت معلوم ہوتی ہے کیونکہ تقریباً وہ تمام سورتیں جن کا آغاز حروف مقطعات سے کیا گیا ہے ان سورتوں میں حروف مقطعات کے فوراً بعد قرآن مجید کا ذکر ہے۔ مثلاً قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ / یٰسٓ ○ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ / طٰہٰ ○ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓی وغیرہ۔ اس ضمن میں اہم ترین بات یہ ہے کہ عربی زبان میں حروف تہجی (Alphabets) کی تعداد بھی 29 ہے اور حروف مقطعات سے شروع ہونے والی سورتوں کی تعداد بھی 29 ہے۔ ''لَا رَیْبَ فِیْہِ'' یہ جملہ ''ذٰلِکَ الْکِتَابُ'' کی خبر ہے۔

هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ هُدًى کا مادہ {ہ د ی} ہے جو دو معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ ① راہ دکھانا، ② منزل مقصود تک پہنچانا۔ یہاں دونوں معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ پہلی صورت میں مفہوم ہوگا کہ اس کتاب سے وہی لوگ ہدایت و رہنمائی حاصل کرسکتے ہیں جن میں تقویٰ کی صفت موجود ہوگی اور دوسری صورت میں مفہوم ہوگا کہ یہ کتاب اصحاب تقویٰ کو صراط مستقیم پہ چلاتے ہوئے منزل مقصود تک پہنچانے والی ہے۔ تقویٰ کیا ہے؟ اس کا ذکر آگے آرہا ہے۔ بعض جگہ قرآن مجید کو ''هُدًى لِّلنَّاسِ'' کہا گیا ہے۔ وہاں صرف ''راہ دکھانے'' کے معنی میں ہے۔

لِلْمُتَّقِيْنَ مرکب جاری ہے۔ اَلْمُتَّقِيْنَ کا مادہ {و ق ی} ہے۔ اِتَّقٰی یَتَّقِیْ سے اسم الفاعل ہے۔ {و ق ی} عربی لغت میں دو معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ ① ڈرنا، ② بچنا۔

قرآن مجید میں بھی یہ لفظ دونوں معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ تقویٰ کی اصطلاح بھی اس سے ماخوذ ہے، اس کا معنی ہے ایسا ڈر جس میں بچاؤ بھی ہو۔ اس کی سادہ سی تمثیل یوں دی جاسکتی ہے کہ انسان سامنے سے آتے ہوئے تیر کو دیکھ کر ڈرتا بھی ہے اور اپنے آپ کو بچانے کی بھی کوشش کرتا ہے۔ چنانچہ تقویٰ کا مفہوم ہوگا ''اللہ کے قہر و عذاب سے ڈرتے ہوئے اس کی معصیت اور گناہوں سے بچنا'' تقویٰ کی صفت و صلاحیت اللہ تعالیٰ نے انسان کی فطرت بنا کر اس کے

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

اندر ودیعت کردی ہے۔ "فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا" میں اسی کی وضاحت کی گئی ہے۔

گزشتہ لغوی بحث کی روشنی میں هُدًى لِلْمُتَّقِينَ کا پورا مفہوم یوں ہوگا کہ یہ کتاب ان لوگوں کو سیدھی راہ دکھانے والی یا راہ ہدایت پر گامزن کر کے منزل مقصود تک پہنچانے والی ہے جن کی فطرت مسخ نہیں ہوئی بلکہ ان میں اس کتاب سے روشنی حاصل کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ جس طرح آفتاب کی کرنوں اور ضیا پاشیوں سے روشنی وہی حاصل کر سکتا ہے جس میں قوت بصارت موجود ہے۔ آنکھیں بند کر کے آفتاب سے روشنی حاصل نہیں کی جاسکتی بعینہ قرآن مجید ایک "نور" ہے اور دل کی آنکھ کھولے بغیر اس سے ہدایت کی روشنی حاصل نہیں کی جاسکتی۔

"هُدًى لِلْمُتَّقِينَ"، "ذٰلِكَ الْكِتَابُ" کی دوسری خبر ہے۔ بعض مفسرین کے نزدیک اس سے پہلے "هُوَ" محذوف ہے جو مبتدا ہے اور یہ اس کی خبر ہے۔

تفسیری نکات: **الم:** یہ حروف مقطعات سے ہے، ان کا کوئی متعین معنی نہیں ہے۔ عرب کے فصحاء و بلغاء کو بہت بڑا چیلنج کیا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ یہ کتاب رب العالمین کی طرف سے ہے۔ جو بواسطہ جبرئیل (علیہ السلام) محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کیا گیا۔ تیسری بات یہ ہے کہ یہ کتاب پرہیز گاروں کے لئے ہدایت ہے، ہدایت دینے والی ہے، یعنی اس میں ان کے لئے مزید ہدایت کا بندوبست کیا گیا ہے۔

اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ

اَلَّذِيْنَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِ + الْغَيْبِ	وَ	يُقِيْمُوْنَ	الصَّلٰوةَ
وہ لوگ جو	ایمان لائے ہیں	ساتھ + غیب کے	اور	وہ قائم کرتے ہیں	نماز کو
اسم موصول جمع مذکر	فعل مضارع معلوم + فاعل (افعال)	جار + مجرور	عاطفہ	فعل مضارع جمع مذکر غائب	مفعول

وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿3﴾

وَ	مِنْ + مَا	رَزَقْنَا + هُمْ	يُنْفِقُوْنَ
اور	سے + جو	رزق دیا ہم نے + ان کو	وہ خرچ کرتے ہیں
عاطفہ	جار + موصولہ	فعل مضارع جمع متکلم + مفعول	فعل مضارع جمع مذکر غائب

بامحاورہ ترجمہ: جو امور غیبیہ کی تصدیق کرتے اور نماز قائم کرتے ہیں اور جو کچھ بھی ہم نے انہیں عطا کیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔

لغوی نکات:

اَلَّذِيْنَ اسم موصول ہے۔ تفصیلی ذکر سورۃ الفاتحہ میں گزر چکا ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

يُؤْمِنُوْنَ {ء م ن} (افعال) اٰمَنَ يُؤْمِنُ سے فعل مضارع، جمع مذکر غائب (خود کو کسی کی امان میں دینا) ایک مومن چونکہ خود کو اللہ رب العزت کے سپرد کر کے اپنے آپ کو گویا اس کی امان میں دے دیتا ہے، اس لئے اسے مومن کہا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کسی بندے کو اپنی حفظ و امان میں اس وقت تک نہیں لیتا جب تک وہ اس کی تصدیق نہ کرے۔ یہاں سے لفظ میں وسعت پیدا ہوئی اور اس کا معنی تصدیق کرنا ہو گیا۔

بِالْغَيْبِ بِ + الْغَيْبِ مرکب جاری ہے۔ اس کا مادہ {غ ی ب} باب ض سے مصدر ہے اور اس کا معنی ہے (نظروں سے اوجھل ہونا) اور جو چیز بندے کی نگاہوں سے اوجھل ہو اس کی تصدیق کرنا ایمان بالغیب کہلاتا ہے۔

يُقِيْمُوْنَ {ق و م} (افعال) اَقَامَ يُقِيْمُ اِقَامَةٌ سے فعل مضارع، جمع مذکر غائب "قَامَ يَقُوْمُ" فعل لازم ہے اور اس کا معنی (سیدھا کھڑا ہونا) ہے۔ {ق و م} جب باب افعال سے استعمال ہو گا تو متعدی ہونے کی وجہ سے اس کا معنی ہو گا (سیدھا کھڑا کرنا) جس طرح گرے ہوئے پرچم کو اٹھا کر کھڑا کرنے سے مراد اسے بلند کرنا اور بالادستی دینا ہے اس طرح جب شعائر اللہ کو پامال کیا جا رہا ہو اور ان کی بے حرمتی کی جا رہی ہو تو انہیں سیدھا کھڑا کرنے سے مراد انہیں بلندی اور عزت و احترام کا مقام دینا ہے۔ چنانچہ اقامت صلوٰۃ سے مراد اسے صحیح طریقے سے ادا کرنا، اس کا نظام قائم کر کے معاشرے میں اسے احترام کا مقام دینا اور اپنی مصروفیات میں اسے ترجیحی حیثیت (Priority) دینا ہے۔ اسی طرح "اِقَامَةُ الدِّيْنِ" میں اقامت دین سے مراد ہے کہ اسے سربلند کیا جائے اور اس کی بالادستی قائم کی جائے۔

الصَّلٰوةَ مفعول ہے اس لئے حالت نصب میں ہے اسکا مادہ {ص ل و} ہے اور اسکا لغوی معنی (دعا کرنا) ہے۔ نماز کی اصل چونکہ دعا ہی ہے اور اسکا کثیر حصہ دعا پر ہی مشتمل ہوتا ہے اس لئے اسے "صلوٰۃ" کہا جاتا ہے "صَلّٰى يُصَلِّيْ" کے بعد "عَلٰى" کا استعمال ہو تو اسکا معنی کسی کیلئے رحمت اور خیر و فضل کی دعا کرنا ہے۔ اگر اسکی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو تو معنی ہو گا "بندے پر خیر و رحمت نازل کرنا"۔ شرعی اصطلاح میں اسکا مفہوم حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں متعین کیا جائیگا۔

وَ حرف عطف

مِمَّا مِنْ + مَا۔ مِنْ حرف جر ہے اور مَا موصولہ ہے۔

رَزَقْنٰهُمْ رَزَقْنَا + هُمْ {ر ز ق} (ن) رَزَقَ يَرْزُقُ سے فعل ماضی۔ جمع متکلم (عطا کرنا) اس کا لغوی معنی کوئی بھی چیز عطا کرنا ہے اور بعض اوقات صرف مال و دولت عطا کرنے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

يُنْفِقُوْنَ {ن ف ق} (افعال) اَنْفَقَ يُنْفِقُ اِنْفَاقٌ سے فعل مضارع جمع مذکر غائب (خرچ کرنا) نَفَقٌ کا معنی سوراخ ہے۔ قرآن مجید کی آیت اِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْاَرْضِ میں بھی نَفَقًا سے مراد سوراخ یا سرنگ ہے۔ چنانچہ انفاق سے مراد سوراخ کرنا ہے۔ جسطرح سوراخ سے کوئی چیز نکلتی ہے اسطرح مال و دولت وغیرہ سے کچھ نکالنا انفاق کہلاتا ہے۔ اس آیت میں مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ کو يُنْفِقُوْنَ سے پہلے ذکر کیا گیا ہے حالانکہ اصل عبارت یوں ہے وَيُنْفِقُوْنَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یہاں

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

تقدیم سے مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ کو نمایاں کرنا اور اس پر Stress کرنا مقصود ہے۔ معنی یوں ہوگا ''وہ اسی میں سے تو خرچ کرتے ہیں جو ہم نے انہیں دیا ہے'' اور اسطرح اللہ تعالیٰ کی طرف سے باور کرایا گیا ہے کہ کتنے لوگ ہیں جنہیں ہم نے رزق کی فراوانی سے محروم کررکھا ہے اور اگرہم نے ان پر اپنی رحمت کے خزانوں کو کھول دیا ہے تو وہ اظہار تشکر کا عملی ثبوت دیتے ہوئے بخل سے کام نہ لیں اور ہماری طرف سے عطا کردہ نعمتوں کو اللہ کی راہ میں خرچ کریں۔

''مِمَّا'' مِنْ + مَا میں ''مَا'' عموم کیلئے ہے۔ چنانچہ اس میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ ہر خیر ونعمت شامل ہے۔

تفسیری نکات: اس آیت میں دوچیزوں کا حکم دیا گیا ہے اور مومن کی یہ اہم ترین صفات ہیں۔ ① اِقامت صلاۃ کہ نماز کو اس کے اوّل اوقات، شرائط ارکان، واجبات کو صحیح طریقے سے پڑھا جائے ② اور اللہ کے راستے میں خرچ کرنے کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے۔ انفاق درمیانہ طبقے پر ہو۔

وَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَ مَآ

وَ	الَّذِيْنَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِ	مَا	اُنْزِلَ	اِلَیٰ	كَ	وَ	مَآ
اور	جو	ایمان لاتے ہیں، تصدیق کرتے ہیں	ساتھ	جو	اتارا گیا	طرف	آپ کی	اور	جو
حرف عطف	اسم موصول	فعل مضارع	حرف جر	موصولہ	ماضی مجہول	حرف جر	ضمیر مجرور	حرف عطف	موصولہ

اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۗ {4}

اُنْزِلَ	مِنْ	قَبْلِ	كَ	وَ	بِ	الْاٰخِرَةِ	هُمْ	يُوْقِنُوْنَ
اتارا گیا	سے	پہلے	آپ کے	اور	ساتھ	آخرت کے	وہ	یقین رکھتے ہیں
ماضی مجہول	حرف جر	مجرور مضاف	مضاف الیہ	حرف عطف	حرف جر	مجرور	ضمیر	فعل مضارع

بامحاورہ ترجمہ: اور وہ جو اس وحی کی تصدیق کرتے ہیں جو آپ پر نازل کی گئی اور جو آپ سے پہلے نازل کی گئی اور یہی لوگ ہیں جو آخرت (کے وجود) پر یقین رکھتے ہیں۔

لغوی نکات:

اُنْزِلَ — {ن ز ل} (اِفعال) اَنْزَلَ يُنْزِلُ سے ماضی مجہول واحد مذکر غائب (نازل کرنا۔ اتارنا)۔

الْاٰخِرَةِ — اَلْاٰخِرُ کی مونث ہے جو کہ اَلْاَوَّلُ کی ضد ہے۔ مراد ہے۔ بِالدَّارِ الْاٰخِرَةِ یعنی آخری گھر۔

يُوْقِنُوْنَ — {ی ق ن} (اِفعال) اَيْقَنَ يُوْقِنُ اِيقَانٌ سے فعل مضارع جمع مذکر غائب (یقین کرنا) ایمان اور ایقان میں فرق یہ ہے کہ ''ایمان'' کے مختلف مراتب ہیں۔ اس کا پہلا مرتبہ محض تصدیق کرنا ہے خواہ ابتدائی درجے ہی کی کیوں نہ ہو۔ لیکن

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

''ایقان'' سے مراد پوری طرح یقین کر لینا ہے جو کسی چیز کو مان لینے کا انتہائی درجہ ہے۔ یہاں یُؤْمِنُوْنَ کی بجائے هُمْ یُوْقِنُوْنَ میں هُمْ کا استعمال زائد ہے لیکن اس کے استعمال سے Stress کا مفہوم پیدا کیا گیا ہے۔ معنی ہوگا ''مذکورہ اوصاف کے حاملین ہی آخرت پر یقین رکھتے ہیں''۔

أُولَٰٓئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ ۖ

أُولَٰٓئِكَ	عَلَىٰ	هُدًى	مِّنْ	رَبِّ	هِمْ
وہ لوگ	پر	ہدایت	سے	رب	ان کے
اسم اشارہ	حرف جر	مجرور	حرف جر	مجرور مضاف	ضمیر۔مضاف الیہ

وَأُولَٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ {5}

وَ	أُولَٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ
اور	وہ لوگ	ہی	کامیاب ہونے والے ہیں
حرف عطف	اسم اشارہ مبتدا	ضمیر	اسم الفاعل (خبر)

بامحاورہ ترجمہ: وہ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وہ ہی کامیاب ہیں۔

لغوی نکات:

أُولَٰٓئِكَ اشارہ بعید ہے لیکن اس کا معنی کیا جاتا ہے ''یہی لوگ'' اشارہ بعید کی وجہ سے اس کا معنی ہوگا أُولٰٓئِكَ المذکورون اعلاہ یعنی وہ لوگ جن کا اوپر ذکر کیا گیا ہے وہ اپنے رب کی طرف سے عطا کردہ ہدایت و راہنمائی پر ہیں۔ واضح رہے کسی بھی عبارت میں اشارہ قریب مابعد کیلئے اور اشارہ بعید ماقبل کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

أُولَٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ یہ جملہ اسمیہ ہے۔ مبتدا اور خبر کے درمیان ضمیر هُمْ حصر کا مفہوم پیدا کرنے کے لئے لائی گئی ہے۔ اَلْمُفْلِحُوْنَ {ف ل ح} (افعال) اَفْلَحَ یُفْلِحُ سے اسم الفاعل ہے۔ اس کا لغوی معنی (پھاڑنا یا کسی بند چیز کو کھولنا ہے) چنانچہ معنی ہوگا ''یہی لوگ اپنے اوپر اللہ کی رحمت کا دروازہ کھولنے والے ہیں'' یعنی ان ہی کے لئے رحمت باری تعالیٰ کا دروازہ کھولا جائے گا''۔

یہاں تک اس طبقے کا ذکر ہے جس نے قرآن مجید کی دعوت پر لبیک کہا۔ آگے اس طبقے کا ذکر کیا جا رہا ہے جس نے قرآن مجید کی صداقت کا انکار کیا از محض عناد اور ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس کے خلاف محاذ آرا ہو گئے۔ اصل میں قرآن مجید ان طبقات کا تعارف کرا رہا ہے جن سے اس کا واسطہ پڑا کہ کس نے کیا کیا کردار ادا کیا۔ پہلا

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

طبقہ صحابہ کرام ﷺ کا تھا۔ دوسرا ابوجہل اور ابولہب وغیرہ کا۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَأَنذَرْتَهُمْ

هُمْ	أَنذَرْتَ	ءَ	هِمْ	عَلَىٰ	سَوَآءٌ	كَفَرُوا	الَّذِينَ	إِنَّ
ان کو	آپ آگاہ کریں	کیا/خواہ	ان	پر	برابر	کفر کیا	وہ جنہوں نے	بے شک
ضمیر۔ مفعول	فعل ماضی	حرف استفہام	ضمیر۔ مجرور	حرف جر	اسم	فعل ماضی	اسم موصول	حرف تاکید

أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ {6}

يُؤْمِنُونَ	لَا	هُمْ	تُنذِرْ	لَمْ	أَمْ
ایمان لائیں گے وہ	نہیں	ان کو	آگاہ کریں آپ	نہ	یا
فعل مضارع	حرف نفی	ضمیر۔ مفعول	فعل مضارع مجزوم	حرف نفی	حرف عطف

بامحاورہ ترجمہ: یقیناً وہ لوگ جنہوں نے کفر کی راہ اختیار کی انہیں آپ جہنم کے عذاب سے آگاہ کریں یا ان کو آگاہ نہ کریں وہ ایمان نہ لائیں گے۔

لغوی نکات:

كَفَرُوا {ك ف ر} (ن) كَفَرَ يَكْفُرُ سے فعل ماضی جمع مذکر غائب ہے۔ اس کا لغوی معنی چھپانا ہے اور کافر چونکہ اللہ کی نعمت (ایمان) کو چھپاتا ہے اس لئے اس کو کافر کہا جاتا ہے۔ اسی میں وسعت پیدا ہو کر اس کا معنی ''انکار کرنا'' بھی ہو گیا۔

أَنذَرْتَ {ن ذ ر} (افعال) أَنذَرَ يُنذِرُ سے فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ اس مادہ سے نَذَرَ يَنذُرُ (ن) کا معنی ہے (منت ماننا) یعنی کسی غیر واجب کو اپنے اوپر واجب کرنا۔ اور نَذِرَ يَنذَرُ (س) کا معنی (خبردار ہونا) ہے۔ باب افعال کی وجہ سے إِنذَارٌ کا معنی ہو گا (کسی خوفناک چیز سے متنبہ کرنا۔ خبردار کرنا)۔

خَتَمَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَعَلَىٰ

عَلَىٰ	وَ	هِمْ	قُلُوبِ	عَلَىٰ	اللَّهُ	خَتَمَ
پر	اور	ان کے	دلوں	پر	اللہ نے	مہر لگا دی
حرف جر	حرف عطف	ضمیر۔ مضاف الیہ	مجرور مضاف	حرف جر	فاعل	فعل ماضی

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

سَمْعِهِمْ ؕ وَعَلٰٓی اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ز

غِشَاوَةٌ	هِمْ	اَبْصَارِ	عَلٰی	وَ	هِمْ	سَمْعِ
پردہ	ان کی	نگاہوں	پر	اور	ان کی	سماعت (کان)
اسم مبتدا مؤخر	مضاف الیہ	مجرور مضاف	حرف جر (خبر مقدم)	حرف عطف	ضمیر۔ مضاف الیہ	مجرور مضاف

وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ع {7}

عَظِيْمٌ	عَذَابٌ	هُمْ	لَ	وَّ
بہت بڑا	عذاب	ان کے	لئے	اور
صفت	موصوف (مبتدا مؤخر)	ضمیر۔ مجرور	حرف (لِ) جر خبر مقدم	حرف عطف

بامحاورہ ترجمہ: اللہ نے ان کے دلوں اور ان کی قوت سماعت پر مہر لگا دی ہے۔ اور ان کی نگاہوں پر پردہ پڑ چکا ہے اور ان کیلئے عظیم عذاب ہے۔

لغوی نکات:

خَتَمَ {خ ت م} (ن) خَتَمَ يَخْتُمُ (مہر لگانا) کسی دستاویز وغیرہ پر مہر لگانے کے بعد اس میں کسی چیز کو داخل نہیں کیا جاسکتا۔ دلوں پر مہر لگانے سے مراد یہ ہے کہ اب ان میں ہدایت داخل نہیں ہوسکتی۔ اللہ تعالیٰ کا ضابطہ ہے کہ جب کوئی بندہ حق واضح ہو جانے کے بعد محض تعصب و عناد، دنیوی مفادات اور تکبر کی بناء پر اسے قبول کرنے سے انکار کرتا اور اللہ کی معصیت کے ارتکاب میں حد سے تجاوز کرتا ہے تو اسکی فطرت مسخ ہو جاتی ہے۔ اور حدیث نبوی کے مطابق اسکا دل سیاہ ہو جاتا ہے۔ اس کیفیت کو دلوں پر مہر لگانے سے تعبیر کیا گیا ہے کیونکہ وہ خود کو قبول ہدایت سے یکسر محروم کر لیتا ہے۔

سَمْعِهِمْ ''سَمْع'' باب (س) سے مصدر ہے۔ یہ مرکب اضافی ہے اور یہاں مراد قوت سماعت ہے۔

غِشَاوَةٌ {غ ش ی} (س) غَشِيَ يَغْشَى کا اسم، مبتدا مؤخر ہے اسکا لغوی معنی ہے (وہ پردہ جس سے کوئی چیز ڈھانپ دی جائے)۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ

اللّٰهِ	بِ	اٰمَنَّا	يَّقُوْلُ	مَنْ	النَّاسِ	مِنَ	وَ
اللہ (کے)	سے / ساتھ	ہم ایمان لائے	کہتا ہے	جو	لوگوں	(بعض) سے	اور
مجرور	حرف جر	فعل ماضی	فعل مضارع	موصولہ	مجرور	حرف جر	حرف عطف

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

وَ بِالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَ مَا

مَا	وَ	الۡاٰخِرِ	الۡيَوۡمِ	بِ	وَ
نہیں	حالانکہ	آخرت کے	دن	سے/ساتھ	اور
نافیہ	حالیہ	صفت	(مجرور) موصوف	حرف جر	حرف عطف

هُمۡ بِمُؤۡمِنِيۡنَ {8}

مُؤۡمِنِيۡنَ	بِ	هُمۡ
مومن	تاکید کے لئے ہے	وہ
مجرور، اسم الفاعل جمع مذکر سالم (مَا کی خبر)	حرف جر	ضمیر، مبتدا (مَا کا اِسم)

بامحاورہ ترجمہ: اور لوگوں کا ایک طبقہ ایسا بھی ہے جو کہتا ہے ہم اللہ پر اور آخری دن (قیامت) پر ایمان لائے حالانکہ وہ ہرگز مومن نہیں ہیں۔

لغوی نکات:

وَ مَا هُمۡ بِمُؤۡمِنِيۡنَ اس جملے میں مَا کی خبر سے پہلے بِ کا آنا اس کے نافیہ ہونے کی علامت ہے۔ واضح رہے مَانافیہ کی خبر بِ کے بغیر ہوتو حالت نصب میں ہوگی مثلاً مَا اللهُ غَافِلاً "بِ" کے ساتھ نفی میں تاکید پیدا ہوجاتی ہے۔ چنانچہ ترجمہ ہوگا "وہ ہرگز مومن نہیں ہیں"۔

يُخٰدِعُوۡنَ اللّٰهَ وَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا ج

اٰمَنُوۡا	الَّذِيۡنَ	وَ	اللّٰهَ	يُخٰدِعُوۡنَ
ایمان لائے	ان سے جو	اور	اللہ سے	مکروفریب کرتے ہیں
فعل + فاعل = صلہ	اسم موصول	حرف عطف	مفعول	فعل مضارع (فعل + فاعل)

وَ مَا يَخۡدَعُوۡنَ اِلَّاۤ اَنۡفُسَهُمۡ وَ مَا يَشۡعُرُوۡنَ ط {9}

يَشۡعُرُوۡنَ	مَا	وَ	هُمۡ	اَنۡفُسَ	اِلَّاۤ	يَخۡدَعُوۡنَ	مَا	وَ
شعور رکھتے ہیں	نہیں	اور	اپنے	نفوس	مگر	مکروفریب کرتے ہیں	نہیں	حالانکہ
فعل مضارع جمع مذکر غائب	نافیہ	حرف عطف	مضاف الیہ	مفعول مضاف	حرف استثناء	فعل مضارع	نافیہ	حرف عطف

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بامحاورہ ترجمہ: وہ ایک دوسرے سے تعاون کرتے ہوئے اللہ اور مومنوں کے ساتھ مکروفریب کرتے ہیں۔ حالانکہ وہ مکروفریب میں تو خود کو مبتلا کئے ہوئے ہیں اور وہ اس (ظاہری حقیقت) کا شعور نہیں رکھتے۔

لغوی نکات:

یُخٰدِعُوْنَ {خ د ع} (مفاعلہ) خَادَعَ یُخَادِعُ سے فعل مضارع۔ جمع مذکر غائب۔ باب مفاعلہ کی خاصیت مشارکت ہے اور یہاں فریقین کے درمیان مشارکت نہیں بلکہ آپس میں مشارکت مراد ہے چنانچہ معنی ہوگا "وہ باہم مل کر اللہ کو دھوکہ دیتے اور اس سے چالبازی کرتے ہیں" یعنی ایک دوسرے سے تعاون کرتے ہوئے متحد ہوکر اسلام کو نقصان پہنچانے کے لئے منافقانہ کارروائیوں میں مصروف رہتے ہیں۔

اَنْفُسَھُمْ اَنْفُسَ+ھُمْ۔ اَنْفُسٌ نفسٌ کی جمع ہے۔ اسکی جمع نُفُوْسٌ بھی آتی ہے۔ مضاف+مضاف الیہ=(مفعول) (اپنی جانوں کو)

یَشْعُرُوْنَ {ش ع ر} (ن) شَعَرَ یَشْعُرُ سے فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ (ظاہر اور محسوس چیز کی حقیقت کا ادراک کرنا)۔

تفسیری نکات: بعض مفسرین کے نزدیک یُخَادِعُوْنَ یہاں یَخْدَعُوْنَ کے معنی میں ہے اور اس کی مشارکت نہیں ہے لیکن اس صورت میں الگ الگ الفاظ استعمال کرنے کی کوئی وجہ نہیں رہتی جوکہ بلاغت قرآن کے خلاف ہے۔ اس آیت میں مسلمانوں سے مکروفریب کرنے کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ مکروفریب کرنے سے تعبیر کیا گیا ہے۔ جوکہ انتہائی گھناؤنہ جرم ہے۔

فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ

فِیْ	قُلُوْبِ + ھِمْ	مَّرَضٌ	فَ + زَادَ	ھُمُ	اللّٰهُ
میں	دلوں + ان کے	بیماری ہے	تو + اضافہ کردیا / بڑھادیا	ان کو	اللہ نے
حرف جر	مضاف + مضاف الیہ (خبر مقدم)	مبتدا مؤخر	حرف + فعل ماضی	ضمیر، مفعول	فاعل

مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۙ

مَرَضًا	وَ	لَ + ھُمْ	عَذَابٌ	اَلِیْمٌ
بیماری کے لحاظ سے	اور	لئے + ان کے	عذاب	اذیت ناک
تمیز	حرف عطف	(لِ) حرف جر+مجرور (خبر مقدم)	موصوف	صفت (مبتدا مؤخر)

بِمَا كَانُوْا یَكْذِبُوْنَ {10}

بِ	مَا	كَانُوْا	یَكْذِبُوْنَ
بوجہ	جو	وہ تھے	جھوٹ کہتے
حرف جر	موصولہ	فعل ماضی	فعل مضارع (ماضی استمراری)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بامحاورہ ترجمہ: ان کے دلوں میں (حسد و نفاق کی) بیماری ہے۔ چنانچہ اللّٰہ نے ان کی بیماری میں اضافہ کردیا ہے۔ اور ان کے لئے اذیت ناک عذاب ہے کیونکہ وہ جھوٹ بولا کرتے تھے۔

لغوی نکات:

قُلُوْبِهِمْ قُلُوْبٌ کا واحد قَلْبٌ ہے اس کا مادہ {ق ل ب} ہے جس کا لغوی معنی (ایک حالت سے دوسری حالت میں پلٹنا اور تبدیل ہونا) دل کو ''قلب'' اس لئے کہا جاتا ہے کہ اس میں موجود جذبات و احساسات وتبدیل ہوتے رہتے ہیں اور وہ خود بھی مسلسل حرکت میں رہتا ہے یعنی (Physically) بھی یہ ایک جگہ پر ساکن نہیں رہتا۔

فِيْ	حرف جر
قُلُوْبِ	مجرور، مضاف
هِمْ	مضاف الیہ

فَزَادَهُمُ فَ + زَادَ + هُمْ {ز ی د} (ض) زَادَ يَزِيْدُ سے فعل ماضی + هُمْ مفعول (زیادہ کرنا بڑھانا، اضافہ کرنا)

مَرَضًا تمیز ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے لفظی معنی ہوگا ''اللّٰہ نے انہیں بیماری (حسد و نفاق) کے لحاظ سے زیادہ کردیا، بڑھا دیا''

عَذَابٌ {ع ذ ب} (ض) عَذَبَ يَعْذِبُ کا اسم ہے اس کا لغوی معنی ''کھانا پینا چھوڑ دینا'' ہے پھر یہ لفظ ہر اس کیفیت کے لئے استعمال ہونے لگا جو انسان کو زندگی کی راحتوں اور لذتوں سے محروم کردے۔ اس مادے سے (ن) عَذُبَ يَعْذُبُ بھی استعمال ہوتا ہے جس کا معنی (خوشگوار ہونا) ہے۔ قرآن مجید کی آیت هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ میں عَذْبٌ اسی باب سے ہے۔

اَلِيْمٌ {ء ل م} (س) اَلِمَ يَاْلَمُ سے فَعِيْلٌ کے وزن پر مبالغے کا صیغہ ہے جس میں دوام کا مفہوم پایا جاتا ہے معنی ہوگا (دائمی اذیت و تکلیف والا) دونوں کے متعلق لغوی بحث کی روشنی میں لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ کا مفہوم ہوگا (وہ ایسی کیفیت میں مبتلا ہوں گے جس میں نہ صرف یہ کہ انہیں نعمت و راحت سے محروم کردیا جائے گا بلکہ انہیں مسلسل اذیت و تکلیف (Torture) میں رکھا جائے گا''۔ عَذَابٌ میں نفی ہے اور اَلِيْمٌ میں اثبات ہے۔

بِمَا میں بِ سبب بیان کرنے کے لئے ہے۔

كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ {ک ذ ب} (ض) كَذَبَ يَكْذِبُ سے فعل مضارع جمع مذکر غائب، كَانَ کی وجہ سے ماضی استمراری ہوگیا (جھوٹ بولنا، خلاف حقیقت بات کہنا)

تفسیری نکات: انسانی دل کو دو طرح کے امراض لاحق ہوتے ہیں، (1) شبہات باطلہ کا مرض اور مہلک شہوات کا مرض۔ کفر و نفاق پہلی قسم سے ہے اور زنا و فواحش وغیرہ سے محبت دوسری قسم سے ہے۔ حقیقی عافیت یہ ہے کہ دونوں قسم کے امراض سے انسان بچا رہے۔ قرآن جس قدر زیادہ اترتا ہے اسی قدر اہل نفاق کے دلوں میں مرض بڑھتا جاتا ہے تو ان کے دل بیمار ہیں اگرچہ اس کو محسوس

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

نہیں کرتے تو آخرت میں ان کے لئے دردناک قسم کا عذاب ہوگا۔

وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ

الْاَرْضِ	فِي	تُفْسِدُوْا	لَا	هُمْ	لَ (لِ)	قِيْلَ	اِذَا	وَ
زمین	میں	خرابی پیدا کرو	نہ	ان	لئے / کو	کہا جاتا ہے	جب	اور
مجرور	حرف جر	فعل نہی	حرف نہی	ضمیر، مجرور	حرف جر	ماضی مجہول	ظرف زمان	حرف عطف

قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ {11}

مُصْلِحُوْنَ	نَحْنُ	اِنَّمَا	قَالُوْٓا
درست کرنے والے	ہم	محض	کہتے ہیں
خبر (اسم فاعل)	اسم ضمیر، مبتدا	کلمہ حصر	فعل ماضی

بامحاورہ ترجمہ: اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ زمین کے نظام کو خراب نہ کرو تو وہ جواب میں کہتے ہیں ہم تو نظام کو درست کرنے والے ہیں۔

لغوی نکات:

اِذَا فعل ماضی کو مضارع کے معنی میں تبدیل کر دیتا ہے۔ ظرف زمان ہے۔ (جب)

قِيْلَ {ق و ل} (ن) قَالَ يَقُوْلُ سے ماضی مجہول۔ اصل میں فُعِلَ کے وزن پر قُوِلَ تھا تعلیل ہو کر قِيْلَ ہو گیا جن افعال میں عین کلمہ کے نیچے زیر آتی ہے، ان کی تعلیل میں استثناء (Exception) ہوتا ہے قُوِلَ کی تعلیل میں بھی استثناء ہے۔

لَا تُفْسِدُوْا {ف س د} (افعال) اَفْسَدَ يُفْسِدُ سے فعل نہی (خراب کرنا، بگاڑنا، فساد پھیلانا) قرآن مجید کی اصطلاح میں "فَسَادُ فِي الْاَرْضِ" کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ کی زمین پر اللہ کی مرضی اور اس کا نظام نافذ کرنے کی بجائے غیر اللہ کی مرضی یا غیر اللہ کا وضع کردہ نظام نافذ کرنے کی کوشش کی جائے، اس طرح کوشش کرنے والے شخص گویا زمین کے نظام کو بگاڑنا چاہتا ہے۔ فساد کی ضد اصلاح ہے۔ ہر وہ کوشش جو اللہ کا نظام نافذ کرنے میں صرف ہو اصلاح اور جو اس کی مزاحمت میں ہو فساد ہے۔

اِنَّمَا یہ کلمہ حصر ہے، اس کا ترجمہ "محض یا حقیقت یہی ہے" وغیرہ سے کیا جا سکتا ہے۔

مُصْلِحُوْنَ {ص ل ح} اَصْلَحَ يُصْلِحُ (افعال) سے اسم الفاعل ہے۔ (اصلاح کرنے والے)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَ لٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ {12}

اَلَآ	اِنَّ	هُمْ	هُمُ	الْمُفْسِدُوْنَ	وَ	لٰكِنْ	لَّا	يَشْعُرُوْنَ
آگاہ ہو جاؤ	یقیناً	وہ	ہی	فساد کرنے والے	اور	لیکن	نہیں	شعور رکھتے ہیں
حرف تنبیہ	حرف تاکید	اِنَّ کا اسم	ضمیر برائے حصر	خبر (اسم الفاعل)	حرف عطف	لٰکِنَّ کا مخفف	حرف نفی	فعل مضارع

بامحاورہ ترجمہ: آگاہ ہو جاؤ! بلاشک وشبہ وہی (لوگ) ہیں جو زمین میں فساد کرنے کے مرتکب ہو رہے ہیں لیکن سمجھتے نہیں ہیں۔

لغوی نکات:

اَلَآ — یہ کلمہ تنبیہ ہے اس کا ترجمہ ''آگاہ ہو جاؤ، غور سے سنو، توجہ کرو'' وغیرہ سے کیا جاسکتا ہے۔

اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ — میں دوسری ضمیر (هُمْ) حصر کے لئے ہے ترجمہ ہوگا ''یقیناً وہ ہی فساد پھیلانے والے ہیں۔''

لٰكِنْ — لٰکِنَّ کا مخفف ہے یہاں ''لٰکِنَّ'' اس لئے استعمال نہیں کیا گیا کہ اِنَّ وَاَخَوَاتُھَا کو فعل سے پہلے لانا درست نہیں اور اگر انہیں کسی فعل پر داخل کرنا یعنی اس سے پہلے لانا مقصود ہو تو ان کے اور فعل کے درمیان ضمیر لائی جاتی ہے مثلاً اِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ اور يٰلَيْتَنِىْ كُنْتُ تُرٰبًا یا ان کے اور فعل کے درمیان مَا لایا جاتا ہے مثلاً كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِى السَّمَآءِ اور تیسری صورت یہ ہے کہ ان حروف (اِنَّ وَ اَخَوَاتُھَا) کو مخفف یعنی بغیر شد کے استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً میں اِنْ اِنَّ کا مخفف ہے اور وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ میں لٰکِنَّ کا مخفف ہے۔

تفسیری نکات: ان آیات میں منافقین کے اس کردار کو واضح کیا گیا ہے کہ وہ اپنے مفادات کی خاطر مسلمانوں اور یہودیوں دونوں سے بنا کر رکھنا چاہتے تھے اور بہانہ یہ بناتے تھے کہ اس سے ان کا مقصد یہ ہے کہ ہ فریقین کے درمیان مصالحت کی کوئی صورت نکالنا چاہتے ہیں تاکہ دونوں امن و امان کے ساتھ رہ سکیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: نہیں! یہ مصالحت نہیں بلکہ فساد کی صورت پیدا کرنا چاہتے ہیں تاکہ اللہ کی زمین پر اللہ کا نظام نافذ نہ ہو سکے۔ یہ اصلاح نہیں فساد کی کوشش ہے''

وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ

وَ	اِذَا	قِيْلَ	لَ (لِ)	هُمْ	اٰمِنُوْا	كَ + مَا	اٰمَنَ	النَّاسُ
اور	جب	کہا جاتا ہے	لئے	ان کے	ایمان لاؤ تم	اُس طرح + جو	ایمان لائے	لوگ
حرف عطف	ظرف زمان	ماضی مجہول	حرف جر	ضمیر، مجرور	فعل امر	حرف جر + موصولہ	فعل ماضی	فاعل

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَاۗءُ ۭ

اَلسُّفَهَاۗءُ	اٰمَنَ	كَ + مَا	نُؤْمِنُ	اَ	قَالُوْٓا
بے سمجھ لوگ	ایمان لائے	اُس طرح + جو	ہم ایمان لائیں	کیا	کہتے ہیں
فاعل۔اَلسَّفِیْهُ۔کی جمع	فعل ماضی	حرف جر + موصولہ	فعل مضارع جمع متکلم	حرف استفہام	فعل ماضی + فاعل

اَلَآ اِنَّھُمْ ھُمُ السُّفَهَاۗءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ {13}

يَعْلَمُوْنَ	لَّا	لٰكِنْ	وَ	السُّفَهَاۗءُ	ھُمُ	ھُمْ	اِنَّ	اَلَآ
جانتے وہ	نہیں	لیکن	اور	بے سمجھ لوگ	وہی	وہ	بے شک	آگاہ ہو جاؤ
فعل مضارع	حرف نفی	لٰكِنَّ کا مخفف	حرف عطف	خبر	ضمیر برائے حصر	اِنَّ کا اسم	حرف تاکید	حرف تنبیہ

بامحاورہ ترجمہ: اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم (کھل کر) لوگوں (صحابہ رضی اللہ عنہم) کی طرح ایمان لاؤ تو جواب میں کہتے ہیں کیا ہم اس طرح کا ایمان لائیں جس طرح کا ایمان (یہ نامعقول) بے سمجھ لوگ لائے ہیں۔ آگاہ ہو جاؤ بلاشک وشبہ وہ وہی بے سمجھ لوگ ہیں لیکن وہ اس حقیقت سے بے علم ہیں۔

لغوی نکات:

اٰمِنُوْا (افعال) اٰمَنَ يُؤْمِنُ سے فعل امر جمع مذکر حاضر (ایمان لانا، تصدیق کرنا)

السُّفَهَاۗءُ {س ف ہ} (س) سَفِهَ يَسْفَهُ سے فَعِيْلٌ کے وزن پر سَفِيْهٌ کی جمع ہے (ردی، ناقص، بے وقوف قسم کے لوگ)

يَعْلَمُوْنَ {ع ل م} (س) عَلِمَ يَعْلَمُ مضارع معلوم جمع مذکر غائب کسی غیر محسوس چیز کا ادراک کرنا، فساد چونکہ ظاہری اور محسوس اشیاء میں ہوتا ہے، اس لئے گزشتہ آیت میں لَا يَشْعُرُوْنَ کہا گیا اور ایمان چونکہ غیر محسوس ہوتا ہے، اس لئے یہاں لَا يَعْلَمُوْنَ استعمال کیا گیا۔

تفسیری نکات: منافقین خود کو بڑے مفکر، دانشور، روشن خیال اور ترقی پسند سمجھتے تھے اور مخلص مسلمانوں (صحابہ کرام رضی اللہ عنہم) کو معاذ اللہ۔ بے سمجھ، ترقی کے دشمن، تنگ نظر اور رجعت پسند وغیرہ قرار دیتے تھے۔ اللہ نے فرمایا: اصل میں یہ خود بے سمجھ اور عقل وخرد سے عاری ہیں۔ صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) نہیں۔

نوٹ: اللہ تعالیٰ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو بے سمجھ کہنا یا کہلانا گوارا نہیں کیا تو ظاہر ہے انہیں معاذ اللہ۔ کفار کہنا کیسے گوارا کرے گا؟

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَ اِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا

وَ	اِذَا	لَقُوْا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا
اور	جب	ملتے ہیں	ان لوگوں سے جو	ایمان لائے	کہتے ہیں	ہم ایمان لائے
حرف عطف	ظرف زمان	فعل ماضی	اسم موصول جمع مذکر	فعل ماضی (افعال)	فعل ماضی (ن)	فعل ماضی/جمع متکلم

وَ اِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا

وَ	اِذَا	خَلَوْا	اِلٰى	شَيَاطِيْنِ + هِمْ	قَالُوْٓا
اور	جب	تنہا ہوتے ہیں	طرف	شیاطین + ان کے (اپنے)	کہتے ہیں
حرف عطف	ظرف زمان	فعل ماضی (فاعل)	حرف جر	مجرور/مضاف + ضمیر/مضاف الیہ	فعل ماضی

اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ {14}

اِنَّ	مَعَ + كُمْ	اِنَّمَا	نَحْنُ	مُسْتَهْزِءُوْنَ
بیشک + ہم	ساتھ + تمہارے	محض	ہم	مذاق اڑانے والے ہیں
حرف مشبہ بالفعل + اِنَّ کا اسم	مضاف + مضاف الیہ	کلمہ حصر	ضمیر/مبتدا	خبر۔اسم فاعل جمع

بامحاورہ ترجمہ: ان کی حالت یہ ہے کہ جب وہ مسلمانوں سے ملاقات کرتے ہیں تو کہتے ہیں ہم ایمان لاچکے ہیں اور جب اپنے شیطان (صفت لیڈروں) سے علیحدگی میں ملاقات کرتے ہیں تو کہتے ہیں ہم تو مسلمانوں کا مذاق اڑاتے رہتے ہیں۔

لغوی نکات:

لَقُوْا {ل ق ی} (س) لَقِيَ يَلْقٰى سے فعل ماضی، جمع مذکر غائب، اصل میں فَعِلُوْا کے وزن پر لَقِيُوْا تھا، تعلیل کے بعد لَقُوْا ہوگیا، (سامنے آنا، ملاقات کرنا)۔

اٰمَنُوْا {ء م ن} (افعال) اٰمَنَ يُؤْمِنُ سے فعل مضارع جمع متکلم، (ہم ایمان لائے)

خَلَوْا {خ ل و} (ن) خَلَا يَخْلُوْ سے فعل ماضی، اصل میں فَعَلُوْا کے وزن پر خَلَوُوْا تھا، اگر اس کا استعمال بغیر صلہ (Preposition) کے ہو تو معنی ہوگا (کسی واقعہ کا ماضی میں گزر جانا) مثلاً اِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ اور تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ اور اگر یہ فعل اِلٰی کے صلہ (Preposition) کے ساتھ استعمال ہو تو معنی ہوگا (کسی کے ساتھ علیحدگی میں ہونا، تنہا ہونا)

”محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com

شَيٰطِيْنِهِمْ ''شَيَاطِيْن'' شَيْطَانٌ کی جمع ہے، بعض اہل لغت کے ہاں اس کا مادہ {ش ط ن} ہے جس کا معنی (دور ہونا) ہے یعنی ''حق سے یا اللہ کی رحمت سے دور ہونے والا'' جب کہ بعض کے نزدیک یہ لفظ شَاطَ يَشِيْطُ {ش ی ط} سے فَعْلَانٌ کے وزن پر مبالغے کا صیغہ ہے جس کا معنی (ہانڈی کا جلنا یا کسی کا غصے سے بھڑک اٹھنا) ہے۔ حق کے خلاف حسد کی آگ میں جلنے والے اور اسلام کی نشر و اشاعت اور ترقی سے غصہ کھانے والے کے لئے شیطان کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے خواہ وہ جنوں میں سے ہو یا انسانوں میں سے۔ ایسے لوگ چونکہ اللہ کے خلاف بغاوت اور سرکشی کرنے والے اور گمراہ لوگوں کے زعماء اور سردار ہوتے ہیں، اس لئے سرکش، باغی اور کفر کے سرغنوں کو شیاطین کہا گیا ہے۔ یہاں مراد ان کے لیڈر ہیں۔

اِنَّا اصل میں اِنَّ + نَا تھا، تخفیف کی غرض سے ایک ''ن'' حذف کر دیا گیا ہے۔ (بے شک ہم)

مُسْتَهْزِءُوْنَ {ہ ز ء} (استفعال) اِسْتَهْزَأَ يَسْتَهْزِئُ سے اسم الفاعل جمع مذکر۔ حالت رفع۔ خبر ہے (تضحیک کرنا، کسی کے متعلق خواہش کرنا کہ وہ مذاق بن جائے، کسی کو مذاق کا نشانہ بنانا) جب کہ هَزَأَ کا معنی ہے ''مذاق کرنا''

تفسیری نکات: اس آیت میں منافقوں کے کردار و گفتار میں تناقض کو بیان کیا جا رہا ہے کہ جب یہ لوگ مسلمانوں کے ساتھ ہوتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم مسلمان ہیں تاکہ مسلم سوسائٹی کے منافع اور مصالح سے مستفید ہوں اور جب اپنے سرداروں کی مجلس میں بیٹھتے ہیں تو انہیں یقین دلاتے ہیں کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں ہم تو مسلمانوں کا مذاق اور ان سے دھوکہ کرتے ہیں۔

اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَ يَمُدُّهُمْ

اَللّٰهُ	يَسْتَهْزِئُ	بِ + هِمْ	وَ	يَمُدُّ + هُمْ
اللہ	مذاق کرتا ہے	سے + ان	اور	ڈھیل دیتا ہے + ان کو
مبتدا	(خبر) فعل مضارع	حرف جر + ضمیر / مجرور	حرف عطف	فعل مضارع + ضمیر / مفعول

فِیْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ {15}

فِیْ	طُغْيَانِ + هِمْ	يَعْمَهُوْنَ
میں	(سرکشی) حد سے تجاوز کرنا + ان کی۔ اپنی	وہ بھٹک رہے ہیں۔ (حیران پھر رہے ہیں)
حرف جر	مجرور مضاف + ضمیر، مضاف الیہ	فعل مضارع۔ جمع مذکر

بامحاورہ ترجمہ: (وہ نہیں بلکہ) اللہ ان سے مذاق کر رہا ہے اور ان کو ڈھیل دے رہا ہے۔ وہ (گمراہی کی وادیوں میں) بھٹک رہے ہیں۔

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

لغوی نکات:

اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ جس جملے کو جملہ فعلیہ میں استعمال کیا جاسکتا ہو اسے جملہ اسمیہ کی صورت میں استعمال کرنے سے مبتدا پر زور دینا مقصود ہوتا ہے یہاں لفظ ''اللّٰہ'' پر زور دے کر کہا جارہا ہے کہ وہ لوگ نہیں بلکہ اللّٰہ انہیں مذاق کا نشانہ بنا رہا ہے۔ اللّٰہ رب العزت نے اپنے لئے يَسْتَهْزِئُ کا لفظ مقابلتاً استعمال کیا ہے۔

يَمُدُّ {م د د} (ن) مَدَّ يَمُدُّ سے فعل مضارع، واحد مذکر غائب (لمبا کرنا، دراز کرنا، ڈھیل دینا)

طُغْيَانِهِمْ طُغْيَانِ {ط غ ی} (ف) طَغٰی يَطْغٰی کا مصدر ہے، اس کا لغوی معنی (پانی کا حد سے بڑھ جانا) ہے قرآن مجید کی آیت اِنَّا لَمَّا طَغَى الْمَاءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ میں طَغٰی اسی معنی میں استعمال ہوا ہے، کسی شخص کا حق کی مخالفت میں حد سے تجاوز کر جانا ''طغیان'' کہلاتا ہے۔ اردو زبان میں اس کا ترجمہ ''سرکشی کرنا، بغاوت پر اتر آنا'' وغیرہ کیا جاتا ہے۔

يَعْمَهُوْنَ {ع م ہ} (س) عَمِهَ يَعْمَهُ سے فعل مضارع جمع مذکر غائب، اس کا لغوی معنی (حیران و سرگرداں ہونا بھٹکنا، متردد ہونا) ہے، بعض اہل علم کے نزدیک {ع م ی} اور {ع م ھ} میں یہ فرق ہے کہ عَمِيَ کا اصل معنی آنکھوں کا اندھا پن ہے مگر مجازاً بصیرت کے اندھا پن کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے اور عَمِهَ کا معنی بصیرت کا اندھا پن ہے۔

تفسیری نکات: یہاں منافقین کا ایک اور کردار سامنے لایا گیا ہے۔ اپنے سرغنوں کو وہ تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہتے: کہ مسلمان عوام کو تو ہم بے وقوف بناتے رہتے ہیں اصل میں ہم آپ کے ساتھ ہیں اور آپ کی طرف سے دیئے گئے ایجنڈے کو ہی نافذ کر رہے ہیں۔ لیکن اللّٰہ تعالیٰ بھی ان کے ساتھ مذاق کرتے ہیں اور کریں گے اور قیامت کے دن ان کو نور ملے گا لیکن پھر یہ نور بجھ جائے گا۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ص

اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	اشْتَرَوُا	الضَّلٰلَةَ	بِ	الْهُدٰى
وہ لوگ	جنہوں نے	خریدا (لے لیا)	گمراہی کو	سے (بدلے)	ہدایت کے
اسم اشارہ	اسم موصول	فعل ماضی (فاعل)	مفعول	حرف جر	مجرور

فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ {16}

فَ	مَا	رَبِحَتْ	تِجَارَةُ	هُمْ	وَ	مَا	كَانُوْا	مُهْتَدِيْنَ
تو	نہیں	نفع مند ہوئی	تجارت	ان کی	اور	نہیں	وہ تھے	ہدایت یافتہ / صحیح سمت پر چلنے والے
حرف	حرف نفی	فعل ماضی	مضاف	مضاف الیہ	حرف	نفی	فعل ناقص	اسم الفاعل، کَانَ کی خبر

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

بامحاورہ ترجمہ: (مذکورہ صفات کے حاملین) وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت دے کر گمراہی خرید لی ہے۔ چنانچہ ان کی اس تجارت نے انہیں نفع نہیں دیا اور نہ ہی وہ ایسا کرتے وقت صحیح سمت پر چلنے والے تھے۔

لغوی نکات:

أُولٰٓئِكَ — اشارہ بعید کیلئے ہے معنی ہوگا "وہ لوگ جن کا پیچھے ذکر ہوا" واضح رہے اشارہ بعید ماقبل کی طرف اشارہ کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

اشْتَرَ — {ش ر ی} (افتعال) اِشْتَرٰی یَشْتَرِیْ سے فعل ماضی، جمع مذکر غائب، (ایک چیز کے بدلے میں دوسری چیز حاصل کرنا) یہ لفظ خریدنے اور بیچنے دونوں معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ یہاں خریدنے کے معنی میں ہے۔

وُا الضَّلٰلَةَ — {ض ل ل} (ض) ضَلَّ یَضِلُّ کا اسم ہے، مفعول ہے اس لئے حالت نصب میں ہے، (سیدھی راہ سے ہٹ جانا، گمراہ ہوجانا)

رَبِحَتْ — {ر ب ح} باب (س) رَبِحَ یَرْبَحُ سے ماضی واحد مونث غائب، (نفع بخش ہونا)

مُهْتَدِيْنَ — {ہ د ی} (افتعال) اِهْتَدٰی یَهْتَدِیْ سے اسم الفاعل مُهْتَدٍ کی جمع ہے (ہدایت اختیار کرنا، راہ ہدایت پر چلنا) اس کی حالت رفع (Original form) مُهْتَدُوْنَ ہے۔ یہاں حالت نصب کَانُوْا کی خبر ہونے کی وجہ سے ہے۔ مَا کَانُوْا مُهْتَدِیْنَ کا معنی یہ بھی ہوسکتا ہے کہ وہ راہ راست اختیار کرنے والے نہیں ہوئے۔

تفسیری نکات: ایمان وہدایت انتہائی قیمتی چیز ہے لیکن ان منافقوں نے اس کو دے کر گمراہی جو کہ انتہائی نکمی چیز ہے، وہ لے لی۔ یہ غیر محسوس بیع ہے اس تجارت میں ان کو کسی قسم کا فائدہ نہ ہوا اور حقیقت یہ ہے کہ وہ ہدایت کو دلی طور پر قبول کرنے کے لئے آمادہ ہی نہ تھے۔ اللہ تو دلوں کے بھید کو جانتا ہے۔

مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِی اسْتَوْقَدَ

مَثَلُ	هُمْ	كَ	مَثَلِ	الَّذِی	اسْتَوْقَدَ
مثال	ان کی	مانند	مثال	جس نے	روشنی حاصل کرنے کیلئے جلائی
(مبتدا) مضاف	مضاف الیہ	(خبر) حرف جر	مضاف	اسم موصول / مضاف الیہ	فعل ماضی (فاعل) (استفعال)

نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ

نَارًا	فَ	لَمَّا	اَضَآءَتْ	مَا	حَوْلَ	هٗ	ذَهَبَ
آگ	تو	جب	روشن کردیا اس نے	جو	اردگرد	اس کے	لے گیا / سلب کرلی
مفعول	حرف	ظرفیہ	فعل ماضی (افعال)	موصولہ	مضاف	مضاف الیہ	فعل ماضی

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

اللّٰہُ بِنُوۡرِہِمۡ وَ تَرَکَہُمۡ

اللّٰہُ	بِ	نُوۡرِ	ہِمۡ	وَ	تَرَکَ	ہُمۡ
اللہ	متعدی بنانے کے لئے ہے	روشنی	ان کی	اور	چھوڑ دیا	ان کو
فاعل	حرف جر	مضاف	مضاف الیہ	حرف جر	فعل ماضی	مفعول

فِیۡ ظُلُمٰتٍ لَّا یُبۡصِرُوۡنَ {17}

فِیۡ	ظُلُمٰتٍ	لَّا	یُبۡصِرُوۡنَ
میں	تاریکیوں	نہیں	وہ دیکھتے
حرف جر	مجرور	حرف نفی	فعل مضارع جمع مذکر غائب

بامحاورہ ترجمہ: ان کی مثال اس طرح ہے کہ ایک شخص نے انہیں روشنی فراہم کرنے کے لئے آگ جلائی جب اس آگ نے اردگرد کو روشن کر دیا تو اللہ نے ان کی روشنی سلب کر لی اور انہیں تاریکیوں میں رہنے دیا وہ دیکھ نہیں سکتے۔

لغوی نکات:

اسۡتَوۡقَدَ اس کا مادہ {و ق د} ہے۔ یہ باب استفعال سے فعل ماضی واحد مذکر غائب ہے۔ لغوی معنی جلنا اور روشن ہونا ہے، باب استفعال سے استعمال ہونے کی وجہ سے اس میں طلب کرنے کا معنی پیدا ہو گیا ہے۔ چنانچہ اس کا لفظی ترجمہ ہوگا "اس نے آگ سے جلنے اور روشن ہونے کو طلب کیا" اور بامحاورہ ترجمہ ہوگا "اس نے روشنی حاصل کرنے کے لئے آگ جلائی" یعنی اس نے بڑی کوشش سے آگ جلائی تا کہ اس سے راستہ روشن ہو جائے اور اس کی روشنی میں منزل مقصود تک پہنچا جا سکے۔ اس لئے یہاں اَوۡقَدَ کی بجائے اِسۡتَوۡقَدَ استعمال کیا گیا ہے۔ آگ جلانے والے سے مراد بعض کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور بعض کے نزدیک عام ہے۔

فَلَمَّآ یہ حرف اگر مضارع سے پہلے آئے تو "ابھی تک نہیں" کے معنی میں حروف جازمہ میں سے ایک حرف ہوگا اور اگر فعل ماضی سے پہلے آئے تو "جب" کے معنی میں لَمَّا ظرفیہ کہلائے گا۔

اَضَآءَتۡ {ض و ء} (افعال) اَضَاءَ یُضِیۡءُ سے فعل ماضی ہے، اس سے مجرد (ن) ضَاءَ یَضُوۡءُ استعمال ہوتا ہے جس کا معنی (روشن ہونا) ہے۔ باب افعال سے استعمال ہونے کی وجہ سے اس کا معنی ہوگا (روشن کرنا) اس میں موجود مونث کی ضمیر ھِیَ کا مرجع نَارًا ہے جو مونث سماعی ہے۔

ذَهَبَ اللّٰہُ بِنُوۡرِہِمۡ "ذھب" فعل لازم ہے۔ فعل لازم کے بعد استعمال ہونے والی۔ "با" "ب" متعدی بنانے کیلئے استعمال ہوتی ہے

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

جسے اَلْبَاءُ لِلتَّعَدِّیْ کہا جاتا ہے۔ چنانچہ اسکا معنی ہوگا ''لے گیا اللہ انکی روشنی کو'' یعنی اللہ نے انکو روشنی سے محروم کردیا۔

یُبْصِرُوْنَ اس کا مادہ {ب ص ر} ہے، اس سے مجرد (ك) ''بَصُرَ یَبْصُرُ'' استعمال ہوتا ہے، جس کا معنی ہے (نظر آنا) اور اگر یہ باب افعال اَبْصَرَ یُبْصِرُ سے ہوتو متعدی ہونے کی وجہ سے معنی ہوگا (دیکھنا) قرآن مجید میں جہاں بَصُرَ یعنی لازم استعمال ہوا ہے مثلاً ''بَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ'' تو اس کے بعد باً (ب) کا استعمال ہوا ہے جس نے اسے متعدی بنا دیا ہے۔

تفسیری نکات: اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے منافقوں کی حالت کی ایک مثال سے وضاحت فرمائی جس طرح کوئی شخص رات کو جنگل میں آگ جلاتا ہے، اردگرد کی چیزیں اس کو دکھائی دیتی ہیں پھر اچانک آگ کی روشنی ختم ہوجاتی ہے تو دوبارہ اندھیرے میں چلا جاتا ہے۔ اسی طرح ان منافقوں کو اللہ تعالیٰ نے ایمان کی روشنی عطا فرمائی تھی لیکن اس کی انہوں نے کوئی قدر نہ کی اور منافقت سے کام لینا شروع کردیا۔ اللہ اور اہل ایمان کو دھوکہ دینے لگے حالانکہ اللہ کو کون دھوکہ دے سکتا ہے، اس گندی حرکت کی وجہ سے ایمان کی لذت و روشنی ختم ہوگئی۔

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَۙ {18}

صُمٌّۢ	بُكْمٌ	عُمْیٌ	فَ	هُمْ	لَا	یَرْجِعُوْنَ
بہرے ہیں	گونگے ہیں	اندھے ہیں	تو	وہ	نہیں	واپس آئیں گے (لوٹتے)
خبر	خبر	خبر	حرف	مبتدا	حرف نفی	فعل مضارع، خبر

بامحاورہ ترجمہ: وہ حق سے بہرے گونگے اور اندھے ہوچکے ہیں اب وہ ہدایت کی طرف واپس نہیں آئیں گے۔

لغوی نکات:

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ یہ کلمات بالترتیب اَصَمُّ اَبْكَمُ اور اَعْمٰی کی جمع ہیں۔ اور مبتدا محذوف کی خبریں ہیں هُمْ صُمٌّ۔ مبتدا خبر۔ هُمْ بُكْمٌ۔ هُمْ عُمْیٌ۔

فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ اس جملے کے بعد ''اِلَى الْحَقِّ'' محذوف ہے کہ حق کی طرف واپس نہ آئیں گے۔ (حق کی طرف نہیں لوٹتے)

تفسیری نکات: یہ تمثیل اس طبقے سے متعلق ہے جو حق کے واضح ہوجانے کے بعد محض تعصب اور عناد کی وجہ سے اس کی مخالفت کا مرتکب ہوتا ہے۔ یہ لوگ حق بات کو سننے سے بہرے، گونگے ہیں اور اس کو بولتے بھی نہیں ہیں۔ صراط مستقیم سے اندھے ہیں، یہ حق کی طرف کبھی لوٹ کر نہیں آسکتے، کیونکہ ان کی نیتیں خراب ہیں۔

اَوْ كَصَیِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِیْهِ ظُلُمٰتٌ

اَوْ	كَ + صَیِّبٍ	مِّنَ	السَّمَآءِ	فِیْ	هِ	ظُلُمٰتٌ
یا	مانند + تیز بارش	سے	آسمان	میں	اس	تاریکیاں
حرف عطف	حرف جر + مجرور	حرف جر	مجرور	(خبر مقدم) حرف جر	مجرور	مبتدا موخر معطوف علیہ

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

وَّ رَعۡدٌ وَّ بَرۡقٌ ۚ یَجۡعَلُوۡنَ اَصَابِعَهُمۡ فِیۡۤ اٰذَانِهِمۡ

وَّ	رَعۡدٌ	وَّ	بَرۡقٌ	یَجۡعَلُوۡنَ	اَصَابِعَ+ هُمۡ	فِیۡۤ	اٰذَانِ+ هِمۡ
اور	گرج	اور	چمک	ڈالتے ہیں	انگلیاں + انکی / اپنی	میں	کانوں + انکے / اپنے
حرف عطف	معطوف	حرف عطف	معطوف	فعل مضارع	مفعول مضاف + مضاف الیہ	حرف جر	(مجرور) مضاف + مضاف الیہ

مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الۡمَوۡتِ ؕ وَاللّٰهُ مُحِیۡطٌۢ بِالۡکٰفِرِیۡنَ {19}

مِّنَ	الصَّوَاعِقِ	حَذَرَ	الۡمَوۡتِ	وَ	اللّٰهُ	مُحِیۡطٌۢ	بِ	الۡکٰفِرِیۡنَ
سے	بجلیاں	ڈر (سے)	موت (کے)	اور	اللہ	گھیرنے والا	سے / کو	کافروں
حرف جر	مجرور	مضاف	مضاف الیہ	حرف جر	مبتدا	خبر	حرف جر	مجرور

بامحاورہ ترجمہ: یا ان کی مثال آسمان سے نازل ہونے والی اس تیز بارش کی سی ہے جس میں تاریکیاں، گرج اور چمک ہو وہ گرج اور چمک والی بجلیوں سے خائف ہوکر موت کی دہشت کی وجہ سے اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں ڈال لیتے ہیں۔ اور اللہ کافروں کا ہر طرف سے احاطہ کئے ہوئے ہے۔

لغوی نکات:

کَصَیِّبٍ کَ+ صَیِّبٍ {ص و ب} (ن) "صَابَ یَصُوۡبُ" سے فَعِیۡلٌ کے وزن پر مبالغے کا صیغہ ہے (بارش کا اوپر سے نیچے آنا)۔

السَّمَآءِ {س م و} (ن) سَمَا یَسۡمُوۡ کا اسم، لغوی معنی ہے (بلند ہونا) مراد آسمان ہے۔

فِیۡهِ فِیۡ + ہٖ میں ضمیر -ہٖ- کا مرجع صَیِّبٍ ہے، مرکب جاری ہے اور خبر مقدم ہے۔ (اس میں)

ظُلُمٰتٌ ظُلۡمَةٌ کی جمع ہے یہ مبتدا مؤخر ہے۔ اس کا مادہ {ظ ل م} ہے۔ اس سے باب (س) "ظَلِمَ یَظۡلَمُ" استعمال ہوتا ہے اور اس کا مصدر ظَلَمٌ ہے (تاریک ہونا) اور اگر یہ مادہ ظَلَمَ یَظۡلِمُ (ض) سے استعمال ہو تو اس کا مصدر ظُلۡمٌ استعمال ہوتا ہے اور معنی ہوگا (ظلم کرنا)۔

بَرۡقٌ {ب ر ق} (ن) بَرَقَ یَبۡرُقُ کا مصدر ہے، (بجلی کا چمکنا)۔ اگر یہ مادہ (س) بَرِقَ یَبۡرَقُ سے استعمال ہو تو معنی ہوگا (حیران ہونا، آنکھوں کا چندھیا جانا) قرآن مجید کی آیت "فَاِذَا بَرِقَ الۡبَصَرُ" میں "بَرِقَ" اسی باب سے ہے۔

اَصَابِعَهُمۡ اُصَابِعَ + هُمۡ اَصَابِعَ، اِصۡبَعٌ کی جمع ہے، یہ مرکب اضافی ہے مفعول ہے۔ (انگلیاں)

الصَّوَاعِقِ {ص ع ق} (س) صَعِقَ یَصۡعَقُ سے اسم الفاعل الصَّاعِقَةُ کی جمع ہے (بے ہوش کرنا) یہاں ہوش وحواس گم کردینے والی بجلیاں اور ان کے ساتھ آنے والی گرج کی آواز مراد ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

حَذَرَ الْمَوْتِ نکرہ + معرفہ = مرکب اضافی ہے، اسی لئے "الْمَوْتِ" حالت جر میں ہے "حَذَرَ" مفعول لہ ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے۔ یہ لفظ یَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ میں موجود فعل کی وجہ بیان کر رہا ہے اور ہر وہ اسم جو کسی فعل کی غرض و غایت اور سبب کو بیان کرے مفعول لہ کہلاتا ہے۔ یعنی جس طرح یہ لوگ بادلوں کی گرج اور بجلی کی چمک سے خوف زدہ ہوکر اپنی انگلیاں کانوں میں ڈال لیتے ہیں، اسی طرح منافقین بھی حق بات سننے سے اعراض کرتے ہیں۔

وَاللّٰهُ مُحِيْطٌ بِالْكٰفِرِيْنَ جملہ اسمیہ ہے "اللّٰہ" مبتدا ہے اور "مُحِيْطٌ بِالْكَافِرِيْنَ" خبر ہے۔ مُحِيْطٌ کا مادہ (ح و ط) ہے اور یہ اَحَاطَ یُحِیْطُ (افعال) سے اسم الفاعل ہے جو کہ اصل میں اَحْوَطَ یُحْوِطُ تھا اور تعلیل کے بعد اَحَاطَ یُحِیْطُ استعمال ہوا۔ اس کا لغوی معنی (احاطہ کرنا، گھیرے میں لینا) ہے "اَلْکَافِرِیْنَ" کَفَرَ یَکْفُرُ (ن) سے اسم الفاعل ہے۔ "ب" کی وجہ سے حالت جر میں ہے۔ اس کا لغوی معنی (چھپانا) ہے اور کافر چونکہ اللہ رب العزت کی طرف سے عطا کردہ اس نعمت ایمان کو چھپاتا ہے جو فطرت بنا کر اس کے اندر ودیعت کردی گئی ہے، اس لئے اسے اَلْکَافِرُ کہا جاتا ہے۔ انہیں گھیرے میں لینے سے مراد ہے کہ ایسے لوگ اللہ کی گرفت سے بچ نہیں سکتے۔

تفسیری نکات: اَوْ كَصَيِّبٍ سے منافقوں کے بارے میں دوسری مثال بیان کی گئی ہے کہ قرآن کے نزول کے وقت یہ لوگ اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں ٹھونس لیتے ہیں تاکہ سن کر ان پر عمل نہ کرنا پڑے، جس طرح کوئی اندھیری رات میں بادلوں کی گرج و چمک اور خوفناک آوازوں کی شکل میں اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں ٹھونس لیتے ہیں تاکہ موت نہ آجائے۔ یہ کس طرح ہوسکتا ہے اللہ تعالیٰ تو ان کافروں اور منافقوں کا احاطہ کرنے والا ہے۔

يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ۭ كُلَّمَآ اَضَاۗءَ

يَكَادُ	الْبَرْقُ	يَخْطَفُ	اَبْصَارَ	هُمْ	كُلَّمَآ	اَضَاۗءَ
قریب ہے	بجلی	اچک لے	نگاہوں	ان کی	جب کبھی	وہ روشنی کرتی ہے
فعل مضارع	اسم	فعل مضارع	مضاف (مفعول)	مضاف الیہ	حرف شرط	فعل ماضی

لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ ڎ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ

لَ (لِ) + هُمْ	مَّشَوْا	فِيْ + هٖ	وَ	اِذَآ	اَظْلَمَ	عَلٰى + هِمْ
لئے + ان کے	چلتے ہیں	میں + اس	اور	جب	وہ تاریکی کرتی ہے	پر + ان
حرف جر + مجرور	فعل ماضی	حرف جر + مجرور	حرف عطف	حرف شرط	فعل ماضی	حرف جر + مجرور

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

قَامُوْا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ

لَ + ذَهَبَ	اللّٰهُ	شَآءَ	لَوْ	وَ	قَامُوْا
یقیناً + لے جائے	اللہ	چاہے	اگر	اور	کھڑے ہوجاتے ہیں
حرف تاکید + فعل ماضی (فاعل)	فاعل	فعل ماضی	حرف شرط	حرف عطف	فعل ماضی

بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اللّٰهَ	اِنَّ	هِمْ	اَبْصَارِ	وَ	بِ + سَمْعِ + هِمْ
اللہ	یقیناً	ان کی	بصارتیں	اور	متعدی بنانے کے لئے + سماعت + ان کی
اِنَّ کا اسم	حرف تاکید	مضاف الیہ معطوف	مضاف	حرف عطف	حرف جر + مجرور/ مضاف + مضاف الیہ (معطوف علیہ)

عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ {20}ع

قَدِیْرٌ	شَیْءٍ	كُلِّ	عَلٰى
بہت قدرت رکھنے والا	چیز	ہر	پر
اِنَّ کی خبر	مضاف الیہ	مجرور مضاف	حرف جر

بامحاورہ ترجمہ: عین ممکن ہے بجلی ان کی نگاہوں کو اچک لے۔ جب بجلی ان کیلئے راستہ روشن کرتی ہے، وہ اس کی روشنی میں چلنا شروع کردیتے ہیں اور جب ان پر تاریکی چھا جاتی ہے تو رک جاتے ہیں اور اگر اللہ چاہے تو وہ ان کی قوت سماعت سلب کرلے اور انہیں ان کی بصارتوں سے محروم کردے، بلاشک وشبہ وہ ہر چیز پر (خوب) قادر ہے۔

لغوی نکات:

یَكَادُ الْبَرْقُ یَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ یَكَادُ کا مادہ {ك و د} ہے اور باب (ف) کَادَ یَكَادُ سے فعل مضارع صیغہ واحد مذکر غائب ہے۔ اسکا معنی (قریب ہونا، عین ممکن ہونا) ہے۔ یَخْطَفُ کا مادہ {خ ط ف} ہے اور یہ خَطِفَ یَخْطَفُ (س) کا فعل مضارع صیغہ واحد مذکر غائب ہے۔ اسکا لغوی معنی (اچک لینا، جھپٹ لینا) ہے۔ جدید عربی میں (اغوا کرنا) کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ یَخْطَفُ میں هُوَ ضمیر فاعل ہے جسکا مرجع الْبَرْقُ ہے۔ اَبْصَارَهُمْ مضاف + مضاف الیہ = مفعول ہے۔ اَبْصَارٌ کا واحد بَصَرٌ ہے، اس سے بَصُرَ (ك) اور اَبْصَرَ (افعال) بھی استعمال ہوتا ہے۔ پورا معنی قریب ہے کہ بجلی انکی آنکھوں کو اُچک لے۔

كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِیْهِ كُلَّمَا حرف شرط ہے۔ اَضَاءَ کا مادہ {ض و ء} ہے، اس سے (ن) ضَاءَ یَضُوْءُ ثلاثی مجرد استعمال ہوتا ہے

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

جس کا معنی (روشن ہونا) ہے اور (افعال) اَضَاءَ یُضِیْءُ ثلاثی مزید فیہ استعمال ہوتا ہے۔ باب افعال کی وجہ سے اس کا معنی (روشن کرنا) ہے۔ اس کا فاعل ھُوَ ضمیر ہے جس کا مرجع اَلْبَرْق ہے۔ مَشَوْا کا مادہ {م ش ی} ہے۔ یہ لفظ (ض) مَشٰی یَمْشِیْ سے فعل ماضی، جمع مذکر غائب ہے۔ فِیْهِ مرکب جاری ہے۔ اصل میں فِیْ + ہُ ہے، ثقل دُور کرنے کے لئے فِیْهِ استعمال کیا جاتا ہے۔ حرف شرط کی وجہ سے ماضی کے افعال کا ترجمہ مضارع کے معنی میں کیا گیا ہے۔

وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا اِذَا اسم ظرف بھی ہے اور حرف شرط بھی۔ اَظْلَمَ کا مادہ {ظ ل م} ہے، اس سے ظَلِمَ یَظْلَمُ (س) استعمال ہوتا ہے اور اس کا معنی (تاریک ہونا) ہے، یہ ضَاءَ یَضُوْءُ کی ضد ہے۔ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ شرط ہے اور قَامُوْا جواب شرط ہے۔ قَامُوْا کا مادہ {ق و م} ہے اور یہ قَامَ یَقُوْمُ سے فعل ماضی۔ جمع مذکر غائب ہے۔

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ لَوْ حرف شرط ہے۔ شَاءَ کا مادہ {ش ی ء} ہے اور یہ شَاءَ یَشَآءُ (ف) سے فعل ماضی، واحد مذکر غائب ہے۔ اصل میں شَیَاَ یَشْیَاُ تھا تعلیل کے بعد شَآءَ یَشَآءُ استعمالی شکل بنی۔ بِسَمْعِهِمْ (ب + سَمْع + هِمْ) میں ب لازم کو متعدی بنانے کے لئے ہے۔ چنانچہ اس آیت میں ذَهَبَ کا معنی اَذْهَبَ ہوگا۔ اس صورت میں معنی میں شدت پیدا ہوجاتی ہے۔ سَمْع سے مراد قوت سماعت ہے شَاءَ اللّٰهُ شرط ہے اور لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ جواب شرط ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ جملہ اسمیہ ہے، اصل عبارت یوں ہے اِنَّ اللّٰهَ قَدِیْرٌ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ ۔ عَلٰی شَیْءٍ کو پہلے لانے سے اس پر زور دینا اور اسے نمایاں کرنا مقصود ہے۔ یعنی کوئی بھی ایسی چیز نہیں ہے جو اس کی قدرت سے باہر ہو۔ كُلِّ کا لفظ چونکہ مضاف ہوکر استعمال ہوتا ہے، اس لئے شَیْءٍ حالت جر میں ہے۔

تفسیری نکات: یہ تمثیل منافقین کے اس طبقے سے متعلق ہے جو اسلام قبول کرنے کا ارادہ کرتا مگر جہاد اور دیگر واجبات و اعمال سے گھبرا کر پھر ارادہ ترک کردیتا۔ منافقوں کو جب اپنے مطلب کی کوئی چیز نظر آتی ہے تو بڑے خوش ہوتے ہیں اور جب کوئی پریشانی والی چیزیں نظر آتی ہیں تو سوچنے لگ جاتے ہیں کہ اب کیا کریں تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یہ قوت سماعت و قوت بصارت اللہ کی بہت بڑی نعمتیں ہیں جب ان کو صحیح استعمال میں نہیں لاؤ گے تو قریب ہے کہ اللہ ان نعمتوں کو چھین لے۔ کیونکہ اللہ ہر چیز پر خوب قادر ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ

يَآ	اَيُّهَا	النَّاسُ	اعْبُدُوْا	رَبَّ	كُمْ	الَّذِیْ	خَلَقَ	كُمْ
اے	متنبہ ہوجاؤ	لوگو!	تم عبادت کرو	رب	تمہارے (اپنے)	جس نے	پیدا کیا	تمہیں
حرف ندا	حرف تنبیہ	منادی	فعل امر جمع	مفعول/مضاف	مضاف الیہ	اسم موصول، واحد	فعل ماضی	مفعول

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ {21}

تَتَّقُوْنَ	كُمْ	لَعَلَّ	كُمْ	قَبْلِ	مِنْ	الَّذِيْنَ	وَ
تقویٰ اختیار کرو	تم	تا کہ	تمہارے	پہلے	سے	ان کو جو	اور
فعل مضارع لَعَلَّ کی خبر	لَعَلَّ کا اسم	اِنَّ کا ساتھی حرف مشبہ بالفعل	مضاف الیہ	مجرور مضاف	حرف جر	اسم موصول، جمع	حرف عطف

بامحاورہ ترجمہ متنبہ ہو جاؤ اے لوگو! تم اپنے اس رب کی عبادت کرو جس نے تمہیں اور ان لوگوں کو پیدا کیا جو تم سے پہلے تھے تا کہ تم اس ہستی کا تقویٰ اختیار کرو (یعنی اس کے عذاب سے ڈرتے ہوئے اس کی نافرمانی سے بچ جاؤ)

لغوی نکات:

اُعْبُدُوْا {ع ب د} باب (ن) سے فعل امر جمع مذکر۔ (عبادت کرنا)

خَلَقَكُمْ خَلَقَ + كُمْ {خ ل ق} باب (ن) سے فعل ماضی + كُمْ مفعول۔ (پیدا کرنا)

تفسیری نکات: اللہ نے اس آیت میں حکم دیا ہے کہ اپنے رب کی عبادت کرو اور اس کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ وہ اللہ تمہارا بھی خالق ہے اور تم سے پہلے لوگوں کا بھی اور جو خالق ہوگا اس کو ہی سجدہ کرنا چاہئے اور اس سے ہی ڈرنا چاہئے۔

الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا

فِرَاشًا	الْاَرْضَ	كُمْ	لَ (لِ)	جَعَلَ	الَّذِیْ
ہموار / بچھونا	زمین	تمہارے	لئے	بنایا	جس نے
مفعول نمبر 2	مفعول نمبر 1	مجرور	حرف جر	فعل ماضی	اسم موصول

وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً ۠ وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ

اَخْرَجَ	فَ	مَآءً	السَّمَآءِ	مِنَ	اَنْزَلَ	وَّ	بِنَآءً	السَّمَآءَ	وَّ
اس نے نکالا	تو	پانی	آسمان	سے	اس نے اتارا	اور	چھت	آسمان کو	اور
فعل ماضی	حرف	مفعول	مجرور	حرف جر	فعل ماضی	حرف عطف	مفعول 2	جَعَلَ کا مفعول 1	حرف عطف

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا

بِ + ہٖ	مِنَ	الثَّمَرٰتِ	رِزْقًا	لَ (لِ)	كُمْ	فَ	لَا	تَجْعَلُوْا
سے (ذریعہ سے) + اس	سے	پیداوار	رزق (مادی خوراک)	لئے	تمہارے	تو	نہ	بناؤ تم
حرف جر + مجرور	حرف جر	مجرور	مفعول	حرف جر	مجرور	حرف	حرف نہی	فعل نہی

لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ {22}

لِ + اللهِ	اَنْدَادًا	وَّ	اَنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ
کے لئے + اللہ	مدمقابل۔شریک	اور (حالانکہ)	تم	جانتے ہو
حرف جر + مجرور	مفعول۔ نِدٌّ کی جمع	حرف عطف / حالیہ	مبتدا	فعل مضارع (خبر)

بامحاورہ ترجمہ جس نے تمہارے لئے زمین کو ہموار یعنی رہنے کے قابل بنایا اور آسمان کی چھت (یعنی تمہارے اوپر) بنایا اور اس نے آسمان سے پانی اتارا۔تو (پھر) اس نے اس (پانی) سے پیداوار میں سے تمہارے لئے رزق مہیا کیا تو تم جانتے بوجھتے ہوئے اللہ کے مدمقابل ہستیاں (شرکاء) مت بناؤ۔

لغوی نکات:

اَلثَّمَرٰتِ کا معنی عموماً پھل کردیا جاتا ہے جب کہ اس کا معنی وسیع تر ہے اور اس سے مراد زمین سے حاصل ہونے والی ہر قسم کی پیداوار ہے۔

رِزْقًا کو مفعول لہ بھی قرار دیا جاسکتا ہے۔ اس صورت میں ترجمہ ہوگا ''تمہارے لئے رزق یعنی مادی خوراک کی غرض سے اس نے زمین سے پیداوار نکالی''

وَ حرف عطف کے علاوہ حال کے معنی میں بھی استعمال ہوتی ہے جسے واؤ حالیہ کہا جاتا ہے چنانچہ معنی ہوگا ''اس حال میں کہ......''

تفسیری نکات: ان سے پہلی آیات میں ان 3 طبقات کا تعارف کرایا گیا جن کا قرآن مجید کو سامنا کرنا پڑا۔ ان کے طرز عمل اور ان کی جزا وسزا کا بھی ذکر ہوا۔ کسی بھی کتاب کے مکمل تعارف کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ ان کے حالات اور معاصرین کے اس ردّ عمل کو بھی بیان کیا جائے جس سے اس کتاب کو واسطہ پڑا ہو۔ اسی لئے قرآن مجید کے آغاز میں بھی اس کا ذکر کیا گیا۔ مذکورہ بالا 2 آیات (آیت نمبر 21 اور 22) میں قرآن مجید کے پیش کردہ تصور توحید کی وضاحت کی گئی ہے۔ گویا کہ یہاں سے قرآن مجید کی بنیادی دعوت کا آغاز ہو رہا ہے۔

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

وَ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى

عَلٰى	نَزَّلْنَا	مَّا	مِنْ	رَيْبٍ	فِيْ	كُنْتُمْ	اِنْ	وَ
پر	ہم نے نازل کیا	(اس) جو	سے	شک	میں	تم ہو	اگر	اور
حرف جر	فعل ماضی/ جمع متکلم	موصولہ	حرف جر	مجرور	حرف جر	فعل ماضی	حرف شرط	حرف عطف

عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ

مِّنْ	سُوْرَةٍ	بِ	فَ + اْتُوْا	نَا	عَبْدِ
سے	کوئی سورت	ب متعدی بنانے کے لئے	تو + آؤتم (لاؤتم)	ہمارے (اپنے)	بندے
حرف جر	مجرور	حرف جر	حرف + فعل امر	مضاف الیہ	مجرور مضاف

مِّثْلِهٖ ۪ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ

مِّنْ	كُمْ	شُهَدَآءَ	ادْعُوْا	وَ	مِثْلِ + هٖ
سے	تمہارے (اپنے)	گواہی دینے والوں	تم بلا لو	اور	جیسی + اس کی
حرف جر	مضاف الیہ	مفعول/مضاف	فعل امر	حرف عطف	مجرور مضاف + مضاف الیہ

دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ {23}

صٰدِقِيْنَ	كُنْتُمْ	اِنْ	اللّٰهِ	دُوْنِ
سچے	تم ہو	اگر	اللہ	علاوہ
کُنْتُمْ کی خبر	فعل ماضی + اسم	حرف شرط	مضاف الیہ	مجرور/مضاف

بامحاورہ ترجمہ: اور اگر تمہیں اس (کلام) میں کوئی شک ہے جو ہم نے اپنے بندے پر نازل کیا ہے تو تم بھی اس جیسی کوئی سورت بنا کر لاؤ اور (اس مقصد کے لئے) اللہ کے علاوہ اپنے سب حمایتی بھی بلالو (جو تمہارے ساتھ مل کر یہ گواہی دیتے ہیں کہ یہ اللہ کی نازل کردہ کتاب نہیں) اگر تم سچے ہو۔

لغوی نکات:

كُنْتُمْ یہ کَانَ سے فعل ماضی جمع مذکر حاضر کا صیغہ ہے۔ کَانَ عربی زبان میں دو معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ ''تھا'' کے معنی میں

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بھی اور ''ہونا'' کے معنی میں بھی۔ یہاں دوسرے معنی میں ہے۔

فَأْتُوا یہ اصل میں ف + أتُوْا تھا۔ أتُوْا کا پہلا ہمزہ پچھلے حرف کیساتھ مل کر ساکت (Silent) ہوا تو فَاْتُوْا پڑھا جاتا ہے۔ ہمارے ہاں رائج رسم الخط میں اس کو یوں لکھا جاتا ہے فَاْتُوْا یعنی الف کے اوپر ہمزہ کی علامت (أ) کے بغیر۔ یہ اَتٰی یَاْتِیْ سے فعل امر ہے جسکا ذاتی معنی تو ہے (آنا) لیکن اسکے بعد چونکہ (ب) حرف جر آرہا ہے، اس لئے معنی ہوگا (تم لاؤ)۔

تفسیری نکات: گزشتہ آیات میں توحید کے قرآنی تصور کو مدلل انداز سے پیش کرنے کے بعد اس آیت میں نبی آخرالزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کو بڑے عقلی و منطقی انداز سے ثابت کیا گیا ہے کہ یا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کے منکرین قرآن مجید کے مقابلے میں پوری کتاب نہیں کم از کم ایک سورت ہی پیش کردیں جس پر خود ان کا ضمیر مطمئن ہوجائے کہ ان کی بنائی ہوئی سورت قرآن مجید کی فصاحت و بلاغت اور تاثیر کی قوت کا مقابلہ کرتی ہے، ورنہ اس بات پر ایمان لانے میں کسی تردد اور تذبذب کے بغیر ادنیٰ سی بھی تاخیر نہ کریں کہ یہ اللہ کی کتاب ہے اور ظاہر ہے جس پر نازل ہوتی ہے، وہ اللہ کے پیغمبر ہیں۔

فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا

فَ	اِنْ	لَّمْ	تَفْعَلُوْا	وَ	لَنْ	تَفْعَلُوْا
تو	اگر	نہ	کیا تم نے	اور	ہرگز نہیں	تم کرسکو گے
حرف	حرف شرط	حرف جازمۃ المضارع	فعل مضارع مجزوم	حرف عطف	حرف ناصبۃ المضارع	فعل مضارع منصوب

فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ

فَ	اتَّقُوْا	النَّارَ	الَّتِیْ	وَقُوْدُ	هَا	النَّاسُ
تو	ڈرو اور بچو	آگ (سے)	وہ جو	ایندھن ہیں	اس آگ کا	لوگ
حرف	فعل امر جمع مذکر	مفعول (مونث سماعی)	اسم موصول (واحد مونث)	(مبتدا) مضاف	مضاف الیہ	(خبر) اسم معطوف علیہ

وَالْحِجَارَةُ ۚ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ {24}

وَ	الْحِجَارَةُ	اُعِدَّتْ	لِ	اَلْكَافِرِيْنَ
اور	پتھر	تیار کی گئی ہے	(کے) لئے	کافروں
حرف عطف	اسم (اَلْحجر) کی جمع معطوف	ماضی مجہول	حرف جر	مجرور

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

بامحاورہ ترجمہ: اگر تم نے ایسا نہ کیا اور (یاد رکھو) ہرگز تم کر بھی نہیں سکو گے تو اس آگ سے ڈرو اور بچو جس کا ایندھن لوگ اور پتھر ہوں گے جسے کافروں کے لئے تیار کیا گیا ہے۔

لغوی نکات:

فَاتَّقُوا ف+اتَّقُوا۔ اتَّقُوا کا مادہ {وق ی} ہے جو دو معنوں میں استعمال ہوتا ہے ① ڈرنا، ② بچنا۔ اس لئے اس کے ترجمے میں دونوں معنوں کا لحاظ رکھا گیا ہے۔

اُعِدَّتْ اس کا مادہ {ع د د} ہے، اس سے باب افعال اَعَدَّ یُعِدُّ اِعْدَادٌ استعمال ہوتا ہے۔ یہ ماضی مجہول ہے اور اس میں ھِیَ ضمیر النَّارُ کی طرف لوٹ رہی ہے جو مونث سماعی ہے۔ (تیار کی گئی ہے)

تفسیری نکات: اس آیت میں کافروں کو چیلنج کیا گیا ہے کہ تم اس قرآن کا مقابلہ نہیں کر سکتے اور قیامت تک نہیں کر سکتے تو اس پر ایمان لاؤ وگرنہ اس جہنم میں تم کو داخل کیا جائے گا جس میں لوگ اور پتھر ڈالے جائیں گے اور وہ آگ کافروں کے لئے ہی تیار کی گئی ہے۔

وَ بَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

وَ	بَشِّرِ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ
اور	آپ خوشخبری دیں	ان لوگوں کو جو	وہ ایمان لائے	اور	انہوں نے عمل کئے	نیک
حرف عطف	فعل امر (فعل+فاعل)	اسم موصول (مفعول)	فعل ماضی (صلہ)	حرف عطف	فعل ماضی (فعل+فاعل)	جمع سالم مونث مفعول

اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

اَنَّ	لَ (لِ)	هُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ
کہ	لئے	ان (کے)	باغات	بہتی ہیں
حرف مشبہ بالفعل	حرف جر	مجرور (ضمیر متصل) خبر مقدم	اَنَّ کا اسم موخر (جمع سالم مونث)	فعل مضارع جرَی (ض)

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا

مِنْ	تَحْتَ	هَا	الْاَنْهٰرُ	كُلَّمَا	رُزِقُوْا	مِنْ	هَا
سے	نیچے	ان کے	نہریں	جب بھی	انہیں دیا جائے گا	سے	اُن
حرف جر	مضاف (مجرور)	مضاف الیہ	تَجْرِیْ کا فاعل	حرف شرط	ماضی مجہول (فعل+نائب فاعل)	حرف جر	مجرور (ضمیر متصل)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

مِنۡ ثَمَرَةٍ رِّزۡقًا ۙ قَالُوۡا هٰذَا الَّذِىۡ رُزِقۡنَا

مِنۡ	ثَمَرَةٍ	رِّزۡقًا	قَالُوۡا	هٰذَا	الَّذِىۡ	رُزِقۡنَا
سے (کوئی)	پھل	دیا جانا (اہتمام کیساتھ)	وہ کہیں گے	یہ	جو	ہمیں دیا گیا
حرف جر (تبعیضیہ)	مجرور	مفعول مطلق (تاکیدی مصدر)	فعل ماضی (فعل + فاعل)	اسم اشارہ (مبتدا)	اسم موصول (خبر)	ماضی مجہول (صلہ)

مِنۡ قَبۡلُ ۙ وَاُتُوۡا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ

مِنۡ	قَبۡلُ	وَ	اُتُوۡا	بِ	هٖ	مُتَشَابِهًا
سے	پہلے	حالانکہ	ان کے پاس لایا جائے گا	سے	اس	ملتا جلتا (مشابہ)
حرف جر	مجرور (مبنی علی الضم)	حالیہ	ماضی مجہول (اَتٰی یَاْتِیْ)	حرف جر للتعدی	مجرور	حال

وَلَهُمۡ فِيۡهَآ اَزۡوَاجٌ

وَ	لَ (لِ) + هُمۡ	فِيۡ	هَا	اَزۡوَاجٌ
اور	لئے + اُن کے	میں	اُس	بیویاں
حرف عطف	حرف جر + مجرور (ضمیر متصل) خبر مقدم	حرف جر	مجرور	زَوۡج کی جمع (موصوف)

مُّطَهَّرَةٌ ۙ وَّهُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ {25}

مُّطَهَّرَةٌ	وَّ	هُمۡ	فِيۡ + هَا	خٰلِدُوۡنَ
پاکیزہ	اور	وہ	میں + اُس	ہمیشہ رہیں گے
اسم المفعول (صفت) مبتدا مؤخر	حرف عطف	ضمیر منفصل (مبتدا)	حرف جر + مجرور	هُمۡ کی خبر (اسم الفاعل جمع مذکر)

بامحاورہ ترجمہ: اور آپ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال کئے اس بات کی خوشخبری سنا دیں کہ ان کے لئے ایسے باغات ہوں گے جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی جب بھی ان باغات کا کوئی پھل بڑے اعزاز و اہتمام کے ساتھ ان کی خدمت میں پیش کیا جائے گا وہ کہیں گے یہ تو وہی ہے جو ہمیں اس سے پہلے دیا گیا۔ حالانکہ (حقیقت یہ ہوگی کہ وہ پہلے پیش کیا جانے والا پھل نہیں ہوگا بلکہ) ان کے پاس لایا جائے گا اس سے ملتا جلتا اور ظاہری شکل وصورت میں اس سے مشابہ (پھل) (جو ذائقے میں پہلے پھل سے مختلف اور متنوع ہوگا) اور ان کے لئے اُن باغات میں پاکیزہ بیویاں ہوں گی اور وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

لغوی نکات: عربی گرائمر کا قاعدہ ہے "اَلْفِعْلُ السَّاكِنُ اِذَا حُرِّكَ حُرِّكَ بِالْكَسْرَةِ" یعنی جب کوئی فعل ساکن ہو یعنی اس کے آخر میں سکون (ْ) ہو اور اسے اگلے لفظ کے ساتھ ملانے کے لئے حرکت دینی پڑ جائے تو زیر (ِ) کی حرکت لگائی جائے گی۔ اسی قاعدے کے مطابق بَشِّرِ + الَّذِيْنَ پڑھا گیا۔

الصّٰلِحٰتِ مفعول ہے اور مفعول حالت نصب میں ہوتا ہے اور حالت نصب میں اسم کے آخر میں زبر آتی ہے لیکن یہاں زبر کی بجائے زیر (ِ) ہے۔ ایسا اس لئے ہے کہ یہ جمع سالم مونث ہے اور جمع سالم مونث کے آخر میں جہاں زبر (َ) آنی چاہئے وہاں زیر (ِ) آتی ہے۔ یہی وجہ (جَنّٰتٍ) کے آخر میں دو زیر (ٍ) آنے کی ہے۔

تَجْرِيْ {ج ر ی} باب (ض) فعل مضارع۔ واحد مونث کا صیغہ ہے۔ يَجْرِيْ کی بجائے تَجْرِيْ یعنی مونث کا صیغہ اس لئے استعمال ہوا ہے کہ اس کا فاعل اَلْاَنْهٰرُ جمع مکسر غیر عاقل ہے۔ (چلنا، بہنا)

مِنْ (حرف جر) بعض اوقات "سے" کی بجائے "کوئی" کے معنیٰ میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ اسے مِنْ تبعیضیہ کہا جاتا ہے یعنی بَعْضُ کے معنی میں۔

رُزِقُوْا فعل ماضی مجہول ہے لیکن اس کا ترجمہ مستقبل میں اس لئے کیا گیا ہے کہ كُلَّمَا حرف شرط ہے اور شرط فعل ماضی سے پہلے آجائے تو اس کا ترجمہ مستقبل میں کیا جاتا ہے، اس لئے کہ کوئی شرط مستقبل کے لئے ہی عائد کی جاسکتی ہے۔

رِزْقًا کسی فعل کے بعد اس کا مصدر استعمال ہو تو اسے مفعول مطلق کہا جاتا ہے اور وہ تاکید و اہتمام کا معنی پیدا کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے اس لئے اسے تاکیدی مصدر بھی کہا جاتا ہے۔ رِزْقًا اس آیت میں رُزِقُوْا کے بعد اسی مقصد کے لئے لایا گیا ہے یہی وجہ ہے کہ ترجمے میں اس کا معنی "بڑے اعزاز و اہتمام کے ساتھ" کیا گیا ہے۔

اُتُوْا {ء ت ی} باب (ض) اَتٰى يَاْتِيْ سے فعل ماضی مجہول۔ جمع مذکر غائب ہے۔ یہ اصل میں اُتِيُوْا تھا۔ ی کا ضمہ ما قبل کو دے کر ی کو گرا دیا۔ اُتُوْا رہ گیا۔ اس کا ذاتی معنی تو ہے (آنا) لیکن اس کے بعد (ب) آجائے تو معنی ہوجاتا ہے (لانا) اس لئے اس (ب) کو بائے تعدّی کہا جاتا ہے یعنی وہ (ب) جو لازم کو متعدی بناتی ہے۔

تفسیری نکات: اس سے قبل توحید اور رسالت کا ذکر ہوا۔ اب آخرت کے ذکر کا آغاز ہو رہا ہے۔ ان آیات سے ثابت ہوتا ہے کہ آخرت میں دیگر قوتوں کے ساتھ ساتھ ذائقے کی قوت (Sense of Tasting) میں بھی بے پناہ اضافہ ہوجائے گا۔ ایک ہی شکل کے پھلوں میں بے شمار ذائقے ہوں گے اور جنتی اُن تمام ذائقوں سے لطف اندوز ہوں گے۔ دنیا میں رہ کر ہم دو قسم کی لذتوں سے آشنا ہیں۔ ① کھانے پینے کی لذت، ② جنس (Sex) کی لذت۔ ان آیات میں ان دونوں لذتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ کا مطلب ہے کہ انہیں یہ یقین دلا دیا جائے گا کہ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ کوئی قوت انہیں ان ایوانوں اور محلات سے بے دخل نہیں کر سکے گی اور نہ ہی ان نعمتوں، لذتوں اور راحتوں سے محروم کر سکے گی۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

إِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِۦٓ أَن يَضْرِبَ

إِنَّ	اللّٰهَ	لَا	يَسْتَحْيِۦٓ	أَنْ	يَّضْرِبَ
یقیناً/بیشک	اللہ	نہیں	جھجک/شرم محسوس کرتا ہے	کہ	وہ بیان کرے
حرف تاکید، حرف مشبہ بالفعل	إِنَّ کا اسم	حرف نفی	فعل مضارع حیاءٌ سے ماخوذ ہے	حرف ناصبۃ المضارع	فعل مضارع (منصوب)

مَثَلًا مَّا بَعُوضَةً فَمَا فَوْقَهَا

مَثَلًا	مَّا	بَعُوضَةً	فَ	مَا	فَوْقَ	هَا
مثال	کوئی بھی	مچھر (کی)	تو، پھر	جو	اوپر	اس کے
مفعول	برائے تاکید	مثلاً کی وضاحت/بدل	حرف	موصولہ	ظرف مکان/مضاف	مضاف الیہ

فَأَمَّا الَّذِينَ اٰمَنُوا فَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ

فَ	أَمَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	فَ	يَعْلَمُوْنَ	أَنَّ + هُ
تو	جہاں تک تعلق ہے	ان لوگوں کا جو	وہ ایمان لائے	تو	وہ جانتے ہیں	کہ + وہ
حرف	حرف تقابل	اسم موصول	فعل ماضی	حرف	فعل مضارع	حرف مشبہ بالفعل + أَنَّ کا اسم

الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ ۖ وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا

الْحَقُّ	مِنْ	رَبِّ	هِمْ	وَ	أَمَّا	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
حق ہے	سے	رب	ان کے	اور	جہاں تک تعلق ہے	ان لوگوں کا جو	انہوں نے کفر کیا
أَنَّ کی خبر	حرف جر	مجرور/مضاف	مضاف الیہ	حرف عطف	حرف تقابل	اسم موصول	فعل ماضی

فَيَقُولُونَ مَاذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ

فَ	يَقُوْلُوْنَ	مَاذَآ	أَرَادَ	اللّٰهُ	بِ	هٰذَا	مَثَلًا
تو	وہ کہتے ہیں	کیا کچھ	ارادہ کیا/چاہا	اللہ نے	سے/کی	اس	مثال دے کر
حرف	فعل مضارع	حرف استفہام	فعل ماضی	فاعل	حرف جر	اسم اشارہ/مجرور	مفعول

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا ۙ وَّ يَهْدِيْ بِهٖ

بِ + هٖ	يَهْدِيْ	وَّ	كَثِيْرًا	بِ + هٖ	يُضِلُّ
سے + اس	وہ ہدایت دیتا ہے	اور	بہت سوں کو	سے + اس	وہ گمراہ کرتا ہے
حرف جر + ضمیر مجرور	فعل مضارع	حرف عطف	مفعول	حرف جر + ضمیر مجرور	فعل مضارع (افعال)

كَثِيْرًا ۭ وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ۙ {26}

الْفٰسِقِيْنَ	اِلَّا	بِ + هٖ	يُضِلُّ	مَا	وَ	كَثِيْرًا
فاسقوں کو	مگر	سے + اس	وہ گمراہ کرتا ہے	نہیں	اور	بہت سوں کو
مستثنیٰ	حرف استثناء	حرف جر+ضمیر مجرور	فعل مضارع (اِفعال)	نافیہ	حرف عطف	مفعول

بامحاورہ ترجمہ: بے شک اللہ (اپنی مخلوقات میں سے) کوئی بھی مثال بیان کرنے میں شرم یا جھجک محسوس نہیں کرتا ہے۔ مچھر کی یا پھر جو اس سے بڑی مخلوق (مکھی) ہے (یا جو حقارت میں اس سے بھی بڑھ کر ہے) تو جو لوگ ایمان لائے ہیں تو وہ جانتے ہیں (یقین رکھتے ہیں) کہ وہ ان کے رب کی طرف سے (نازل کردہ) حق ہی ہے اور جہاں تک ان لوگوں کا تعلق ہے جنہوں نے کفر کیا تو وہ کہتے ہیں اللہ نے کیا (ثابت کرنا) چاہا ہے۔ اس کی مثال دے کر، وہ اس (قرآن یا مثال) سے بہت سوں کو گمراہ کرتا ہے اور ہدایت دیتا ہے، اس سے بہت سوں کو اور وہ اس سے صرف فاسقوں کو ہی گمراہ کرتا ہے۔

لغوی نکات

يَسْتَحْيٖٓ یہ فعل عثمانی رسم الخط کے مطابق لکھا گیا ہے تمام عربی املاء کے مطابق عموماً اسے یوں لکھا جاتا ہے يَسْتَحْيِي اس کا فعل ماضی اِسْتَحْيٰى ہے۔ یہ فعل حَيَاءٌ سے بھی ماخوذ ہوسکتا ہے اور حَيَاةٌ سے بھی۔ اگر حَيَاءٌ سے ماخوذ ہو تو معنی ہوگا (شرم محسوس کرنا) اور اگر حَيَاةٌ سے ماخوذ ہو تو مفہوم ہوگا (زندہ رہنے دینا، زندہ رکھنا) اس آیت میں حَيَاءٌ سے ماخوذ ہے جب کہ قرآن مجید کی آیت يَسْتَحْيُوْنَ نِسَاۗءَكُمْ میں یہ فعل حَيَاةٌ سے ماخوذ ہے۔ (مَثَلًا مَّا) یہاں مَا تاکید کے لئے استعمال ہوا ہے چنانچہ ترجمہ کیا گیا ہے ''کوئی بھی'' اَنَّهُ الْحَقُّ چونکہ یہاں حَقٌّ کی بجائے اَلْحَقُّ ہے یعنی خبر کو معرفہ لایا گیا ہے، اس لئے اس کا گرائمر کے مطابق معنی ہوگا ''وہ حق ہی ہے''۔

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

تفسیری نکات: ① گزشتہ آیات میں نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کو ثابت کرنے کے لئے قرآن مجید کا حوالہ دیا گیا تھا چنانچہ اسی مناسبت سے قرآن مجید پر چند جاہل مذہبی پیشواؤں کی طرف سے اٹھائے جانے والے ایک اعتراض کے حوالے سے کہا گیا کہ یہ کوئی قابل اعتراض بات نہیں کہ قرآن مجید میں مکھی اور مکڑی وغیرہ کی تمثیلات کیوں دی گئی ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کی مخلوقات ہیں اور ظاہر ہے کسی حقیقت کو تمثیلی انداز سے بیان کرنے کے لئے وہ اپنی کسی بھی مخلوق کا حوالہ دے سکتا ہے۔

② فسق کا لفظی معنی ہے ''حد اطاعت سے باہر نکلنا'' چنانچہ کہا گیا ہے کہ جو لوگ خود ہی اللہ کے قوانین کو توڑ کر حد اطاعت سے باہر نکل جاتے ہیں وہی اللہ کے قانون گمراہی کی زد میں آتے ہیں، اس لئے کہ وہ ان پر ہدایت اختیار کرنے کے لئے جبر نہیں فرماتا۔

الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۠

الَّذِيْنَ	يَنْقُضُوْنَ	عَهْدَ	اللّٰهِ	مِنْ	بَعْدِ	مِيْثَاقِ	هٖ
جو لوگ	توڑتے ہیں	وعدہ	اللہ کا	سے	بعد	پختہ کرنا	اسے
اسم موصول	فعل مضارع (ن)	مفعول / مضاف	مضاف الیہ	حرف جر	مجرور / مضاف	مضاف الیہ / مضاف	مضاف الیہ

وَ يَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ

وَ	يَقْطَعُوْنَ	مَا	اَمَرَ	اللّٰهُ	بِ	هٖ	اَنْ	يُّوْصَلَ
اور	وہ کاٹ دیتے ہیں	جو	حکم دیا	اللہ نے	سے / متعلق	اس	کہ	اسے ملایا جائے / جوڑا جائے
حرف عطف	فعل مضارع (ف)	موصولہ	فعل ماضی (ن)	فاعل	حرف جر	مجرور	حرف ناصبۃ المضارع	فعل مضارع مجہول

وَ يُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ {27}

وَ	يُفْسِدُوْنَ	فِي	الْاَرْضِ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْخٰسِرُوْنَ
اور	فساد پھیلاتے ہیں	میں	زمین	وہ	ہی	نقصان اٹھانے والے
حرف عطف	فعل مضارع (افعال)	حرف جر	مجرور	اسم اشارہ / مبتدا	برائے حصر	خَسِرَ (س) سے اسم الفاعل / خبر

بامحاورہ ترجمہ: جو اللہ سے کئے گئے اس پختہ وعدے کو توڑ ڈالتے ہیں جو اللہ نے ان سے لے رکھا ہے اور وہ اس تعلق کو کاٹ دیتے ہیں جس کے متعلق اللہ نے حکم دیا ہے کہ اسے ملا کر (یا جوڑ کر) رکھا جائے اور وہ زمین میں فساد پھیلاتے ہیں وہ لوگ ہی نقصان

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

اٹھانے والے ہیں (ایسا کر کے وہ اپنی ہی دنیا و عاقبت برباد کر رہے ہیں)۔

لغوی نکات:

مِیْثَاقِ + ہٖ یہ مصدر میمی بھی اور بطور اسم مشتق کے بھی استعمال ہوتا ہے۔ چنانچہ اس کا معنی "پختہ اور مضبوط کرنا" بھی ہے اور "مضبوط عہد و پیمان" بھی۔

تفسیری نکات: اس آیت میں کہا گیا ہے کہ فاسق وہ لوگ ہیں جو اللہ کے عہد کو توڑ ڈالتے ہیں یعنی وہ حقوق اللہ کی پرواہ نہیں کرتے۔ یہاں عہد سے مراد اللہ تعالیٰ کا وہ عہد ہے جو اس نے "اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰی" کی صورت میں اپنے بندوں سے لیا تھا اور اس عہد کو ان کی فطرت کا حصہ بنا دیا اور ان کی سرشت میں شامل کر دیا تھا اور "یَقْطَعُوْنَ..." سے مراد یہ ہے کہ وہ قطع رحمی کر کے حقوق العباد کو پامال کرتے ہیں اور ظاہر ہے جس معاشرے میں نہ حقوق اللہ کی ادائیگی کی جائے اور نہ حقوق العباد کا خیال رکھا جائے لازماً وہاں فساد اور بگاڑ تو پیدا ہوگا۔ اس لئے کہا گیا "وَیُفْسِدُوْنَ فِی الْاَرْضِ" یعنی اس طرح سے وہ زمین کے نظام کی خرابی کا باعث بنتے ہیں۔

كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ

كَيْفَ	تَكْفُرُوْنَ	بِ	اللّٰه	وَ	كُنْتُمْ
کیسے / کس بنیاد پر	تم کفر کرتے ہو	سے / ساتھ	اللہ کے	اس حال میں جبکہ	تم تھے
حرف استفہام	فعل مضارع	حرف جر	مجرور	واؤ حالیہ	فعل ماضی + كَانَ کا اسم

اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ

اَمْوَاتًا	فَ	اَحْيٰ + كُمْ	ثُمَّ	يُمِيْتُ + كُمْ	ثُمَّ
مردہ / بے جان	تو	اس نے زندگی بخشی + تمہیں	پھر	وہ مارتا ہے + تمہیں	پھر
كَانَ کی خبر	حرف	فعل ماضی، فاعل + مفعول	حرف عطف	اَمَاتَ کا فعل مضارع + مفعول	حرف عطف

يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ {28}

يُحْيِيْ	كُمْ	ثُمَّ	اِلٰى + هٖ	تُرْجَعُوْنَ
وہ زندہ کرے گا	تمہیں	پھر	طرف + اس کی	تم لوٹائے جاؤ گے
اَحْيٰى کا فعل مضارع	مفعول	حرف عطف	حرف جر + مجرور	مضارع مجہول جمع مذکر مخاطب (ض)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بامحاورہ ترجمہ: تم کس بنیاد پر اللہ کا یعنی اللہ کی اس قدرت کا کہ وہ تمہیں دوبارہ پیدا کرسکتا ہے) انکار کرتے ہو جب کہ تم مردہ تھے (یعنی تمہارا وجود نہ تھا) تو اس نے تمہیں زندگی بخشی (یعنی عدم سے وجود عطا کیا) پھر وہ تمہیں مارتا ہے (موت سے ہمکنار کرتا ہے) پھر وہ تمہیں زندہ کرے گا پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ (یعنی حتمی فیصلے کے لئے تمہیں اسی سے رجوع کرنا ہوگا)۔

لغوی نکات:

اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ   اِلَيْهِ یعنی مرکب جاری کو فعل سے پہلے لانے کی وجہ سے اس میں حصر کا معنی پیدا ہوگیا ہے چنانچہ ترجمہ ہوگا ''تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے'' یعنی فیصلے کا اختیار صرف اسی کے پاس ہوگا۔ کسی اور ہستی کو فیصلہ کرنے یا فیصلے میں مداخلت کرنے کا اختیار نہیں ہوگا۔

تفسیری نکات: اس آیت میں عقیدہ آخرت کو بڑے سادہ، فطری اور عقلی انداز سے ثابت کیا گیا ہے۔ استدلال کا خلاصہ یہ ہے کہ جو ہستی تمہیں پہلی دفعہ پیدا کرنے اور پھر موت سے ہمکنار کرنے پر قادر ہے اس کے لئے تمہیں دوبارہ پیدا کرنا کیسے ناممکن ہوجائے گا؟ جس ہستی نے تمہیں پہلی دفعہ پیدا کیا ہے وہ تمہیں دوبارہ پیدا کرنے پر بھی قادر ہے۔ اللہ کی اس قدرت اور اختیار کا انکار آخر تم کس بنیاد پہ کرتے ہو؟ اس کا تمہارے پاس کیا عقلی جواز ہے؟

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا ق

هُوَ	الَّذِیْ	خَلَقَ	لَ (لِ)	كُمْ	مَّا	فِی	الْاَرْضِ	جَمِیْعًا
وہ / وہی	جو	اس نے پیدا کیا	لئے	تمہارے	جو	میں	زمین	سب / تمام
ضمیر	اسم موصول	فعل ماضی (ن)	حرف جر	مجرور	موصولہ	حرف جر	مجرور	مفعول (تاکید)

ثُمَّ اسْتَوٰٓی اِلَی السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ

ثُمَّ	اسْتَوٰٓی	اِلَی	السَّمَآءِ	فَ + سَوّٰی	هُنَّ
پھر	وہ برابر ہوا / متوجہ ہوا	طرف	آسمان کی	تو + اس نے برابر کیا / ٹھیک طرح سے بنایا	انہیں
حرف عطف	فعل ماضی (افتعال)	حرف جر	مجرور	حرف + فعل ماضی (تفعیل)	مفعول 1

سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ط وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ع {29}

سَبْعَ	سَمٰوٰتٍ	وَ	هُوَ	بِ	كُلِّ	شَیْءٍ	عَلِیْمٌ
سات	آسمان	اور	وہ	سے / کو	ہر	چیز	اچھی طرح جاننے والا
عدد (مفعول 2)	معدود	حرف عطف	ضمیر / مبتدا	حرف جر	مجرور / مضاف	مضاف الیہ	خبر

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

بامحاورہ ترجمہ: وہی ہے جس نے تمہارے لئے وہ سب کچھ پیدا کیا جو زمین میں ہے پھر وہ آسمان کی طرف متوجہ ہوا تو اس نے انہیں ٹھیک طرح سے (یعنی ہر نقص اور خلل سے پاک) سات آسمانوں کی شکل دی اور وہ ہر چیز کو اچھی طرح جاننے والا ہے۔

لغوی نکات:

اِسْتَوٰی اِلَی کا لفظی معنی ہے "کسی چیز کی طرف برابر ہونا، سیدھا ہونا" مراد ہے "کسی چیز کی طرف توجہ کرنا، متوجہ ہونا"۔

سَوّٰی کا لفظی معنی ہے "کسی چیز کو برابر کرنا" مراد ہے کسی چیز کی نوک پلک سنوارنا، ٹھیک طرح سے بنانا، کسی چیز کو فائنل Touch دینا"۔

عَلِیْمٌ یہ اسم مبالغہ ہے، عَالِمٌ جاننے والا، عَلِیْمٌ اچھی طرح، بخوبی جاننے والا۔

تفسیری نکات: آخرت کی دلیل کے طور پر کہا جارہا ہے کہ جس ہستی نے اتنی وسیع کائنات کو پیدا کیا ہے، انسان کو دوبارہ پیدا کرنا اس کی قدرت سے باہر کیسے ہوجائے گا......؟

بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ سے مراد یہ ہے کہ وہ کائنات کو پہلی دفعہ پیدا کر کے اسے دوبارہ پیدا کرنے کا طریقہ، معاذ اللہ، بھول تو نہیں جائے گا۔ وہ تو کائنات کے ایک ایک ذرّے اور تخلیق کے تمام پہلوؤں سے بخوبی آگاہ ہے۔ اس آیت کا یہ مطلب بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ کو حساب لینے میں کوئی مشکل پیش نہیں آئے گی۔ وہ تمام انسانوں اور ان کے تمام اعمال کو اچھی طرح جاننے والا ہے۔

وَ اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ

وَ	اِذْ	قَالَ	رَبُّ	كَ	لِ	اَلْمَلَائِكَةِ	اِنَّ + يْ
اور	جب	کہا	رب	آپ کے (نے)	کو / سے	فرشتوں	بے شک / یقیناً + میں
حرف عطف	ظرف زمان	فعل ماضی	مضاف / فاعل	مضاف الیہ	حرف جر	مجرور	حرف تاکید + اِنَّ کا اسم

جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ

جَاعِلٌ	فِيْ	الْاَرْضِ	خَلِيْفَةً	قَالُوْٓا	اَ	تَجْعَلُ
بنانے والا ہوں	میں	زمین	نمائندہ	انہوں نے کہا	کیا	تو بناتا (مقرر کرتا ہے)
اسم الفاعل اِنَّ کی خبر	حرف جر	مجرور	جَاعِلٌ کا مفعول	فعل ماضی جمع مذکر غائب	حرف استفہام	فعل مضارع واحد مذکر مخاطب

فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ

فِيْ	هَا	مَنْ	يُفْسِدُ	فِيْ + هَا	وَ	يَسْفِكُ	الدِّمَآءَ
میں	اس	جو	فساد کرے گا	میں + اس	اور	وہ بہائے گا	خونوں کو
حرف جر	ضمیر مجرور	موصولہ	اَفْسَدَ سے فعل مضارع	حرف جر + ضمیر مجرور	حرف عطف	فعل مضارع	اَلدَّم کی جمع / مفعول

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ۭ

وَ	نَحْنُ	نُسَبِّحُ	بِ	حَمْدِ	كَ	وَ	نُقَدِّسُ	لَ	كَ
حالانکہ	ہم	تسبیح بیان کرتے ہیں	سے/ساتھ	حمد	تیری	اور	ہم تقدیس کرتے ہیں	لئے	تیرے
حالیہ	مبتدا	فعل مضارع / خبر	حرف جر	مجرور/مضاف	مضاف الیہ	حرف عطف	قَدَّسَ کا فعل مضارع	حرف جر	ضمیر/مجرور

قَالَ اِنِّیْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ {30}

قَالَ	اِنَّ	یْ	اَعْلَمُ	مَا	لَا	تَعْلَمُوْنَ
اس (اللہ) نے کہا	بے شک	میں	جانتا ہوں میں	جو	نہیں	تم جانتے ہو
فعل ماضی	حرف تاکید	اِنَّ کا اسم	فعل مضارع واحد متکلم	موصولہ	حرف نفی	فعل مضارع جمع مذکر مخاطب

بامحاورہ ترجمہ: اور جب آپ کے رب نے فرشتوں سے کہا ''یقیناً میں زمین میں ایک نمائندہ بنانے (مقرر کرنے) والا ہوں، انہوں نے کہا: کیا تو اس میں اس مخلوق کو (نمائندہ) بنائے (مقرر کرے) گا جو اس میں فساد پھیلائے گا (زمین کے نظام کو بگاڑے گا) اور خون ریزی (قتل و غارت گری) کرے گا، حالانکہ ہم (جو موجود ہیں) تیری حمد و ثناء کے ساتھ ساتھ تسبیح بھی بیان کرتے ہیں اور تیرے لئے تقدیس بھی کرتے ہیں یعنی ماحول کو تیری نافرمانی سے پاک صاف بھی رکھے ہوئے ہیں۔ اس (اللہ) نے کہا ''بیشک میں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے ہو۔''

لغوی نکات:

خَلِیْفَةً اس کا لفظی معنی ہے ''اَلَّذِیْ یَخْلُفُ بَعْضُهُ بَعْضًا'' یعنی جو ایک دوسرے کے پیچھے آئے۔ مرادی معنی ہے ''نمائندہ''

نَحْنُ نُسَبِّحُ نَحْنُ کو شروع میں لانے کا مقصد لفظ ''ہم'' پر زور دینا ہے یعنی ہم جو موجود ہیں، تسبیح سے مراد اللہ تعالیٰ کو ہر عیب سے پاک قرار دینا اور حمد سے مراد اسے تمام اعلیٰ صفات کا سزاوار قرار دینا ہے۔

تفسیری نکات: قرآن مجید کا موضوع چونکہ انسان اور اس کی ہدایت ہے، اس لئے آغاز میں ہی انسان کے متعلق وضاحت کی جارہی ہے کہ وہ کون ہے؟ کہاں سے آیا ہے؟ کہاں چلا جاتا ہے؟ اور جہاں چلا جاتا ہے، وہاں اس کے ساتھ کیا سلوک ہوتا ہے؟ چنانچہ انسان کے آغاز کا ذکر کرتے ہوئے کہا جارہا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے فرمایا: میں زمین میں ایک نمائندہ مقرر کرنے والا ہوں جسے اپنے احکامات کی تعمیل کرنے اور نہ کرنے کا اختیار دوں گا تو فرشتوں کے لئے یہ بڑی تعجب کی بات تھی، اس لئے کہ وہ تو مجبور محض مخلوق ہیں انہیں جو حکم دیا جاتا ہے، وہ اس کے پابند ہوتے ہیں۔ اپنا کوئی اختیار استعمال نہیں کرسکتے، بالکل روبوٹ کی طرح جو Feeded ہے، وہی کرتا ہے۔ فرشتوں کے ذہن میں آیا کہ اگر اسے دونوں اختیارات حاصل ہوں گے تو وہ تو اللہ کے قوانین کو توڑ کر

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

زمین کو فتنہ و فساد اور قتل و غارت گری کی آماجگاہ بنادے گا۔ چنانچہ انہوں نے اللہ تعالیٰ سے استفسار کیا کہ اللہ! تجھے اس نئی مخلوق کی کیا ضرورت پڑ گئی ہے جب کہ ہم تیری تسبیح اور حمد و ثناء میں مصروف ہیں اور ماحول کو تیری نافرمانی اور فتنہ و فساد سے پاک اور محفوظ رکھے ہوئے ہیں۔ اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جو مجھے معلوم ہے وہ تمہیں معلوم نہیں۔

وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا

وَ	عَلَّمَ	اٰدَمَ	الْاَسْمَآءَ	كُلَّ	هَا
اور	اس نے سکھائے	آدم علیہ السلام کو	نام	تمام	وہ (ان کے)
حرف عطف	فعل ماضی (تفعیل)	مفعول 1 (غیر منصرف)	مفعول 2 (الاسم کی جمع)	مضاف (تاکید)	مضاف الیہ) ضمیر متصل)

ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ

ثُمَّ	عَرَضَ	هُمْ	عَلَى	الْمَلٰٓئِكَةِ	فَ	قَالَ
پھر	اس نے پیش کیا	انہیں	پر	فرشتوں	تو	اس نے کہا
حرف عطف	فعل ماضی + فاعل	مفعول (ضمیر متصل)	حرف جر	مجرور	حرف	فعل ماضی

اَنْۢبِـُٔوْنِىْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ {31}

اَنْۢبِـُٔوْ	نِىْ	بِ	اَسْمَآءِ	هٰٓؤُلَآءِ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ
تم خبر دو (بتاؤ)	مجھے	کی	ناموں	ان کے	اگر	ہو تم	سچے
فعل امر (فاعل) (افعال)	مفعول (ضمیر متصل)	حرف جر	مضاف (مجرور)	مضاف الیہ	حرف شرط	فعل ناقص اسم	كُنْتُمْ کی خبر

بامحاورہ ترجمہ: اور اس نے یعنی اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو تمام نام سکھائے۔ پھر اس نے ان ناموں کو فرشتوں پر پیش کیا۔ تو اس نے کہا تم مجھے ان کے نام بتاؤ اگر تم (اپنے مؤقف میں) سچے یعنی برحق ہو۔

لغوی نکات:

كُلَّهَا میں ھَا ضمیر اَلْاَسْمَاءَ کی طرف لوٹ رہی ہے اور الاسماءَ چونکہ جمع مکسر غیر عاقل ہے، اس لئے یہاں مونث کی ضمیر استعمال کی گئی ہے۔ (سب کے سب)

عَرَضَهُمْ میں هُمْ ضمیر اس لئے استعمال کی گئی کہ جنہیں سیدنا آدم علیہ السلام پر پیش کیا گیا تھا، ان میں مقدس شخصیات بھی شامل تھیں۔ ان کا لحاظ کرتے ہوئے جمع کی ضمیر استعمال ہوئی۔ واضح رہے کہ عاقل مخلوق کے لئے واحد مونث نہیں بلکہ اس

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

کے مطابق ضمیر استعمال ہوتی ہے۔

تفسیری نکات: اللہ تعالیٰ نے انسان کو فرشتوں پر اس لحاظ سے فضیلت عطا فرمائی ہے کہ اسے کائنات کا مشاہدہ کرکے اس پر غور و خوض کرکے نتائج اخذ کرنے کی صلاحیت عطا کی جب کہ فرشتوں میں اللہ تعالیٰ نے یہ قوت و استعداد ودیعت نہیں کی۔ جو فرشتہ کائنات کے جس شعبے کے نظام پر مقرر ہے، اسے اس کے متعلق ہی معلومات حاصل ہیں، اس میں غور و خوض کرکے از خود نتائج اخذ کرنے کی صلاحیت نہیں ہے۔ یعنی فرشتوں کے پاس معلومات (Informations) ہیں اور انسان کے پاس علم (Knowledge or Science) چنانچہ اللہ تعالیٰ نے جب فرشتوں سے مختلف اشیاء کے نام پوچھے تو وہ جواب نہ دے سکے اور انہوں نے فوراً ندامت و پشیمانی کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کی۔

بعض مفسرین کے نزدیک اللہ تعالیٰ نے مختلف اشیاء کے ساتھ ساتھ فرشتوں سے انبیاء و صالحین کے اسمائے گرامی بھی پوچھے جس پر انہوں نے لاعلمی ظاہر کی۔ ان کا استدلال جیسا کہ لغوی نکات میں گزر چکا ہے، یہ ہے کہ عَرَضَھم میں ھم ضمیر کا استعمال عاقل مخلوق کیلئے ہے۔ اگر محض بے جان اشیاء یا غیر عاقل مخلوق کی طرف اشارہ کرنا مقصود ہوتا تو ھُم کی بجائے ھا کی ضمیر استعمال ہوتی۔ ان کے نزدیک ھُم۔ ضمیر کا استعمال تغلیباً ہوا ہے۔ انبیاء و صالحین کے اسمائے گرامی پوچھنے میں کیا حکمت تھی، اس کا ذکر آگے آئے گا۔ ان شاء اللہ۔

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ

قَالُوْا	سُبْحَانَ	كَ	لَا	عِلْمَ	لَ (لِ)	نَا
انہوں نے کہا	پاکیزگی	تیری	نہیں	علم	لئے	ہمارے
فعل ماضی جمع مذکر غائب	مضاف	مضاف الیہ	برائے نفی جنس	لا کا اسم	حرف جر	مجرور

اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ {32}

اِلَّا	مَا	عَلَّمْتَ	نَا	اِنَّ	كَ	اَنْتَ	الْعَلِيْمُ	الْحَكِيْمُ
مگر	جو	تو نے سکھایا	ہمیں	بے شک	تو	ہی	خوب جاننے والا	بڑی حکمت والا
حرف استثناء	موصولہ	فعل ماضی + فاعل	مفعول	حرف تاکید	اِنَّ کا اسم	برائے حصر	خبر 1	خبر 2

بامحاورہ ترجمہ: انہوں نے یعنی فرشتوں نے کہا ہم تجھے ہر عیب سے پاک قرار دیتے ہیں۔ ہمیں تو اس کے علاوہ جو تو نے سکھایا ہے کچھ علم نہیں بے شک تو خوب ہی جاننے والا بڑی حکمت والا ہے۔

لغوی نکات:

سُبْحٰنَكَ میں سُبْحَانَ مصدر ہے اور مفعول مطلق ہے، اس سے پہلے نُسَبِّحُ محذوف ہے۔ اصل عبارت یوں ہے نُسَبِّحُ سُبْحَانَكَ

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

یعنی ''ہم تجھے ہر عیب سے پاک قرار دیتے ہیں جس طرح کہ پاک قرار دینے کا حق ہوتا ہے''۔ واضح رہے تسبیح سے مراد اللہ تعالیٰ کی ذات، تخلیق اور صفات کو ہر عیب اور نقص سے پاک قرار دینا ہے۔ ''تو پاک ہے'' اس کا مرادی معنی ہے۔

تفسیری نکات: فرشتے اللہ تعالیٰ کی ایسی مخلوق ہیں جو ہر وقت اللہ کی عبادت کرتے ہیں، اللہ کی نافرمانی کا ان کے ہاں کوئی تصور نہیں ہے۔ جب اللہ نے فرشتوں سے ناموں کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے لاعلمی کا اظہار کیا اور کہا کہ ہمیں تو وہ معلوم ہے جو تو نے ہمیں سکھایا ہے باقی اب ہمیں معلوم ہوا ہے کہ اس مخلوق (انسان) کے پیدا کرنے کی حکمت تو ہی جانتا ہے تیرے علم کی کوئی انتہا نہیں ہے۔

قَالَ يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ

قَالَ	يٰٓا	اٰدَمُ	اَنْۢبِئْ	هُمْ	بِ	اَسْمَاءِ	هِمْ
اس نے کہا	اے	آدم علیہ السلام	تو خبر دے / تو بتا	انہیں	کی	ناموں	ان کے
فعل ماضی	حرف ندا	منادیٰ	اَنۡبَأَ یُنۡبِئُ سے فعل امر	مفعول	حرف جر	مجرور مضاف	مضاف الیہ

فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۙ

فَ	لَمَّا	اَنْۢبَاَ	هُمْ	بِ	اَسْمَاءِ	هِمْ
تو	جب	خبر دی / بتائے	انہیں	کی	نام	ان کے
حرف	ظرف زمان	فعل ماضی + فاعل	مفعول	حرف جر	مجرور مضاف	مضاف الیہ

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ

قَالَ	اَ	لَمْ	اَقُلْ	لَّ (لِ)	كُمْ
اس نے کہا	کیا	نہیں	میں نے کہا	کو	تم
فعل ماضی	حرف استفہام	حرف جازمۃ المضارع	فعل مضارع مجزوم	حرف جر	مجرور

اِنِّىْٓ اَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۙ

اِنَّ + یْ	اَعْلَمُ	غَيْبَ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ
بے شک + میں	جانتا ہوں میں	غیب	آسمانوں کا	اور	زمین کا
حرف مشبہ بالفعل + اِنَّ کا اسم	فعل مضارع واحد متکلم	مفعول / مضاف	مضاف الیہ (معطوف علیہ)	حرف عطف	(معطوف)

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

وَاَعۡلَمُ مَا تُبۡدُوۡنَ وَمَا كُنۡتُمۡ تَكۡتُمُوۡنَ {33}

وَ	اَعۡلَمُ	مَا	تُبۡدُوۡنَ	وَ	مَا	كُنۡتُمۡ	تَكۡتُمُوۡنَ
اور	میں جانتا ہوں	جو	تم ظاہر کر رہے ہو	اور	جو	تم تھے	چھپا رہے
حرف عطف	فعل مضارع	موصولہ	افعال اَبۡدٰی یُبۡدِی سے فعل مضارع	حرف عطف	موصولہ	فعل ماضی	فعل مضارع (ماضی استمراری)

بامحاورہ ترجمہ: اس نے یعنی اللہ تعالیٰ نے کہا: اے آدم تم انہیں یعنی فرشتوں کو ان کے (جنہیں سامنے لایا گیا تھا) نام بتاؤ۔ تو جب انہوں نے یعنی سیدنا آدم علیہ السلام نے ان کے نام بتائے اس نے یعنی اللہ تعالیٰ نے فرمایا: کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا بے شک میں آسمانوں اور زمین کے غیب یعنی خفیہ حقائق اور پوشیدہ رازوں کو جانتا ہوں اور میں اسے بھی جانتا ہوں جو تم ظاہر کر رہے ہو اور اسے بھی جسے تم چھپا رہے تھے۔

لغوی نکات:

اَنۡۢبِئۡهُمۡ — اَنۡبِءۡ + هُمۡ {ن ب ء} باب افعال سے فعل امر، واحد مذکر (خبر دینا)

اَلَمۡ اَقُلۡ — اَ + لَمۡ + اَقُلۡ {ق و ل} باب (ن) سے فعل جحد معلوم اصل میں اَقۡوُلۡ تھا، واؤ کی حرکت ماقبل کو دے کر واؤ کو گرا دیا، اَقُلۡ ہوا (کہنا)

مَا تُبۡدُوۡنَ — {ب د و} باب اِفعال، اَبۡدٰی یُبۡدِیۡ سے فعل مضارع معلوم جمع مذکر مخاطب (ظاہر کرنا)

تَكۡتُمُوۡنَ — {ك ت م} باب (ن) كَتَمَ يَكۡتُمُ سے فعل مضارع معلوم جمع مذکر مخاطب (چھپانا)

تفسیری نکات: جن مفسرین کے نزدیک اللہ تعالیٰ نے مختلف اشیاء کے ساتھ فرشتوں سے انبیائے کرام علیہم السلام کے اسمائے گرامی بھی پوچھے تھے، وہ کہتے ہیں کہ فرشتوں کے ذہن میں جب یہ اشکال پیدا ہوا کہ جس مخلوق کو اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری کے ساتھ ساتھ اس کی نافرمانی کا اختیار بھی ہوگا، وہ تو اس کی نافرمانی کر کے زمین کو فتنہ و فساد سے بھر دے گی تو ان کے اس اشکال کو رفع کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ انبیائے کرام کو بھی ان کے سامنے لے کر آیا اور پوچھا: بتاؤ تم نے ان کے متعلق کچھ جانتے ہو؟ فرشتوں نے لاعلمی کا اظہار کیا تو اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو ان مقدس شخصیات کے تعارف اور مشن سے آگاہ فرمایا کہ اگر زمین میں احکامات الٰہیہ کے خلاف باغیانہ طرز عمل اختیار کرنے والے ہوں گے تو ان کی اصلاح کی ذمہ داری کا فریضہ انجام دینے والی یہ پاکباز ہستیاں بھی ہوں گی۔ تم میری حکمتوں اور مصلحتوں سے واقف نہیں ہو۔ چنانچہ فرشتوں کے ذہن میں جو اشکال پیدا ہوا اس کا ازالہ ہوگیا اور فرشتوں نے اپنی علمی کوتاہی کا اور عظمت آدم علیہ السلام کا اعتراف کرلیا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے فرمایا کہ جس معذرت کا تم اظہار کر رہے ہو، اس کا بھی مجھے علم ہے اور جو اشکال تمہارے ذہن میں پیدا ہو رہا تھا، وہ بھی میرے علم میں ہے۔ تم نے جو کچھ کہا ہے وہ اعتراض نہیں تھا بلکہ فہم کی غلطی تھی۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَ اِذۡ قُلۡنَا لِلۡمَلٰٓئِکَۃِ اسۡجُدُوۡا لِاٰدَمَ

وَ	اِذۡ	قُلۡنَا	لِ	الۡمَلٰٓئِکَۃِ	اسۡجُدُوۡا	لِ	اٰدَمَ
اور	جب	ہم نے کہا	کو/سے	فرشتوں	تم سجدہ کرو	کو	آدم علیہ السلام
حرف عطف	ظرف زمان	فعل ماضی (قال)	حرف جر	مجرور اَلۡمَلَکُ کی جمع	سَجَدَ یَسۡجُدُ سے فعل امر	حرف جر	مجرور (غیر منصرف)

فَسَجَدُوۡۤا اِلَّاۤ اِبۡلِیۡسَ ؕ اَبٰی وَ اسۡتَکۡبَرَ ٭

فَ	سَجَدُوۡا	اِلَّاۤ	اِبۡلِیۡسَ	اَبٰی	وَ	اسۡتَکۡبَرَ
تو	انہوں نے سجدہ کیا	سوائے	ابلیس (کے)	اُس نے انکار کیا	اور	تکبر کیا، بڑا بننے کی خواہش کی
حرف	فعل ماضی جمع مذکر غائب	حرف استثناء	مستثنٰی (منصوب)	فعل ماضی (ء ب ی)	حرف عطف	فعل ماضی (استفعال)

وَ کَانَ مِنَ الۡکٰفِرِیۡنَ {34}

وَ	کَانَ	مِنَ	الۡکٰفِرِیۡنَ
اور	وہ ہوگیا	سے	کافروں
حرف عطف	فعل ماضی	حرف جر	مجرور اسم فاعل جمع

بامحاورہ ترجمہ: اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا: تم آدم علیہ السلام کو سجدہ کرو تو انہوں نے (اللہ کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے) سجدہ کیا مگر ابلیس نے سجدہ کرنے سے انکار کردیا اور تکبر کا مظاہرہ کیا اور کافروں یعنی اللہ کے حکم کی تعمیل سے انکار کرنے والوں میں سے ہوگیا۔

لغوی نکات:

اِسۡتَکۡبَرَ اس کا مادہ {ک ب ر} ہے اور اس کا باب استفعال سے تعلق ہے اسی وجہ سے اس میں خواہش کرنے کا معنی پیدا ہوگیا ہے۔ چنانچہ اس کا ترجمہ ہوگا "اس نے بڑا بننے کی کوشش کی" یعنی ایسا کرکے وہ بڑا بن نہیں گیا بلکہ یہ اس کی خواہش تھی جس کی نہ صرف یہ کہ تکمیل نہیں ہوئی بلکہ وہ اللہ کے حکم کے مقابلے پر خود کو بڑا سمجھ کر اللہ کے غیظ وغضب کی زد میں آگیا اور رندہ، درگاہ ہوگیا۔

کَانَ یہ فعل "تھا" کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے اور "ہونا" کے معنی میں بھی۔ یہاں دوسرے معنی میں ہے۔

تفسیری نکات: سجدہ سے مراد تعظیماً کسی کے سامنے آداب وتسلیمات بجا لانا ہے۔ اس کی مختلف شکلیں اور کیفیتیں ہوسکتی ہیں۔ آدم

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

علیہ السلام کو سجدہ اللہ کے حکم کی تعمیل میں تھا۔ کیفیت کیا تھی، قرآن و حدیث میں اس کی وضاحت نہیں ہے۔ بہرحال سجدے کے لئے ضروری نہیں کہ پیشانی زمین پر رکھی جائے، ذرا سا جھک جانا بھی اس کی تعریف میں شامل ہے۔ فرشتوں نے آدم علیہ السلام کی برتری تسلیم کرتے ہوئے حکم کی تعمیل کی جب کہ ابلیس نے انکار کردیا اور گمراہ ہوگیا۔

وَ قُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ

وَ	قُلْنَا	يَا	اٰدَمُ	اسْكُنْ	اَنْتَ
اور	ہم نے کہا	اے	آدم	رہو/رہائش رکھو	تم
حرف عطف	فعل ماضی جمع متکلم + فاعل	حرف ندا	منادیٰ	سَكَنَ يَسْكُنُ سے فعل امر	ضمیر تاکید

وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا

وَ	زَوْجُ	كَ	الْجَنَّةَ	وَ	كُلَا
اور	بیوی	تمہاری	جنت میں	اور	تم دونوں کھاؤ
حرف عطف	فاعل مضاف	مضاف الیہ	مفعول	حروف عطف	اَكَلَ يَاْكُلُ سے فعل امر (تثنیہ)

مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ص

مِنْ	هَا	رَغَدًا	حَيْثُ	شِئْتُمَا
سے	اس	کھلا/بے فکر ہوکر	جہاں سے	تم دونوں چاہو
حرف جر	مجرور، ضمیر مونث	حال	ظرف مکان	شَاءَ يَشَاءُ سے فعل ماضی (تثنیہ)

وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ {35}

وَ	لَا	تَقْرَبَا	هٰذِهِ	الشَّجَرَةَ	فَ	تَكُوْنَا	مِنَ	الظّٰلِمِيْنَ
اور	نہ	تم دونوں قریب جاؤ	اس	درخت کے	تو	تم دونوں ہوجاؤ گے	سے	ظالموں
حرف عطف	حرف نہی	فعل نہی	اسم اشارہ	مشار الیہ	حرف	فعل مضارع (تثنیہ)	حرف جر	مجرور

بامحاورہ ترجمہ: اور ہم نے کہا: اے آدم! تم اور تمہاری بیوی جنت میں رہو تم دونوں باغ میں جہاں سے چاہو کھاؤ اور تم دونوں اس درخت کے قریب نہ جاؤ (وگرنہ) تم دونوں ظالموں میں سے ہوجاؤ گے (یعنی قصور وار اور نتائج کے ذمہ دار تم خود ہوگے)۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

لغوی نکات:

اُسْکُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ عربی زبان کی گرائمر کے مطابق اسم کا عطف اسم پر اور فعل کا عطف فعل پر ہوتا ہے۔ یعنی اسم کا عطف فعل پر اور فعل کا عطف اسم پر نہیں ہوسکتا۔ مثلاً کہنا ہو تم اور خالد جاؤ تو اذهب انت و خالد کہیں گے۔ یہاں خالد کا عطف انت پر ہورہا ہے، اذھب پر نہیں۔ اسی قاعدے کے مطابق اس آیت میں اسکن وزوجك کی بجائے اُسکُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ کہا گیا ہے۔

فَتَكُوْنَا ف+تکُوْنَا بعض اوقات ف کے بعد اَنْ محذوف ہوتا ہے۔ یہاں بھی ف کے بعد اَنْ محذوف ہے۔ اصل میں تھا فَاَنْ تکُوْنَا، اَنْ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ اس کا ترجمہ اس طرح کیا جاتا ہے "مبادا ایسا نہ ہوجائے کہ جس کا نتیجہ یہ ہوگا"۔ (کہ تم دونوں ہو جاؤ گے)

تفسیری نکات: جس درخت کے قریب جانے سے روکا گیا تھا، وہ کونسا تھا؟ اس کے متعلق کچھ بھی کہنا قیاس آرائی سے زیادہ نہیں۔ یہ ایک غیر ضروری بحث ہے جس کا ہدایت و رہنمائی سے تعلق نہیں ہے اور قرآن مجید کا اسلوب ہے کہ وہ ہدایت سے غیر متعلقہ امور کو زیر بحث نہیں لاتا تاکہ ذہن واقعے میں موجود حکمتوں سے ہٹ کر غیر ضروری بحثوں میں نہ الجھ جائے۔ گندم کے دانے کی بات کا قرآن و حدیث میں کوئی ذکر نہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا

فَ	اَزَلَّ	هُمَا	الشَّيْطٰنُ	عَنْ	هَا	فَ	اَخْرَجَ	هُمَا
تو	بہکا دیا	ان دونوں کو	شیطان نے	سے / متعلق	اس	تو	اس نے نکال دیا، نکلوا دیا	ان دونوں کو
حرف	فعل ماضی	مفعول	فاعل	حرف جر	مجرور	حرف	فعل ماضی + فاعل	مفعول

مِمَّا كَانَا فِيْهِ ۠ وَقُلْنَا اهْبِطُوْا

مِنْ	مَّا	كَانَا	فِيْ	هٖ	وَ	قُلْنَا	اهْبِطُوْا
سے	جو	وہ دونوں تھے	میں	اس	اور	ہم نے کہا	تم اتر جاؤ
حرف جر	موصولہ	فعل ماضی تثنیہ مذکر	حرف جر	مجرور	حرف عطف	فعل ماضی + فاعل	فعل امر (ض) (هَبَطَ، يَهْبِطُ)

بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ

بَعْضُ	كُمْ	لِ	بَعْضٍ	عَدُوٌّ	وَ	لَ (لِ)	كُمْ
بعض / کچھ	تم میں سے	کے لئے	بعض / کچھ	دشمن	اور	لئے	تمہارے
مضاف	مضاف الیہ (مبتدا)	حرف جر	مجرور	خبر	حرف عطف	حرف جر	مجرور

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ {36}

فِي	الْاَرْضِ	مُسْتَقَرٌّ	وَّ	مَتَاعٌ	اِلٰى	حِيْنٍ
میں	زمین	ٹھکانہ / رہنے کی جگہ	اور	فائدہ اٹھانا	تک	محدود مدت
حرف جر	مجرور	اسم ظرف معطوف علیہ	حرف عطف	معطوف	حرف جر	مجرور

بامحاورہ ترجمہ: تو ان دونوں یعنی آدم و حوا علیہما السلام کو شیطان نے اس (درخت) سے متعلقہ معاملے میں بہکا دیا تو اس نے یعنی اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کو اس (جنت) سے نکال دیا جس میں وہ دونوں تھے۔ (یا ابلیس نے ان دونوں کو نکلوا دیا......) اور ہم نے (آدم و حوا علیہما السلام اور ابلیس سے کہا) تم (جنت سے زمین پر) اتر جاؤ تم آپس میں ایک دوسرے کے دشمن ہو (تم میں سے بعض بعض کے دشمن ہیں) اور تمہارے لئے زمین میں رہنے کی جگہ اور محدود مدت تک (دنیوی نعمتوں سے) فائدہ اٹھانے کی مہلت ہے۔

لغوی نکات:

اَزَلَّ اس کا مادہ {ز ل ل} ہے جس کا لفظی معنی ہے (پاؤں کا پھسلنا) کہا جاتا ہے "زَلَّتْ قَدَمُہٗ" اس کا پاؤں پھسل گیا۔ اَزَلَّ اسی مادے سے باب افعال ہے جس میں متعدی کا معنی پیدا ہوگیا ہے یعنی (پھسلانا) یہاں بہکانے، گمراہ کرنے کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔

اَخْرَجَ اس کا تعلق بھی باب افعال سے ہے۔ اس کا ترجمہ "اس نے نکال دیا" بھی ہوسکتا ہے اور "اس نے نکلوا دیا" بھی۔ پہلے ترجمے کے مطابق اس کا فاعل خود اللہ رب العزت ہوگا اور دوسرے ترجمے کے مطابق ابلیس۔

مُسْتَقَرٌّ اس کا مادہ {ق ر ر} اور اس سے باب استفعال اِسْتَقَرَّ یَسْتَقِرُّ اِسْتِقْرَارٌ استعمال ہوتا ہے۔ مُسْتَقَرٌّ اسم ظرف ہے یعنی (قرار حاصل کرنا، رہائش رکھنا، ٹھکانہ بنانا)۔

تفسیری نکات: بعضکم لبعض عدو میں آدم و حوا علیہما السلام کے درمیان عداوت و دشمنی کا ذکر نہیں کیا جا رہا ہے جس طرح عام طور پر سمجھا جاتا ہے اور اس کے لئے یہ افسانہ بھی تراش لیا گیا ہے کہ چونکہ حوا علیہا السلام نے آدم علیہ السلام کو درخت کا پھل کھانے پر مجبور کیا تھا ورنہ خود آدم علیہ السلام اس کا پھل نہیں کھانا چاہتے تھے، اس لئے دونوں کے درمیان عداوت پیدا ہوگئی اور دونوں کو زمین کے الگ الگ حصوں پر اتارا گیا۔ بعد ازاں طویل مدت کے بعد ان کے درمیان ملاقات ہوئی......وغیرذلک۔ اس قسم کی باتوں کا قرآن و حدیث میں کوئی ذکر نہیں ہے۔

یہاں ذریت آدم علیہ السلام اور ذریت ابلیس کے درمیان عداوت و دشمنی کے تعلق کو واضح کیا گیا ہے کہ تمہارا آپس میں دوستی اور خیر خواہی کا نہیں بلکہ عداوت کا تعلق ہوگا۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ

کَلِمٰتٍ	هٖ	رَبِّ	مِنْ	اٰدَمُ	تَلَقّٰى	فَ
چند کلمات	اس کے/اپنے	رب	سے	آدم نے	حاصل کرلئے/سیکھ لئے	تو
مفعول جمع سالم مونث	مضاف الیہ	مجرور/مضاف	حرف جر	فاعل	فعل ماضی (تفعل)	حرف

فَتَابَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّهٗ

هٗ	اِنَّ	هِ	عَلَىٰ	تَابَ	فَ
وہ	بے شک	اس	پر	اس نے نظر رحمت ڈالی، توبہ قبول کرلی	تو
اِنَّ کا اسم	حرف مشبہ بالفعل حرف تاکید	مجرور	حرف جر	فعل ماضی (ن)	حرف

هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ {37}

الرَّحِيْمُ	التَّوَّابُ	هُوَ
بہت رحم فرمانے والا	بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا	ہی
اسم مبالغہ اِنَّ کی خبر نمبر 2	اسم مبالغہ اِنَّ کی خبر نمبر 1	ضمیر برائے حصر

بامحاورہ ترجمہ: تو آدم علیہ السلام نے اپنے رب سے چند کلمات سیکھ لئے (انہوں نے وہ کلمات کہے) تو اس نے یعنی اللہ تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول کرلی۔ بے شک وہ ہی بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا بہت رحم فرمانے والا ہے۔

لغوی نکات:

تَلَقّٰى باب افعال اَلْقٰى يُلْقِىْ۔ کسی بات کے ذہن میں القاء کرنے یعنی ڈالنے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے اور باب تفعل تَلَقّٰى يَتَلَقّٰى سے فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ اس القاء کو قبول کرنے، اسے اخذ کرنے کے معنی میں ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے جو کلمات آدم علیہ السلام کے ذہن میں القاء فرمائے انہوں نے ان کلمات کو اخذ کرلیا اور ان کے ذریعے سے ندامت و پشیمانی کا اظہار کیا اور اپنے گناہ کی معافی مانگی۔

تفسیری نکات: جن کلمات کی طرف یہاں اشارہ کیا گیا ہے قرآن مجید کی سورۃ الاعراف میں ان کی وضاحت اس طرح سے کی گئی ہے "ربنا ظلمنا انفسنا و ان لم تغفر لنا و ترحمنا لنکونن من الخاسرین" یہ کہنا کہ وہ چند مقدس شخصیات کے اسمائے گرامی تھے نہ صرف یہ کہ خود ساختہ بات ہے بلکہ قرآن مجید کی صریح مخالفت بھی۔ شخصیات کے ناموں کا افسانہ تحریف شدہ مسیحیت سے متاثر ہوکر تراشا گیا جس کی وضاحت ان شاء اللہ آگے آئے گی۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ فَاِمَّا

اِمَّا	فَ	جَمِیْعًا	هَا	مِنْ	اهْبِطُوْا	قُلْنَا
اگر + لازماً	تو	سب	اس	سے	تم اتر جاؤ	ہم نے کہا
حرف شرط مؤکّد	حرف	اسم تاکید	مجرور	حرف جر	هَبَطَ يَهْبِطُ سے فعل امر	فعل ماضی جمع متکلم

يَأْتِيَنَّكُمْ مِّنِّىْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ

تَبِعَ	فَ + مَنْ	هُدًى	ىْ	مِنْ	كُمْ	نَّ	يَأْتِي
اس نے پیروی کی	تو + جو	ہدایت و رہنمائی	میری طرف	سے	تمہارے پاس	یقیناً	آئے گی
فعل ماضی (فاعل)	حرف + موصولہ	فاعل	مجرور	حرف جر	مفعول	حرف تاکید	اَتیٰ کا فعل مضارع

هُدَایَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

هِمْ	عَلٰى	خَوْفٌ	فَ + لَا	یَ	هُدَا
انکے ان	اوپر پر	کوئی خوف	تو + نہیں	میری کی	ہدایت
مجرور	حرف جر	اسم	حرف عطف + حرف نفی	مضاف الیہ	(مفعول) مضاف

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ {38}

يَحْزَنُوْنَ	هُمْ	لَا	وَ
غمگین/افسردہ ہوں گے	ہی وہ	نہ	اور
حَزِنَ (س) سے فعل مضارع جمع مذکر غائب	ضمیر	حرف نفی	حرف عطف

بامحاورہ ترجمہ: ہم نے کہا تم سب اس (جنت) سے نیچے اتر جاؤ، سو اگر تمہارے پاس میری طرف سے ہدایت و رہنمائی آئے (اور یقیناً لازماً آئے گی) تو جس نے میری طرف سے نازل کردہ ہدایت و رہنمائی کی پیروی کی یعنی جو میرے متعین کردہ راستے پر گامزن رہا تو ان پر (ایسے لوگوں پر) نہ تو کوئی خوف ہوگا اور نہ ہی وہ غمگین و افسردہ ہوں گے۔

لغوی نکات:

اِمَّا يَأْتِيَنَّكُمْ اِنْ + مَا + يَأْتِي + نَّ + كُمْ، اس آیت میں اِنْ کے بعد مَا تاکید کا معنی پیدا کرنے کے لئے استعمال ہوا ہے اور آگے نَّ

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

(نون مشدد) بھی تاکید کے لئے ہے۔ چنانچہ اس کا ترجمہ تاکید در تاکید کے مفہوم میں یوں ہوگا ''اگر تمہارے پاس آئے اور یقیناً لازماً آئے گی''، یعنی ہدایت و رہنمائی۔

خَوْفٌ ... يَحْزَنُوْنَ خوف ہوتا ہے مستقبل کا اور حزن ہوتا ہے ماضی کا۔ چنانچہ ان دو الفاظ کے استعمال سے ماضی اور مستقبل دونوں کے تحفظ کی ضمانت دی جا رہی ہے۔

تفسیری نکات: دو مرتبہ اِهْبِطُوْا کہنے کی وجہ: اس سے قبل بھی آدم و حوا علیہما السلام اور ابلیس کو حکم دیا گیا ''قُلْنَا اِهْبِطُوْا'' اور اس آیت میں پھر کہا جا رہا ہے ''قُلْنَا اِهْبِطُوْا'' سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایک ہی حکم کو دوبار کیوں دہرایا گیا ہے یا اس کا دو دفعہ ذکر کیوں کیا گیا ہے؟ مفسرین نے اس کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پہلی دفعہ زمین پر اتر جانے کا حکم بطور سزا کے دیا گیا اور دوسری دفعہ زمین پر اتارنے کی حکمت اور غرض و غایت بیان کرنے کے لئے۔

خوف وحزن کا مفہوم: کہا جا رہا ہے کہ تم سب زمین پر اتر جاؤ۔ اب تمہاری یعنی بنی نوع انسان کی ہدایت و رہنمائی کا سلسلہ شروع ہوگا۔ جس نے ان نازل کردہ راہنما اصولوں اور ضابطوں کی پاسداری کی اور ان کی اتباع میں زندگی گزاری، اسے نہ مستقبل کا اندیشہ ہوگا اور نہ ہی ماضی کا غم۔ اس کیفیت کا تعلق دنیا سے بھی ہے اور آخرت سے بھی۔ یعنی دنیا میں بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے اتارے ہوئے قوانین کا احترام کرنے والوں اور ان کی تعمیل کرنے والوں کو قلبی اطمینان اور ذہنی سکون سے نوازا جائے گا اور آخرت میں تو ان کی ساری زندگی تعبیر ہی اس طرح کی زندگی سے ہوگی۔ نہ انہیں جنت کی نعمتوں سے محروم ہونے کا اندیشہ ہوگا اور نہ ہی ماضی یعنی دنیوی زندگی پر کوئی ندامت و پشیمانی اور غم و پچھتاوا۔

اصحاب نار: آخری آیت میں قرآن مجید واضح کر رہا ہے کہ اصحاب النار یعنی جہنم کی آگ کے مستحق کون لوگ ہیں۔ فرمایا: ''وہ لوگ جنہوں نے ہماری آیات یعنی ہمارے نازل کردہ قوانین اور ضابطوں کی صداقت کو تسلیم کرنے سے انکار کیا اور ان کی تکذیب کی وہ جہنم کی آگ کی صورت میں ہماری ابدی سزا کے مستحق ہوں گے۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور اس رکوع میں اللہ رب العزت نے انسان سے متعلقہ چند سوالات کا جواب دیا ہے۔

1. انسان کو اللہ رب العزت نے اپنی فرماں برداری اور نافرمانی کا اختیار دے کر زمین پر بھیجا ہے اور اس پر واضح کر دیا ہے کہ فرماں برداری کی صورت میں اسے جنت کی بے شمار نعمتوں سے نوازا جائے گا اور نافرمانی کی صورت میں اسے جہنم کی آگ کا ایندھن بنایا جائے گا۔ ان معنوں میں وہ اللہ تعالیٰ کی ایک بااختیار نمائندہ مخلوق ہے۔
2. انسان کو اللہ تعالیٰ نے کائنات کا مشاہدہ اور غور و خوض کر کے نتائج اخذ کرنے کی صلاحیت عطا کی ہے جب کہ فرشتوں کے پاس یہ صلاحیت نہیں۔ انسان کی یہ خوبی فرشتوں پر واضح کی گئی اور ان سے اس کی عظمت کا اعتراف کروایا گیا۔
3. انسان کے امتحان کے لئے ابلیس کو اس کا دشمن بنایا گیا اور اسے انسان کو گمراہ کرنے کے لئے اس کے دل میں وسوسہ پیدا کرنے کی قوت عطا کی گئی۔ اب شیطان کی پوری کوشش ہے کہ وہ اس کو مسجود ملائکہ کے اعزاز سے محروم کرے۔ جب کہ انسان کو پوری

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

قوت دی گئی کہ وہ اس شیطان کے وسوسوں کا مقابلہ کرے۔ ابلیس صرف وسوسہ پیدا کرسکتا ہے گمراہ کرنے کے لئے انسان پر جبر نہیں کرسکتا۔

④ انسان کے متعلق تحریف شدہ مسیحیت کا یہ فلسفہ کہ انسان پیدائشی طور پر گناہ گار پیدا ہوتا ہے غلط، غیر فطری اور بے بنیاد ہے۔ جب کہ قرآنی تعلیمات کے مطابق آدم علیہ السلام سے جو غلطی ہوئی، انہوں نے اللہ تعالیٰ سے اس کی معافی مانگ لی اور اللہ تعالیٰ نے بھی انہیں معاف فرما دیا۔ وہ گناہ وہیں معاف ہوگیا تھا۔ نسل درنسل ہر انسان میں منتقل ہوتا نہیں چلا آرہا ہے۔

⑤ انسان کے متعلق یہ کہنا کہ اس کے گناہوں کا کفارہ عیسیٰ علیہ السلام نے صلیب پر چڑھ کر، کردیا تھا، یہ بھی ایک باطل اور غیر فطری مسیحی فلسفہ ہے بلکہ انسان سے اگر کوئی گناہ سرزد ہوجائے تو اس کی معافی کا طریقہ یہ ہے کہ آدم علیہ السلام کی طرح اس پر ندامت وشرمندگی کا اظہار کیا جائے اور اس کی اللہ تعالیٰ سے معافی مانگی جائے۔

⑥ یہ کہنا کہ گناہوں کی معافی کے لئے کسی ہستی کا واسطہ اور وسیلہ ضروری ہے اور اس کے بغیر اللہ تعالیٰ کی توجہ حاصل نہیں کی جاسکتی اور یہ کہ آدم علیہ السلام نے بھی جب تک چند مقدس ہستیوں کا سہارا نہیں لیا، ان کا گناہ معاف نہیں ہوا...... اس طرح کے تمام افسانے مسیحیت سے متاثر ہوکر تراشے گئے۔ ان کا اسلام کی فطری تعلیمات سے کوئی تعلق نہیں۔

⑦ انسان مرنے کے بعد اللہ کے پاس چلا جاتا ہے جہاں اس کا حساب وکتاب ہوگا اور اس کے مطابق اس کے انجام اور مستقبل کا تعین ہوگا۔

وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَکَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَآ

بِ + آیاتِ + نَا	کَذَّبُوْا	وَ	کَفَرُوْا	الَّذِیْنَ	وَ
کی + آیات + ہماری	انہوں نے تکذیب کی	اور	انہوں نے کفر کیا	وہ لوگ جو	اور
حرف جر + مجرور مضاف + مضاف الیہ	فعل ماضی + فاعل	حرف عطف	فعل ماضی + فاعل	اسم موصول جمع	حرف عطف

اُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ۧ {39}

خٰلِدُوْنَ	فِیْ + هَا	هُمْ	النَّارِ	اَصْحٰبُ	اُولٰٓئِکَ
ہمیشہ رہنے والے	میں + اس	وہ	آگ	والے	وہ
خَالِدٌ کی جمع، خبر	حرف جر + مجرور، ضمیر واحد مونث	ضمیر جمع مذکر، مبتدا	مضاف الیہ	(خبر) مضاف	اسم اشارہ (مبتدا)

بامحاورہ ترجمہ: اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور انہوں نے ہماری آیات (یعنی ہمارے احکامات وقوانین) کی تکذیب کی وہ (جہنم کی) آگ والے ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

لغوی نکات:

كَذَّبُوْا {ك ذ ب} باب تفعیل سے فعل ماضی جمع مذکر غائب (جھٹلانا، تکذیب کرنا)

اَصْحٰبُ النَّارِ مرکب اضافی۔ اُولٰٓئِكَ کی خبر ہے۔ (آگ والے) یعنی آگ میں داخل ہونے والے۔

تفسیری نکات: جن لوگوں نے اللہ کے ساتھ کفر کیا اور اللہ کی آیات کی تکذیب کی تو ایسے بدنصیب لوگ جہنم میں جائیں گے اور وہ ہمیشہ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے۔ اس لئے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی تابعداری کرنی چاہیئے تاکہ جنت میں باآسانی داخلہ مل سکے اور آگ سے بچا جائے۔

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ

يَا	بَنِيْ	اِسْرَآءِيْلَ	اذْكُرُوْا	نِعْمَةِ	يَ	الَّتِيْٓ	اَنْعَمْتُ
اے	بیٹو	اسرائیل (یعقوب ؑ کے)	تم یاد کرو	نعمت	میری کو	جو	انعام میں نے کی
حرف ندا	منادٰی مضاف	مضاف الیہ	فعل امر جمع مذکر	(مفعول) مضاف	مضاف الیہ	اسم موصول (مونث)	فعل ماضی + فاعل

عَلَيْكُمْ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِيْٓ اُوْفِ

عَلٰى	كُمْ	وَ	اَوْفُوْا	بِ	عَهْدِ	يْ	اُوْفِ
اوپر	تمہارے	اور	تم پورا کرو	کو	عہد	میرے	میں پورا کروں گا
حرف جر	مجرور	حرف عطف	فعل امر جمع	حرف جار	مجرور مضاف	مضاف الیہ	فعل مضارع واحد متکلم مجزوم

بِعَهْدِكُمْ ۚ وَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ {40}

بِ	عَهْدِ	كُمْ	وَ	اِيَّايَ	فَ	ارْهَبُوْ	نِ
کو	عہد	تمہارے	اور	مجھ ہی سے	تو	تم ڈرو	مجھ سے
حرف جار	مجرور مضاف	مضاف الیہ	حرف عطف	ضمیر منفصل مفعول بہ	عاطفہ	فعل امر جمع مذکر	نون وقایہ مفعول بہ

بامحاورہ ترجمہ: اے بنی اسرائیل! تم میری اس نعمت کو یاد کرو جو میں نے تم پر انعام کی اور تم میرے یعنی مجھ سے کئے گئے عہد کو پورا کرو میں تمہارے یعنی تم سے کئے گئے عہد کو پورا کروں گا اور تم صرف مجھ ہی سے ڈرو۔

لغوی نکات:

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ يا + بَنِیْ + اِسْرَائِيْلَ۔ اِبْنٌ کی جمع اَبْنَآءٌ (جمع سالم) بھی استعمال ہوتی ہے اور بَنُوْنَ (جمع مکسر) بھی۔ بَنُوْنَ حالت

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

رفعی اور اس کی حالت نصب بَنِیْنَ ہے اور مضاف ہونے کی وجہ سے اس کے آخر سے جمع کا نون گر گیا تو بَنِیْ رہ گیا۔
زیر نظر آیت میں اسی لئے بَنِیْ استعمال ہوا۔ حالت نصب منادیٰ مضاف ہونے کی وجہ سے ہے۔

اِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ اِيَّايَ مفعول مقدم اور نِ مفعول موخر کی وجہ سے اس میں (حصر در حصر) کا مفہوم پیدا ہوگیا ہے۔ چنانچہ ترجمہ ہوگا ''تم صرف مجھ ہی سے ڈرو''۔

تفسیری نکات: اس رکوع سے بنی اسرائیل کی تاریخ کا تفصیلی تذکرہ شروع ہو رہا ہے۔ چونکہ امت مسلمہ سے قبل بنی اسرائیل ہی اقوام عالم کی قیادت و سیادت کے منصب پر فائز تھے اس لئے ان کا تفصیل سے تذکرہ کیا گیا تا کہ ان کی جگہ فائز ہونے والوں کو متنبہ کیا جا سکے کہ انہیں کون سے جرائم سے اپنا دامن بچانا ہے تا کہ وہ اللہ کے غیظ و غضب سے محفوظ رہیں۔

اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ کہہ کر ان کو واضح کیا گیا ہے کہ جن نعمتوں سے تمہیں نوازا گیا وہ تمہارا ذاتی یا خاندانی استحقاق نہیں تھا بلکہ میں نے اپنے خاص فضل سے تمہیں وہ نعمتیں عطا کی تھیں۔

وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ

وَ	اٰمِنُوْا	بِ	مَا	اَنْزَلْتُ	مُصَدِّقًا	لِّ	مَا	مَعَ	كُمْ
اور	تم ایمان لاؤ	ساتھ/اس پر	جو	میں نے نازل کیا	تصدیق کرنیوالا	اُس کی	جو	ساتھ/پاس	تمہارے
حرف عطف	فعل امر	حرف جر	موصولہ	فعل ماضی واحد متکلم	حال	حرف جر	موصولہ	مضاف	مضاف الیہ

وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍۢ بِهٖ ۖ وَلَا

وَ	لَا	تَكُوْنُوْٓا	اَوَّلَ	كَافِرٍ	بِ	هٖ	وَ	لَا
اور	نہ	تم ہو جاؤ	سب سے پہلے	انکار کرنے والے	ساتھ/کا	اس کے	اور	نہ
حرف عطف	حرف نہی	فعل نہی + اسم	تکونوا کی خبر مضاف	مضاف الیہ	حرف جر	مجرور	حرف عطف	حرف نہی

تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۡ وَّاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ {41}

تَشْتَرُوْا	بِ	اٰيَاتِ	یْ	ثَمَنًا	قَلِيْلًا	وَ	اِيَّايَ	فَ	اتَّقُوْ	نِ
تم لو	بدلے	آیات	میری کے	قیمت	کم/تھوڑی	اور	مجھ ہی سے	تو	تم ڈرو	مجھ سے
فعل نہی	حرف جار	مضاف	مضاف الیہ	مفعول موصوف	صفت	حرف عطف	مفعول	حرف	فعل امر جمع	مفعول

بامحاورہ ترجمہ: اور تم اس پہ ایمان لاؤ جو میں نے نازل کیا، وہ (قرآن) اس (پیغام تورات) کی تصدیق کرنے والا ہے جو

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

تمہارے پاس ہے اور تم اس (کتاب) کے ساتھ پہلے انکار کرنے والے نہ بنو اور تم میری آیات کو کم قیمت پر مت بیچو (یعنی میری آیات کے بدلے میں حقیر مفادات مت حاصل کرو) اور تم صرف مجھ سے ہی ڈرو۔

لغوی نکات:

مُصَدِّقًا — باب تفعیل سے اسم فاعل، حال ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ (تصدیق کرنے والا)

اَوَّلَ کَافِرٍ — مرکب اضافی اور اَوَّلَ۔ لَا تَكُوْنُوْا کی خبر ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے۔ (پہلے کفر کرنے والے)

اِيَّایَ — ضمیر منصوب فَاتَّقُوْنَ کا مفعول مقدم ہے۔ فَاتَّقُوْنِ، فعل امر جمع مذکر + نِیْ فعول نمبر 2۔ (ڈرنا)

تفسیری نکات: مُصَدِّقًا سے مراد یہ ہے کہ اس میں کوئی نئی دعوت نہیں بلکہ اسی کا تسلسل ہے جو دعوت شروع سے انبیائے کرام کی چلی آرہی ہے۔ نیز اس کتاب پر ایمان لانے میں ہی تورات وغیرہ میں موجود پیش گوئیوں کی تصدیق ہے ورنہ ان تمام آیات کی تکذیب لازم آئے گی۔

رَهْبٌ صرف کسی کی عظمت و ہیبت سے ڈرنے کو کہا جاتا ہے جب کہ تقویٰ میں اللہ تعالیٰ کا خوف بھی ہوتا ہے اور اس کی نافرمانی سے اجتناب بھی۔ چنانچہ فَاتَّقُوْنِ کا ترجمہ ہوگا ''تم مجھ ہی سے ڈرو اور میری نافرمانی سے بچو''۔

وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ

وَ	لَا	تَلْبِسُوا	الْحَقَّ	بِا	لْبَاطِلِ	وَ	تَكْتُمُوْا	الْحَقَّ
اور	نہ	تم خلط ملط کرو	سچ کو	ساتھ	جھوٹ کے	اور	تم (نہ) چھپاؤ	سچ کو
حرف عطف	حرف نہی	فعل نہی	مفعول بہ	حرف جار	مجرور	حرف عطف	فعل نہی	مفعول بہ

وَ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ {42}

وَ	اَنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ
اس حال کہ	تم	جانتے ہو
واؤ حالیہ	ضمیر مخاطب جمع	مضارع معلوم جمع مذکر مخاطب

بامحاورہ ترجمہ: اور تم سچ کو جھوٹ کے ساتھ خلط ملط نہ کرو اور نہ ہی تم سچ کو چھپاؤ۔ اس لئے کہ تم جانتے ہو...... (کہ یہ کتمان حق اور تلبیس حق جرم عظیم ہے)

لغوی نکات:

وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ — وَلَا تَلْبِسُوا یہ فعل نہی ہے اصل میں تَلْبِسُوْنَ تھا، لَا ناہیہ کے دخول سے فعل کے آخر سے ن گر گیا۔ معنی

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

اس کا ہے اور تم نہ خلط ملط کرو + اَلْحَقَّ: سچ کو + بِالْبَاطِلِ: باطل کے ساتھ، یعنی حق کو باطل کے ساتھ اور واضح کو مخفی کے ساتھ خلط ملط نہ کرو۔ لَبْسَ کا ایک معنی تغطیہ بمعنی ڈھانپنا بھی کرتے ہیں، یعنی حق کو باطل کے ساتھ مت ڈھانپو لیکن پہلا معنی زیادہ صحیح ہے۔

تفسیری نکات: اس آیت میں یہودی علماء کو متنبہ کیا جارہا ہے کہ تم اس گندی حرکت سے باز آجاؤ حق کو باطل کے ساتھ خلط ملط نہ کرو۔ لوگوں کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف صحیح بتاؤ اور اس پر خود بھی عمل کرو اور کتمان حق کا شکار ہوکر لوگوں کو گمراہ کرکے تم خود اور وہ لوگ جہنم کا ایندھن نہ بنو حالانکہ تم کو معلوم بھی ہے کہ کتمان حق بہت بڑا جرم ہے۔ یہی خطاب تمام اہل علم کو بھی ہے کہ وہ بھی حق کو باطل کے ساتھ خلط ملط یا کتمان حق نہ کریں۔

وَ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ

وَ	اَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَ	اٰتُوا	الزَّكٰوةَ
اور	تم قائم کرو	نماز کو	اور	تم دو	زکوۃ کو
حرف عطف	فعل امر جمع مذکر	مفعول بہ	حرف عطف	فعل امر جمع مذکر	مفعول بہ

وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ {43}

وَ	ارْكَعُوْا	مَعَ	الرّٰكِعِيْنَ
اور	تم رکوع کرو	ساتھ	رکوع کرنیوالوں کے
حرف عطف	فعل امر جمع مذکر	مضاف	مضاف الیہ۔ اسم فاعل

بامحاورہ ترجمہ: اور (اے اہل ایمان) تم نماز قائم کرو اور زکوۃ دو اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرو۔

لغوی نکات:

ارْكَعُوْا — {ر ك ع} باب (ف) سے فعل امر جمع مذکر (رکوع کرنا)

الرّٰكِعِيْنَ — {ر ك ع} باب (ف) سے اسم فاعل جمع مذکر حالت جری مضاف الیہ (رکوع کرنے والے)

تفسیری نکات: اس آیت میں یہ بتایا گیا ہے کہ مسلمانوں پر نماز فرض ہے، اس میں سستی نہ کریں بلکہ ہر نماز کو باقاعدہ جماعت کے ساتھ ادا کریں۔ وارْكَعُوا مَعَ الرَّاكِعِيْنَ کا یہی معنی ہے کہ جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا فرض ہے، ہاں کبھی شرعی عذر کی وجہ سے جماعت رہ جائے تو یہ الگ بات ہے اور ساتھ یہ بھی حکم دیا گیا ہے کہ اگر ایک مسلمان صاحب استطاعت ہو تو وہ زکوۃ بھی ادا کرے، یہ بھی نماز کی طرح فرض ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ

تَنْسَوْنَ	وَ	الْبِرِّ	بِا	النَّاسَ	تَاْمُرُوْنَ	اَ
بھول جاتے ہو تم	اور	نیکی کے	ساتھ	لوگوں کو	حکم دیتے ہو تم	کیا
مضارع مخاطب	حرف عطف	مجرور	حرف جار	مفعول	فعل مضارع جمع مذکر مخاطب+فاعل	ہمزہ استفہام

اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ

الْكِتٰبَ	تَتْلُوْنَ	اَنْتُمْ	وَ	اَنْفُسَ + كُمْ
کتاب کو	پڑھتے ہو	کہ تم	اس حال	جانوں کو + اپنی
مفعول	مضارع جمع مذکر مخاطب	ضمیر مخاطب	حالیہ	مفعول۔ مضاف + مضاف الیہ

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ {44}

تَعْقِلُوْنَ	فَ + لَا	اَ
عقل رکھتے تم	پس + نہیں	کیا
مضارع جمع مذکر مخاطب	عاطفہ + حرف نہی	استفہام انکاری

بامحاورہ ترجمہ: کیا تم لوگوں کو نیکی کرنے کا حکم دیتے ہو اور خود اپنی جانوں کو بھول جاتے ہو۔ اس حال میں کہ تم کتاب (الٰہی) کی تلاوت کرتے ہو، کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے۔

لغوی نکات:

اَتَاْمُرُوْنَ أَ + تَاْمُرُوْنَ ہمزہ استفہام کے لئے ہے، (کیا) تَاْمُرُوْنَ {أ م ر} باب (ن) اَمَرَ، يَاْمُرُ سے مضارع معروف جمع مذکر مخاطب (حکم دینا)

بِالْبِرِّ بِ + الْبِرِّ، بِرّ بکسر الباء {ب ر ر} باب (س) بَرَّ يَبَرُّ سے مصدر مجرور (مرکب جاری) ہر قسم کی نیکی خواہ وہ اعتقادی ہو یا عملی)، بِرُّالْوَالِدَيْنِ ماں باپ کے ساتھ احسان کرنا اور اگر ب پر زبر ہو تو کبھی اللہ تعالیٰ کے ناموں سے ہوگا جس طرح فرمایا: اِنَّهٗ هُوَالْبَرُّ الرَّحِيْمُ اور کبھی خشکی پر اس کا اطلاق ہوتا ہے جس طرح فرمایا: ظَهَرَالْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ سمندر اور خشکی میں فساد ظاہر ہوگیا۔

وَتَنْسَوْنَ تَنْسَوْنَ {ن س ی} باب (س) نَسِيَ يَنْسٰى سے مضارع جمع مذکر مخاطب ہے۔ اصل میں تَنْسَوُوْنَ تھا واؤ کے ضمہ کو حذف کر کے پھر ایک واؤ کو گرادیا، تَنْسَوْنَ رہ گیا، (بھول جانا) امام شوکانی رقم طراز ہیں نسیان اصل میں ذکر و حفظ کا عکس

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ہوتا ہے یعنی وہ صورت جو حافظہ میں موجود تھی وہ زائل ہوجائے (فتح القدیر، شوکانی ؒ)

اَنْفُسَکُمْ اَنْفُسَ + کُمْ: نفس کی جمع انفس آتی ہے، کُمْ ضمیر مخاطب ہے، مرکب اضافی، تَنْسَوْنَ کا مفعول بنتا ہے۔ (اپنی جانوں کو)

تَتْلُوْنَ تَتْلُوْنَ {ت ل و} (ن) تَلٰی، یَتْلُوْ، تِلَاوَۃ، مضارع جمع مذکر مخاطب، اصل میں اس کا معنی ہے پیروی کرنا، دوسرا معنی اس کا قرأت کرنا۔ پڑھنا ہے اور یہاں پر یہی معنی مراد ہے اور قاری آیات کو ایک کو دوسری کے بعد تلاوت کرتا ہے۔ اس لئے اس کو تالی بھی کہتے ہیں اور لفظ تلاوت۔ آسمانی کتب سے مخصوص ہے۔

الْکِتٰبَ {ک ت ب} باب (ن) کَتَبَ یَکْتُبُ سے مصدر (مفعول) (مخصوص کتاب تورات ہے)

تَعْقِلُوْنَ {ع ق ل} باب (ض) عَقَلَ، یَعْقِلُ سے مضارع جمع مذکر مخاطب ہے، عقل اصل میں منع کو کہتے ہیں، کیونکہ عقل انسان کو قبیح فعل کے ارتکاب سے منع کرتی ہے۔ عقل اس رسی کو بھی کہتے ہیں جس سے اونٹ باندھا جاتا ہے کیونکہ وہ رسی اونٹ کو بھاگنے سے روکتی ہے۔ دیت کو بھی عقل کہتے ہیں جو کہ قاتل مقتول کے اولیاء کو قصاص کے بدلے مین دیتے ہیں اور اس کو قصاص سے منع کرتی ہے۔ عقل بے وقوفی کی عکس ہے۔

تفسیری نکات: اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں علماء اہل الکتاب (یہود و نصاریٰ) کو بالخصوص اور امت محمدیہ علی صاحبہا افضل الصلاۃ و التسلیم کے علماء و صلحاء کو بالعموم، ارشاد فرمایا کہ تم لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو، نماز پڑھو، روزے رکھو اور دیگر افعال خیر سرانجام دو، لیکن تمہیں خود ان نیکی کے کاموں کی طرف کوئی رغبت نہیں۔ اپنے نفسوں کو اس پر آمادہ نہیں کرتے۔ یہ کام (تضاد والا) حماقت و کم عقلی پر دلالت کرتا ہے۔ درحقیقت انسان کسی کو امر خیر کی طرف دعوت دینے سے پہلے وہ خود عمل کر کے دکھائے۔ اپنا عملی نمونہ پیش کرے۔ قومیں اپنے قائد کی حرکات کی طرف توجہ دیتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس حقیقت کو مزید دوسری جگہ نکھار کر بیان فرماتے ہیں۔ کَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ یہ بات اللہ تعالیٰ کو غصہ دلانے کے اعتبار سے بڑی ہے کہ تم لوگوں کو وہ کہو جو خود نہیں کرتے۔ دراصل یہود اپنے ساتھیوں کو کہا کرتے تھے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت اور اقامت صلاۃ وصوم یہ نیکی کے کام ہیں، ان کو کرنا چاہئے۔ لیکن خود آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کو تسلیم نہیں کرتے تھے۔ حالانکہ وہ کتاب (تورات) میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کے متعلق پڑھتے تھے۔ لیکن اپنی زبانوں سے اعتراف نہ کرتے تھے تو اللہ تعالیٰ نے اس پر ان کو ڈانٹ پلائی کہ تمہیں علم ہونے کے باوجود پھر اس پر عمل نہیں کرتے۔ کیا تمہارے اندر عقل، نام کی کوئی چیز نہیں ہے۔

فِی الْکِتَابِ لفظ الکتاب سے مراد (اہل کتاب) کی بہ نسبت تورات و انجیل اور بہ نسبت مسلمانوں کے قرآن ہے۔

وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ

الصَّلٰوةِ	وَ	الصَّبْرِ	بِا	اسْتَعِيْنُوْا	وَ
نماز کے	اور	صبر کے	ساتھ	مدد طلب کرو تم	اور
مجرور (معطوف)	حرف عطف	مجرور، معطوف علیہ	حرف جار	فعل امر جمع مذکر	حرف عطف

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَ اِنَّھَا لَکَبِیْرَۃٌ اِلَّا عَلَی الْخٰشِعِیْنَ {45}

الْخٰشِعِیْنَ	عَلَی	اِلَّا	لَکَبِیْرَۃٌ	ھَا	اِنَّ	وَ
ڈرنے والوں کے	اوپر	مگر	البتہ بہت بڑی ہے	وہ (نماز)	بے شک	اور
مجرور اسم الفاعل باب (فتح)	جار	حرف استثنا	لَ تاکید + خبر اِنَّ	ضمیر تانیث اسم اِنَّ	حرف مشبہ بالفعل	حرف عطف

بامحاورہ ترجمہ: اور مدد طلب کرو تم صبر اور نماز کے ساتھ اور بے شک وہ نماز البتہ بہت بڑی (بھاری) ہے مگر ڈرنے والوں پر (ان کے لئے یہ نماز بڑی مشکل نہیں ہے بلکہ آسان ہے)

لغوی نکات:

اِسْتَعِیْنُوْا {ع و ن} باب استفعال اِسْتِعَانَ، یَسْتَعِیْنُ سے فعل امر جمع مذکر حاضر، اِسْتَعِیْنُوْا اصل میں اِسْتَعْوِنُوْا تھا واوَ پر کسرہ تھا وہ ماقبل (ع) کو دے کر واوَ کو ی سے بدل دیا، اِسْتَعِیْنُوْا ہوگیا (مدد طلب کرو)۔

بِالصَّبْرِ بِ + الصَّبْرِ {ص ب ر} باب (ض) صَبَرَ یَصْبِرُ سے مصدر، مرکب جاری، صبر کا لغوی معنی ہے روکنا، یعنی اپنے آپ کو غلط شہوات یا شریعت کی نافرمانی سے روکنا اور اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت پر اپنے آپ کو باندھنا، نماز وغیرہ کے ذریعے سے، اس طرح مشکلات پر صبر کرنا، آہ وگریہ زاری نہ کرنا۔

الصَّلٰوۃِ {ص ل و} باب تفعیل، صَلَّی، یُصَلِّیْ، سے اسم مصدر ہے۔ اگر اس صلاۃ کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو تو رحمت کے معنی میں ہوتا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ صَلَی، یَصْلُوْ سے نکلا ہوا ہے۔ کمر کے درمیانی حصہ کو صلاۃ کہتے ہیں کیونکہ نمازی اپنی کمر کو رکوع میں جھکاتا ہے اور الصَّلَاۃَ کو شرع میں مخصوص عبادت کو مخصوص ارکان سنن و واجبات محدود اوقات میں ادا کرنے کا نام ہے۔

اِنَّھَا اِنَّ + ھَا: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل۔ ھَا ضمیر مؤنث اس کا اسم ہے۔ یہ ضمیر تانیث صلاۃ کی طرف لوٹ رہی ہے یا صبر اور نماز دونوں کی طرف لوٹ رہی ہے۔ اس شکل میں صبر و صلاۃ دونوں کو عبادت کی تاویل میں لے کر ضمیر کو اس کی طرف لوٹائیں گے۔ (یقیناً وہ عبادت یا نماز)

لَکَبِیْرَۃٌ لَ + کَبِیْرَۃٌ لِ تاکید کے لئے ہے اور کَبِیْرَۃٌ فَعِیْلَۃٌ کے وزن پر {ک ب ر} باب (ک) سے صفت مشبہ ہے۔ یہ اِنَّ کی خبر ہے جو ل کے ساتھ مؤکدہ ہے، (بہت بھاری)

عَلَی الْخٰشِعِیْنَ مرکب جاری۔ الْخَاشِعِیْنَ {خ ش ع} باب (ف) خَشَعَ یَخْشَعُ سے اسم فاعل جمع، حالت جر، ڈرنا، عاجزی کرنا، علامہ زجاج کہتے ہیں کہ خاشع وہ ہوتا ہے جس پر ذلت کے آثار واضح ہوں۔

سفیان ثوری نے اعمش سے خشوع کے بارے میں پوچھا تو اعمش نے کہا کہ اے ثوری تم لوگوں کے امام بنے ہوئے ہو

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

اور تمہیں خشوع کا پتہ نہیں ہے۔ پھر کہا کہ خشوع یہ نہیں ہے کہ کھردرا کھانا کھا لینا اور کھردرا لباس پہننا بلکہ خشوع یہ ہے کہ تمام فرائض جو اللہ تعالیٰ نے تجھ پر فرض کئے ہیں، ان کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہنا اور ان کو صحیح طریقے سے بجالانا۔

بعض محققین کہتے ہیں کہ خشوع نفس میں ایک ہیئت کا نام ہے جس سے اعضاء میں سکون اور تواضع ظاہر ہو۔

تفسیری نکات: علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ امام ابن جریر کا خیال ہے کہ آیت کا معنٰی یہ ہے کہ اے علماء یہود و نصاریٰ اپنے نفسوں کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت پر باندھنے کے ساتھ ساتھ اور اقامت صلوٰۃ کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرو لیکن ابن کثیر کے ہاں یہ آیت تمام انسانوں کے لئے عام ہے۔ قرآن نے استعانت کا عظیم ترین اصول (الصبرو الصلاۃ) کو قرار دیا ہے۔ صبر یہ ہے کہ اصول حقہ پر مضبوطی سے قائم رہے کہ کوئی طاقت اس کے ارادہ میں جنبش نہ پیدا کر سکے اور الصلاۃ کلی طور پر اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کے حوالے کردینے کا نام ہے کہ ہرلحہ اور ہر وقت اس کی طرف دھیان رہے کہ کوئی وقت اس کی یاد سے غفلت میں نہ گزرے۔ دین و دنیا کی کامیابی کے یہی دو بڑے اصول ہیں۔ (صبر و صلوٰۃ)

الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا

الَّذِيْنَ	يَظُنُّوْنَ	اَنَّ + هُمْ	مُّلٰقُوْا
وہ لوگ	جو یقین کرتے ہیں	کہ بے شک + وہ	ملاقات کرنیوالے ہیں
اسم موصول اَلَّذِیْ کی جمع	مضارع معلوم (ن)	حرف مشبہ بالفعل + ضمیر جمع اَنَّ کا اسم	اسم فاعل جمع مذکر (اِنَّ کی خبر) اسم فاعل مضاف

رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ {46} ع

رَبِّ + هِمْ	وَ	اَنَّ + هُمْ	اِلَى + هٖ	رٰجِعُوْنَ
رب + اپنے سے	اور	بے شک + وہ	طرف + اسکی	لوٹنے والے ہیں
مضاف مضاف الیہ + مضاف الیہ	حرف عطف	حرف مشبہ بالفعل + ضمیر جمع اسم اَنَّ	جار + مجرور	اسم فاعل (ض) جمع مذکر

بامحاورہ ترجمہ: وہ لوگ جو یقین رکھتے ہیں کہ وہ اپنے رب کو ملنے والے ہیں اور بے شک وہ اس کی طرف لوٹنے والے ہیں۔

لغوی نکات:

يَظُنُّوْنَ {ظ ن ن} باب (ن) ظَنَّ، يَظُنُّ سے فعل مضارع جمع مذکر غائب، ظَنَّ کبھی یہ گمان کے معنی میں آتا ہے اور کبھی یقین کے معنی میں۔ علامہ راغب رحمہ اللہ فرماتے ہیں، کسی چیز کی علامت سے جو نتیجہ حاصل ہوتا ہے اس کو ظَنَّ کہتے ہیں جب یہ علامات قوی ہوں تو یقین کا درجہ حاصل ہوتا ہے اور اگر بہت ضعیف ہوں تو یہ نتیجتاً وہم کی حد سے آگے تجاوز نہیں کرتا۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

امام شوکانی فرماتے ہیں کہ ظَنَّ اس جگہ جمہور کے ہاں یقین کے معنی میں آیا ہے اور اصل ظَنَّ شک کے معنی میں بھی آتا ہے۔ فتح القدیر۔

مُلٰقُوْا رَبِّهِمْ مرکب اضافی مُلَاقُوْ+ رَبِّ + هِمْ {ل ق ی} باب (مفاعلہ)، لَاقٰی یُلَاقِیْ سے اسم فاعل جمع مذکر مضاف، مُلَاقُوْا اصل میں مُلَاقِیُوْنَ تھا ی کا ضمہ ماقبل کو دے کری کو گرا دیا اور پھر رَبِّهِمْ کی طرف مضاف ہونے کی وجہ سے ن گر گیا، مُلَاقُوْا رہ گیا۔ ملاقات کرنا، آمنے سامنے ہونا، باہم ملنا، یَوْمُ التَّلَاقِ، ملاقات کا دن مراد قیامت کا دن۔

تفسیری نکات: سابقہ آیت میں صبر وصلوٰۃ کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا اور ان دونوں کے ذریعے استعانت کرنے والوں کی نشاندہی فرمائی ہے اور اس آیت میں یہ بتایا گیا ہے کہ یہ وہ لوگ ہیں جو روزِ قیامت اللہ تعالیٰ سے ملاقات پر یقین رکھتے ہیں۔ وہاں ہی اعمال کا محاسبہ ہوگا۔ اس لئے دنیا میں احکام رب العالمین پر عمل پیرا ہونا چاہئے تاکہ یوم آخرت کی ذلت و رسوائی سے بچ سکیں اور فلاحِ آخرت نصیب ہو۔

يٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِیَ

يَا	بَنِیْ	اِسْرَآءِيْلَ	اذْكُرُوْا	نِعْمَةِ+ىَ
اے	بیٹو	اسرائیل (یعقوبؑ) کے	یاد کرو تم	نعمت + میری کو
حرف ندا	(منادی) مضاف	مضاف الیہ	فعل امر حاضر جمع مذکر (ن)	(مفعول) مضاف + مضاف الیہ

الَّتِیْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّیْ

الَّتِیْٓ	اَنْعَمْتُ	عَلٰى+كُمْ	وَ	اَنَّ+ىْ
وہ جو	انعام کی میں نے	اوپر + تمہارے	اور	بے شک + میں نے
اسم موصول	فعل ماضی، فاعل	جار + مجرور	حرف عطف	حرف مشبہ بالفعل + اسم اِنَّ

فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ {47}

فَضَّلْتُ+كُمْ	عَلٰى	الْعٰلَمِيْنَ
فضیلت دی میں نے + تم کو	اوپر	تمام جہانوں کے
فعل ماضی، فاعل + مفعول	جر	مجرور عالَمٌ کی جمع

بامحاورہ ترجمہ: اے بنی اسرائیل میری اس نعمت کو یاد کرو جو میں نے تم پر انعام کی ہے اور بے شک میں نے تم کو تمام جہانوں پر فضیلت دی۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

لغوی نکات:

یَا یہ دراصل حرف ندا ہے اس کا منادی اگر مضاف نہ ہو تو وہ مبنی علی الضم ہوتا ہے۔ مثلاً یَازَیْدُ یعنی منادی کے آخر میں پیش ہوتی ہے اور اگر وہ کسی چیز کی طرف مضاف ہو تو زبر ہوتی ہے اور اس کا مَابَعْد مجرور بالا ضافت ہوتا ہے۔ جیسے یَاعَبْدَاللّٰہِ، یَابَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ۔

بَنِیْ یہ اصل میں بَنِیْنَ حالت نصبی میں ہے اور آگے اسرائیل کی طرف مضاف ہو رہا ہے، اسی وجہ سے اس سے (ن) گر گیا ہے، بنی رہ گیا ہے۔ بَنُوْنَ رفعی حالت اور بَنِیْنَ نصبی جری حالت اس کا مفرد اِبْنٌ ہے اور اِبْنٌ کی جمع اَبْنَاءٌ ہے جس طرح قرآن میں ہے قَالَتِ الْیَھُوْدُ وَالنَّصٰرٰی نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰہِ وَاَحِبَّآؤُہٗ۔ اسی طرح اس (اِبْنٌ) کی جمع بَنُوْنَ حالت رفعی بھی آتی ہے جس طرح فرمایا اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِیْنَۃُ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا

اِسْرَآءِیْلَ یہ یعقوب علیہ السلام کا لقب ہے۔ یہ اسحاق بن ابراہیم علیہم السلام کے بیٹے تھے۔ اسرائیل عبرانی لفظ ہے، اِسْرَ بمعنی عبد کے ہیں۔ اَسْر بمعنی قیدی کے۔ اسی سے اسیر بمعنی قیدی ہے کیونکہ غلام بھی قیدی ہی ہوتا ہے اور اِیْل بمعنی اللّٰہ ہوتا ہے، معنی یہ ہوا ''اللّٰہ کا بندہ''۔

اذْکُرُوْا یہ باب (ن) ذَکَرَ یَذْکُرُ سے امر حاضر۔ جمع مذکر حاضر ہے (یاد کرو تم)۔

نِعْمَتِیَ نِعْمَۃِ + یْ مرکب اضافی، نِعْمَۃَ کی جمع نِعَمٌ آتی ہے، نِعَمُ اللّٰہِ کَثِیْرَۃٌ، اللّٰہ کی نعمتیں بے شمار ہیں، حالت نصبی۔ مفعول بنتا ہے۔ (میری نعمت کو)

اَنْعَمْتُ عَلَیْکُمْ اَنْعَمْتُ + عَلیٰ + کُمْ۔ اَنْعَمْتُ، باب افعال اَنْعَمَ یُنْعِمُ اِنْعَامٌ۔ ماضی واحد متکلم ہے۔ عَلیٰ + کُمْ جار مجرور اَنْعَمْتُ کے متعلق ہے۔ نعمت کا معنی (احسان، رزق وغیرہ عطا کرنا)۔

فَضَّلْتُکُمْ فَضَّلْتُ + کُمْ، {ف ض ل} باب تفعیل، فَضَّلَ، یُفَضِّلُ، تَفْضِیْلًا، ماضی معلوم، واحد متکلم کُمْ۔ یہ فَضَّلْتُ کا مفعول بنتا ہے۔ (ترجیح دینا)۔

الْعٰلَمِیْنَ لام پر زبر، عَالَمٌ کی جمع سالم، عَالَمِیْنَ ہے، نصبی جری حالت ی ن کے ساتھ، ساری مخلوق ماسوائے اللّٰہ، جمع مکسر عَوَالِمُ ہے اور اگر عَالِمٌ لام پر زیر ہو تو باب (س) سے اسم فاعل بمعنی علم رکھنے والا، اس کی جمع عَالِمُوْنَ ہے۔

تفسیری نکات: پچھلے رکوع کی ابتداء میں بنی اسرائیل کا تذکرہ شروع تھا اور اس کے بعد ان کی کئی ایک اخلاقی جرائم اور فرائض سے سبکدوشی کا تذکرہ چلا۔ یہاں پر پھر اللّٰہ تعالیٰ نے ان کو باخبر کیا اور یاد کرایا کہ میری ان نعمتوں کو یاد کرو جو میں نے تمہارے اوپر بارش کی طرح انعام کی ہیں۔ مَنّ و سَلْویٰ تم پر نازل کیا، بادلوں کا سایہ، تسلسل انبیاء علیہم السلام، سب سے بڑی نعمت فرعون کو سمندر میں غرق کرنا، جو سب سے بڑا تمہارا دشمن بنا ہوا تھا اور اس کے بعد میں نے تم کو روئے زمین پر بسنے والے انسانوں پر فضیلت دی حالانکہ ان کے اندر اس فضیلت کا استحقاق نہ تھا۔ صرف ان کے ہاں بہ نسبت دوسری اقوام کے معمولی توحید تھی جس کی وجہ سے اللّٰہ تعالیٰ نے ان پر خاص فضل کیا تھا۔ لیکن یہ خاص فضل کے دھوکے میں آکر اپنے آپ کو اللّٰہ کے مقرب سمجھنے لگے۔ بنی اسرائیل کو یاد کروانے کا

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

مقصد یہ ہے کہ مسلمانوں پر بھی بے شمار نعمتیں ہیں سب سے بڑی نعمت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن مجید ہیں یہ بھی اللہ تعالیٰ کے احکامات اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اتباع کریں۔ اسی میں تمہاری دنیا و آخرت کی کامیابی کا راز ہے۔

وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ

وَ	اتَّقُوْا	يَوْمًا	لَّا	تَجْزِيْ	نَفْسٌ	عَنْ	نَّفْسٍ
اور	ڈرو تم	(اس) دن (سے)	نہ	کفایت کرے گی	کوئی جان	سے	کسی جان
عاطفہ	فعل امر حاضر	مفعول ظرف زمان	نافیہ	فعل مضارع	فاعل	حرف جار	مجرور

شَيْئًا وَّ لَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ

شَيْئًا	وَّ	لَا	يُقْبَلُ	مِنْ+هَا	شَفَاعَةٌ	وَّ	لَا	يُؤْخَذُ
کچھ	اور	نہ	قبول کیا جائے گا	سے + اس	کوئی سفارش	اور	نہ	لیا جائے گا
مفعول	عاطفہ	نافیہ	فعل مضارع مجہول	حرف جار + مجرور	نائب فاعل	حرف عطف	نافیہ	مضارع مجہول

مِنْهَا عَدْلٌ وَّ لَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ {48}

مِنْ+هَا	عَدْلٌ	وَّ	لَا	هُمْ	يُنْصَرُوْنَ
سے + اس	بدلہ	اور	نہ	وہ	مدد کئے جائیں گے
جار + مجرور	نائب فاعل	حرف عطف	نافیہ	ضمیر جمع غائب (مبتدا)	مضارع مجہول جمع مذکر غائب (خبر)

بامحاورہ ترجمہ: اور ڈرو تم اس دن سے کہ نہ کفایت کرے گی کوئی جان کسی جان سے اور نہ اس کی سفارش قبول کی جائے گی اور نہ اس سے کوئی فدیہ لیا جائے گا اور نہ وہ مدد کئے جائیں گے۔

لغوی نکات:

اتَّقُوْا {و ق ی} باب افتعال، اِتَّقٰی یَتَّقِیْ سے فعل امر جمع مذکر، معنی ہے ڈر جاؤ تم، بچ جاؤ، پرہیز کرو (گناہوں سے) لازم سے وَقٰی، یَقِیْ، وقایۃ استعمال ہوتا ہے، حفاظت کرنا، تکلیف سے بچانا۔

يَوْمًا ظرف زمان ہے جو 24 گھنٹوں پر مشتمل ہوتا ہے، یہ مفرد ہے، اس کی جمع اَیَّامٌ آتی ہے۔ مفعول یا ظرف ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے۔ (دن)

تَجْزِيْ {ج ز ی} باب (ض) جَزٰی یَجْزِیْ سے مضارع معلوم واحد مونث غائب (کفایت کرنا)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

نَّفْسٍ یہ مؤنث سماعی ہے، اس کی جمع اَنْفُس اور نُفُوْسٌ آتی ہے۔ جان، روح کو بھی نفس کہتے ہیں۔ خَرَجَتْ نَفْسُهٗ، اس کی روح پرواز کرگئی، کبھی نظر بد کو بھی نفس کہتے ہیں۔ اَصَابَتْهُ نَفْسٌ، اس کو نظر بد لگی ہوئی ہے۔

شَیْئًا یہ مفعولیت کی بنا پر منصوب ہے یا محذوف مصدر کی صفت بن رہا ہے۔ اِی جَزَاءً، حَقِیْرًا، اس کی تنکیر تحقیر کے لئے ہے۔

لَا یُقْبَلُ {ق ب ل} باب (س) قَبِلَ، یَقْبَلُ، قَبُوْلًا، وَقُبُوْلًا سے مضارع مجہول منفی (قبول نہ کیا جائے گا)

شَفَاعَةٌ {ش ف ع} باب (ف) شَفَعَ یَشْفَعُ کا مصدر، نائب فاعل ہے (سفارش کرنا)

عَدْلٌ {ع د ل} باب (ض) عَدَلَ یَعْدِلُ سے مصدر (نائب فاعل) (فدیہ، معاوضہ)

تفسیری نکات: اللہ تعالیٰ متنبہ فرما رہے ہیں کہ اس دن سے بچ جاؤ جس دن کوئی جان کسی جان سے کفایت نہ کرے گی۔ ہر ایک کو اپنی جان کی فکر لاحق ہوگی۔ انتہائی قریبی رشتہ دار بھی ایک دوسرے سے بھاگیں گے اور نہ وہاں کسی کی سفارش قابل قبول ہوگی اور نہ کسی قسم کا فدیہ وغیرہ کام آئے گا اور نہ ہی ایک دوسرے کا تعاون کیا جائے گا۔ اس لئے دنیا میں ہی اپنے اعمال کا محاسبہ کریں اور اپنے ساتھ بہتر زادِراہ لے کر جائیں تاکہ آخرت کی ذلت و رسوائی سے بچ جائیں اور جنت اور اللہ کی خوشنودی حاصل ہو۔

وَاِذْ نَجَّیْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ

وَ	اِذْ	نَجَّیْنَا+کُمْ	مِّنْ	اٰلِ	فِرْعَوْنَ
اور	جب	نجات دی ہم نے + تم کو	سے	ال	فرعون
حرف عطف	ظرف زماں	فعل ماضی، فاعل +مفعول	حرف جر	مضاف	مضاف الیہ مجرور

یَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ یُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ

یَسُوْمُوْنَ	کُمْ	سُوْٓءَ	الْعَذَابِ	یُذَبِّحُوْنَ	اَبْنَآءَ	کُمْ
چکھاتے تھے وہ	تم کو	برا	عذاب	ذبح کرتے تھے وہ	بیٹوں	تمہاروں کو
فعل مضارع، فاعل (ن)	مفعول	مضاف	مضاف الیہ (مفعول)	فعل مضارع، فاعل	مضاف	مضاف الیہ (مفعول)

وَیَسْتَحْیُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِیْ ذٰلِكُمْ

وَ	یَسْتَحْیُوْنَ	نِسَآءَ+کُمْ	وَ	فِیْ	ذٰلِکُمْ
اور	زندہ رکھتے تھے وہ	عورتیں + تمہاری کو	اور	میں	اس
حرف عطف	فعل مضارع فاعل	مضاف + مضاف الیہ مفعول	حرف عطف	حرف جر، خبر مقدم	(مجرور) ضمیر جمع مذکر

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بَلَآءٌ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ عَظِيۡمٌ {49}

بَلَآءٌ	مِّنۡ	رَّبِّ	كُمۡ	عَظِيۡمٌ
آزمائش	سے	رب	تمہارے	بہت بڑی
مبتدا مؤخر۔موصوف	حرف جر	مجرور مضاف	مضاف الیہ	صفت

بامحاورہ ترجمہ: اور (یاد کرو وہ وقت) جب ہم نے تم کو آل فرعون سے نجات دی وہ تم کو بدترین عذاب چکھاتے تھے کہ تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے اور تمہاری عورتوں کو زندہ رکھتے تھے اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے بہت بڑی آزمائش ہے۔

لغوی نکات:

اِذۡنَجَّيۡنَا + كُمۡ + مِنۡ اِذۡ اس جگہ نصبی حالت پر ہے کیونکہ یہ فعل محذوف کا مفعول بن رہا ہے، اصل عبارت اس طرح ہے، اُذۡكُرُوۡا (اِذۡ) اِذۡ زمانہ ماضی کے لئے ظرف ہے اور اس کے بعد ہمیشہ جملہ واقع ہوتا ہے اور کبھی جملہ کو حذف کردیتے ہیں اور اس کے عوض تنوین لاتے ہیں۔ جیسے کہتے ہیں مَتٰى جَاءَ كُمُ الۡمَوۡتُ فَحِيۡنَئِذٍ تَعۡلَمُوۡنَ جب تمہارے پاس موت آئے گی پھر تم کو علم ہوجائے گا۔

اٰلِ فِرۡعَوۡنَ آل اصل میں أھل تھا کیونکہ اس کی تصغیر اُھَیۡلُ آتی ہے اور کسی چیز کی اصلیت تصغیر سے معلوم کی جاتی ہے۔قرآن میں اکثر لفظ آل استعمال ہوا ہے، بعض لوگ آل اور أھل میں فرق اس طرح کرتے ہیں کہ آل صرف معرفہ کی طرف منسوب ہوتا ہے جبکہ أھل عام ہے۔معرفہ اور نکرہ دونوں کی طرف منسوب ہوتا ہے۔

دوسرا یہ کہ آل صرف خصوصیات اور اہمیت رکھنے والوں کے لئے مستعمل ہوتا ہے خواہ وہ قرابت کے لحاظ سے ہو یا دینی اعتبار سے۔آل فرعون، آل قریش، آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، آل ابراہیم علیہ السلام اور آل اسکاف بمعنی موچی نہیں کہا جاسکتا۔ کیونکہ انتہائی حقیر پیشہ ہے اور أھل میں تصغیر پائی جاتی ہے۔ اگر شہر کی طرف نسبت کریں گے تو أَھۡلٌ لائیں گے، آل نہیں کہا جائے گا۔اھل المدینۃ کہیں گے آل المدینہ نہیں کہیں گے۔

فِرۡعَوۡنَ، یہ اسم جنس ہے مصر کا ہر وہ بادشاہ جو ظالم و جابر ہو، اس کو فرعون کہتے ہیں۔ جس طرح نجاشی حبشہ کے بادشاہ کو کہتے ہیں۔ کہتے ہیں فرعون کا نام قابوس یا ولید بن مصعب تھا اور بعض نے کہا کہ یہ فرعون کا نام ہی تھا۔ (واللہ اعلم)

يَسُوۡمُوۡنَكُمۡ يَسُوۡمُوۡنَ + كُمۡ {س و م} باب (ن) سَامَ، يَسُوۡمُ، سَوۡمًا سے فعل مضارع جمع مذکر غائب + كُمۡ ضمیر مفعول (چکھانا) سَوۡمَ کا اصل معنی صاحب کشاف نے یہ کیا ہے کسی چیز کی طلب کے لئے نکلنا، معنی اس طرح ہوگا، تمہارے لئے برا عذاب وہ طلب کرتے تھے اور اس کو ہر وقت تم پر مسلط کرتے تھے۔

سُوۡٓءَ الۡعَذَابِ مرکب اضافی، یہ مصدر محذوف کی صفت بن رہا ہے۔ تقدیر عبارت اس طرح ہے يَسُوۡمُوۡنَكُمۡ سَوۡمًا سُوۡٓءَ الۡعَذَابِ اور يَسُوۡمُوۡنَكُمۡ کا مفعول ثانی بھی بن سکتا ہے (بمعنی بدترین عذاب)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ يُذَبِّحُوْنَ {ذ ب ح} باب تفعیل، ذَبَّحَ يُذَبِّحُ سے مضارع جمع مذکر غائب، یہ يَسُوْمُوْنَكُمْ سے بدل واقع ہو رہا ہے۔ یعنی اس عذاب کی نوعیت ذِبْحُ الْاَوْلَادِ تھا۔ اصل ذبح کا معنی حیوان کے حلق کو کاٹنا ہے کیونکہ یہ باب تفعیل ہے جس میں تکثیر کا معنی پایا جاتا ہے کہ وہ تمہارے بیٹوں کو کثرت سے ذبح کرتے تھے۔ عورتوں کو خدمت کیلئے زندہ باقی رکھنا اور بچوں کو ذبح کر ڈالنا انتہائی ذلت و رسوائی کی بات ہے اور باعث عار بھی۔

بَلَآءٌ {ب ل و} باب (ن) بَلَی يَبْلُوْ سے مصدر، اس کی جمع بَلَايَا ہے، بمعنی آزمانا، امتحان لینا، تجربہ کرنا، ابتلاء خیر و شر دونوں سے ہوتا ہے۔ وَنَبْلُوْكُمْ بِالْخَيْرِ وَالشَّرِّ فِتْنَةً، ہم تم کو سختی و بھلائی دونوں سے آزماتے ہیں۔ اس آیت میں اگر مراد ابتلاء بالشّر ہے تو پھر ان کے بچوں کو ذبح کرنا یہ مراد ہے اور اگر ابتلاء بالخیر ہے تو پھر وہ نعمت جو اللہ نے فرعون اور اس کی آل کو غرق کر کے کی ہے۔ وہ مراد ہے۔

تفسیری نکات: اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو ایک بہت بڑی نعمت یاد دلائی ہے کہ ہم نے تم کو فرعون کے سخت ترین عذاب سے نجات دی۔ یوسف علیہ السلام اور انکا پورا خاندان مصر منتقل ہو کر چار سو سال میں ہر طرف پھیل گیا۔ آل فرعون کو انکے غلبہ سے اپنی ہلاکت کا خدشہ لاحق ہوا اور کسی نجومی نے بھی فرعون کو اس بنی اسرائیل کی نسل سے تباہی کا خطرہ ڈال دیا۔ بہرحال فرعون نے یہ ترکیب سوچی کہ انکی نسل کو ختم کرتے ہیں تو پھر اس نے آیت میں مذکورہ طریقہ اپنایا۔ فرعون کی ہلاکت بنی اسرائیل کیلئے بہت بڑی کامیابی اور باعث نعمت بات تھی۔ اللہ تعالیٰ نے یاد دلایا کہ اللہ کی نافرمانی سے بچ جاؤ۔ وگرنہ آخرت کا عذاب اس سے بھی سخت ہے۔ اس میں مسلمانوں کیلئے بھی اشارہ ہے کہ اللہ اور اسکے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی سے بچ جاؤ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات گرامی مسلمانوں پر بہت بڑا احسان ہے۔ اسکی خلاف ورزی نہ کرو اور اسکے نقش قدم پر چل کر اللہ کی رضا حاصل کرو۔ وگرنہ اللہ تعالیٰ کا عذاب سخت ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طریقے کے مطابق زندگی بسر کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

وَ اِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ

وَ	اِذْ	فَرَقْنَا	بِ + كُمُ	الْبَحْرَ	فَ	اَنْجَيْنَا	كُمْ
اور	جب	پھاڑا ہم نے	ساتھ + تمہارے	سمندر	تو	نجات دی ہم نے	تم کو
حرف عطف	ظرف زمان	فعل ماضی جمع متکلم+فاعل	حرف جر + مجرور	مفعول	حرف عطف	فعل ماضی، جمع متکلم فاعل	مفعول

وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَ اَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ {50}

وَ	اَغْرَقْنَآ	اٰلَ	فِرْعَوْنَ	وَ+اَنْتُمْ	تَنْظُرُوْنَ
اور	غرق کیا ہم نے	آل	فرعون کو	اور + تم	دیکھ رہے تھے
حرف عطف	فعل ماضی جمع متکلم، فاعل	مضاف	مضاف الیہ (مفعول)	عطف + مبتدا	خبر۔ فعل مضارع۔ جمع مذکر مخاطب

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بامحاورہ ترجمہ: اور (اس وقت کو یاد کرو اے بنی اسرائیل) جب ہم نے تمہاری وجہ سے سمندر کو پھاڑ دیا اور آل فرعون کو تمہارے دیکھتے دیکھتے غرق کر دیا۔

لغوی نکات:

فَرَقْنَا {ف ر ق} باب (ض) فَرَقَ یَفْرِقُ سے فعل ماضی جمع متکلم اس کا معنی جدا کرنا، الگ الگ کرنا، پھاڑ دینا ہوتا ہے۔ اگر اس کے بعد اَلْبَحَرَ آئے تو پھر معنی سمندر کو پھاڑ دینا اور اگر اس کے بعد الشّعر (ش پر زبر) ہو تو پھر معنی بالوں میں مانگ نکالنا ہوتا ہے۔ اس سے فُرقان ہوتا ہے جس کا معنی حق و باطل میں فرق کرنے والا۔ فُرقان کتاب اللہ (قرآن) کا نام بھی ہے یعنی حق و باطل میں فرق کرنے والی کتاب۔ اسی طرح جنگ بدر کے دن کو بھی یوم الفرقان کہا گیا ہے یعنی حق و باطل کے درمیان ہونے والی جنگ۔ اسی سے فریق ہے ایک جماعت جو دوسری سے الگ ہو۔ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کو بھی فاروق کہتے ہیں جس کا معنی ہے کہ پیچیدہ امور میں فیصلہ کرنے والا، حق و باطل میں فرق کرنے والا۔

بِکُمْ بِ + کُمْ، یہاں پر ب، ل کے معنی میں ہے فرق کیا تمہارے لئے۔ عربی زبان میں حروف جارہ ایک دوسرے کے معنی میں استعمال ہوتے رہتے ہیں اور بعض علماء کے نزدیک ب سببیہ ہے بسبب تمہارے۔ اَلْبَحَرَ۔ یہ واحد ہے اس کی جمع اَبْحَرَۃٌ آتی ہے اور بُحُوْرَ اور اَبْحَارٌ بھی جمع آتی ہے، اس کا معنی سمندر، دریا ہوتا ہے۔ اصل معنی بحر کا وسیع ہونا ہے کیونکہ نہر اور خلیج کی نسبت سمندر وسیع ہوتا ہے۔ جس شخص کے پاس بہت سا علم ہو اس کو بھی بَحْرٌ کہتے ہیں۔ (بحر العلم) علم کا سمندر۔ بحر سے مراد یہاں بحر قلزم یا بحر احمر ہے۔ دریائے نیل مراد نہیں ہے۔ کیونکہ بنی اسرائیل کا راستہ شام کو جانے کے لئے مشرق کی طرف تھا جبکہ دریائے نیل مغرب کی طرف واقع ہے۔ بنو اسرائیل نے بحر قلزم کو شمالی تنگ سرے کے قریب سے اس کو عبور کیا اور جزیرہ نمائے سینا میں قدم رکھا۔

فَاَنْجَیْنٰکُمْ فَ + اَنْجَیْنَا + کُمْ، {ن ج ی} باب افعال سے فعل ماضی معلوم جمع متکلم + فاعل + کُمْ جمع کی ضمیر ہے جو مفعول واقع ہو رہی ہے۔ اس کا معنی یہ ہے کہ پس نجات دی ہم نے تم کو۔

اَغْرَقْنَآ {غ ر ق} باب افعال سے ماضی جمع متکلم، اس کا معنی غرق کر دیا ہم نے، پانی میں ڈبو دیا۔

وَ اَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ واوٗ حالیہ ہے۔ اَنْتَ کی جمع اَنْتُمْ ہے اور تَنْظُرُوْنَ {ن ظ ر} باب (ن) سے مضارع معلوم جمع مذکر حاضر (دیکھنا)۔ یہ جملہ حالیہ کے معنی میں ہے، معنی (نظر ڈالنا، دیکھنا) اور اس کا استعمال عموماً آنکھوں سے دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ جملے کا معنی یہ ہے۔ اس حال کہ تم فرعون اور اس کے لشکر کو پانی میں غرق ہوتے ہوئے اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے تھے۔ یا معنی یہ ہے کہ تم سمندر کو عبور کرتے وقت ایک دوسرے کو بڑے غور سے دیکھ رہے تھے یا اپنی سالمیت اور آل فرعون کی غرقیت کو دیکھ رہے تھے۔ آل سے مراد اس کی قوم اور اسکے متبعین سب مراد ہیں۔

تفسیری نکات: اللہ تعالیٰ بنی اسرائیل کو اس آیت میں اس وقت کی یاد دہانی کرا رہے ہیں کہ جب موسیٰ علیہ السلام ان کو رات کی

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

تاریکی میں لے کر نکل پڑے جب فرعون کو ان کے نکلنے کا علم ہوا تو وہ اپنے لشکر سمیت ان کے تعاقب میں نکل پڑا۔ اب بنی اسرائیل کے آگے بحر قلزم تھا اور پیچھے فرعون اور اس کا لشکر، درمیان میں پھنس گئے۔ بھاگنے کا کوئی موقع نہیں تھا۔ موسیٰ علیہ السلام نے قوم کو دریا میں داخل ہونے کا حکم صادر فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے دریا کو حکم دیا کہ بنی اسرائیل کے لئے راستہ بنادو۔ چنانچہ دریا دو دیواروں کی طرح کھڑا ہوگیا، درمیان میں راستہ ہوگیا۔ بنی اسرائیل تو صحیح سالم دریا عبور کرگئے لیکن جب فرعون اور اس کا لشکر عبور کرنے کے لئے داخل ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے دریا کو مل جانے کا حکم دے دیا جس کی وجہ سے فرعون اپنے لشکر سمیت غرق ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل پر بڑا انعام کیا۔ ان پر سختی کے دن ختم ہوگئے۔ اب ان کو چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف خاص توجہ کریں۔ اللہ تعالیٰ کی توحید کو مانیں، شرک نہ کریں، اللہ تعالیٰ ہم کو بھی توحید پر چلنے اور شرک سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے۔

وَ اِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰی اَرْبَعِیْنَ لَیْلَةً ثُمَّ

وَ	اِذْ	وٰعَدْنَا	مُوْسٰی	اَرْبَعِیْنَ	لَیْلَةً	ثُمَّ
اور	جب	وعدہ کیا + ہم نے	موسیٰ علیہ السلام سے	چالیس	رات کا	پھر
عاطفہ	ظرف زمان	فعل ماضی جمع متکلم + فاعل (مفاعلہ)	مفعول اول	(مفعول ثانی) عدد	معدود	تراخی کے لئے

اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ {51}

اتَّخَذْتُمُ	الْعِجْلَ	مِنْ	بَعْدِ + ہٖ	وَ	اَنْتُمْ	ظٰلِمُوْنَ
پکڑا تم نے	بچھڑے کو معبود	سے	بعد + اس کے	اور	تم	ظلم کرنے والے تھے
فعل ماضی + فاعل	مفعول	حرف جر	مضاف + مضاف الیہ	عاطفہ حالیہ	مبتدا	خبر۔ اسم فاعل جمع مذکر

بامحاورہ ترجمہ: اور (یاد کرو اس وقت کو) جس وقت ہم نے موسیٰ علیہ السلام سے چالیس رات کا وعدہ کیا پھر تم نے اس کے بعد بچھڑے کو معبود بنالیا اور تم (اس وقت) ظالم بن گئے۔

لغوی نکات:

وٰعَدْنَا {و ع د} باب مفاعلہ سے ماضی جمع متکلم اور بعض قراء نے باب مفاعلہ بنانے سے انکار کیا ہے ان کا نظریہ یہ ہے کہ باب مفاعلہ انسانوں کے ساتھ خاص ہوتا ہے کیونکہ اس میں اشتراک، مِنْ جَانِبَیْنِ ہوتا ہے جبکہ اللہ تعالیٰ کے لئے یہ (اِشْتِرَاك) صحیح نہیں ہے، ان کی یہ بات صحیح نہیں ہے کیونکہ باب مفاعلہ کبھی کبھی ایک کیلئے بھی ہوتا ہے جس طرح کہتے ہیں دَاوَیْتُ الْعَصِیْلَ، (میں نے بیمار کو دوائی دی)، عَاقَبْتُ اللِّصَّ، (چور کو میں نے سزا دی)۔

اَرْبَعِیْنَ لَیْلَةً اَرْبَعِیْنَ کا معنی 40 چالیس اور لَیْلَةً کا معنی رات۔ یعنی چالیس رات کا وعدہ کیا۔ پہلے تیس تھے پھر دس دن مزید

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بڑھا کر 40 راتیں کر دیا۔ اکثر مفسرین کے ہاں ذوالقعدہ کا پورہ ماہ اور دس دن ذوالحجہ کے تھے۔ رات کا ذکر کیا دن کا ذکر نہیں کیا کیونکہ رات پہلے اور دن بعد میں ہوتا ہے۔ رات غروب آفتاب سے لے کر صبح صادق کے وقت کا نام ہے۔

الْعِجْلَ {ع ج ل} یہ اِتَّخَذَ کا مفعول بنتا ہے۔ گائے کے بچے کو عِجْل کہتے ہیں۔ سامری نے وہ مورت بچھڑے کی شکل پر بنائی تھی۔

مِنْۢ بَعْدِهٖ موسیٰ علیہ السلام کے کوہ طور پر جانے کے بعد ان لوگوں نے بچھڑا بنا کر اس کی پوجا شروع کر دی۔

ظٰلِمُوْنَ {ظ ل م} باب (ض) سے اسم فاعل ہے، اس کی جمع ظٰلِمُوْنَ ہے اور ظٰلِمُوْنَ خبر ہونے کی بنا پر مرفوع رفعی حالت ہے۔

تفسیری نکات: اللہ تعالیٰ نے فرعون کو لشکر سمیت غرق کر کے اور بنی اسرائیل کو نجات دیکر موسیٰ علیہ السلام کو کتاب (تورات) دینے کیلئے 40 دن کیلئے طور پہاڑ پر بلایا۔ موسیٰ علیہ السلام نے اپنے بھائی ہارون علیہ السلام کو اپنا جانشین بنا کر وہاں چلے گئے۔ بعد میں سامری نے بنی اسرائیل سے تمام زیور اکٹھے کر کے اسکو پگھلا کر بچھڑے جیسی شکل بنا کر اسکی پوجا شروع کر دی اور بہت بڑے ظلم (شرک) کا ارتکاب کیا۔ ہارون علیہ السلام نے بہت سمجھایا مگر وہ نہ مانے۔ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو اطلاع دی کہ تیری قوم نے تیرے ادھر آنے کے بعد یہ کرتوت کیا ہے تو موسیٰ علیہ السلام غصے کی حالت میں واپس پلٹے۔ غصے میں اپنے بھائی کی داڑھی اور سر کے بال پکڑ لئے اور تورات کی تختیاں پھینک دیں پھر سامری پر غصہ کیا۔ بنی اسرائیل نے ایک بچھڑے کو پوجنا شروع کیا تو ظالم (مشرک) ٹھہرے۔ آج ہمارے مسلمانوں نے نہ جانے کتنے بچھڑوں کی پوجا شروع کی ہوئی ہے۔ یہ بہت بڑا شرک ہے جسکو اللہ تعالیٰ کبھی معاف نہ کریگا۔ اللہ تعالیٰ کو اسکی ذات، صفات، اسماء میں یکتا تسلیم کر کے صحیح معنوں میں عمل کریں۔ یہ توحید ہی اصل قیمتی چیز ہے۔ اگر یہ نہیں تو کچھ بھی نہیں۔ مشرک کے تمام اعمال برباد اور جہنم میں ہمیشہ ہمیشہ رہیگا۔ اللہ تعالیٰ عذاب جہنم سے پناہ دے۔ امین

ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

ثُمَّ	عَفَوْنَا	عَنْ	كُمْ	مِّنْ	بَعْدِ	ذٰلِكَ
پھر	معاف کیا ہم نے	سے	تم	سے	بعد/پیچھے	اس کے
حرف تراخی	فعل ماضی + فاعل	حرف جر	مجرور	حرف جر	مضاف	مضاف الیہ

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ {52}

لَعَلَّ	كُمْ	تَشْكُرُوْنَ
تاکہ	تم	شکر گزار ہو جاؤ
حرف مشبہ بالفعل	لَعَلَّ کا اسم	فعل مضارع + فاعل۔ لَعَلَّ کی خبر

بامحاورہ ترجمہ: پھر ہم نے تم کو اس (بچھڑے کو معبود بنانے) کے بعد معاف کر دیا تاکہ تم اللہ تعالیٰ کے شکر گزار بندے بن جاؤ۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

لغوی نکات:

ثُمَّ یہ حرف عطف ہے۔ ترتیب اور تراخی کے لئے مستعمل ہے اور کبھی کبھی اس پر (ت) بھی آتی ہے۔ کہتے ہیں ثُمَّتَ (پھر)

عَفَوْنَا {ع ف و} باب (ن) سے فعل ماضی جمع متکلم اور اس کا معنی ہے ہم نے (گناہ کو) معاف کردیا، درگزر کرنا، جرم کو بخشنا، سزا کو چھوڑ دینا، عقوبت یا کسی سے بدلہ لینے سے دستبردار ہو جانا۔

تَشْكُرُوْنَ {ش ك ر} باب (ن) (شَكَرَ، يَشْكُرُ شُكْرَانًا) سے فعل مضارع جمع مذکر حاضر، (اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنا) (معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے بہت بڑے جرم کو معاف کردیا ہے جو تم نے گائے کے بچھڑے کو معبود بنالیا تھا۔ اب تم اس اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کرو۔ وگرنہ تم کو اس جرم کی پاداش میں تہس نہس کر کے رکھ دیتا۔ اسلام میں شکر سے مراد یہ ہوتی ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ کی نعمت کی قدر پہچانے اور اسکی نعمتوں کا صحیح استعمال کرے۔ ناشکری اور ناقدری نہ کرے)۔

تفسیری نکات: اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو یہ بات باور کرائی ہے کہ دیکھو تم نے اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں ایک بچھڑے کو معبود بنالیا اور یہ فی الحقیقت بہت بڑا جرم تھا لیکن اسکے باوجود اللہ تعالیٰ نے تم سے یہ جرم معاف کردیا کہ شاید یہ اب راہ راست پر آجائیں اور اللہ کے شکر گزار بندے بن جائیں۔ اس میں ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ ہم بھی شرک وکفر سے توبہ کر کے خالص اللہ تعالیٰ کی الوہیت کو تسلیم کریں اور اسکی عبادت کریں۔ اس میں ہماری نجات ہے اور ہمیں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا حتی الوسع شکریہ ادا کرنا چاہئے۔ اس میں ہماری ترقی کا راز ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ ''اگر تم نے میرا شکریہ (نعمت کے مقابلہ میں) ادا کیا تو میں تم کو مزید دونگا'' اور اگر کفر کرو گے تو میرا عذاب سخت ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا بڑا لطف و کرم ہے کہ انسان خطائیں کرتا ہے مگر اللہ ان سے چشم پوشی کرتا ہے۔ انسان جونہی اسکے سامنے اپنی کوتاہیوں کا اعتراف کرے اور آئندہ برائی سے باز رہنے کا اقرار کرے تو اللہ تعالیٰ معاف کردیتا ہے جسطرح اللہ تعالیٰ نے فرمایا، ترجمہ: ''اگر تم اللہ کا شکر کرو اور اس پر ایمان لاؤ تو اللہ تم کو عذاب دے کر کیا کریگا''

وَ اِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ

وَ	اِذْ	اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ
اور	جب	دی ہم نے	موسیٰ علیہ السلام کو	کتاب (تورات)
حرف عطف	ظرف زمان	فعل ماضی + فاعل	مفعول اوّل	مفعول ثانی معطوف علیہ

وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ {53}

وَ	الْفُرْقَانَ	لَعَلَّ	كُمْ	تَهْتَدُوْنَ
اور	فرقان (فرق کرنے والی)	تاکہ	تم	ہدایت پاجاؤ
حرف عطف	معطوف	حرف مشبہ بالفعل	لَعَلَّ کا اسم	فعل مضارع، فاعل (لَعَلَّ کی خبر)

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

بامحاورہ ترجمہ: اور (تم اس وقت کو یاد کرو) جب ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب (تورات) اور فرقان (حق و باطل کے مابین فرق کرنے والی تھی) دی تا کہ تم ہدایت یافتہ ہوجاؤ۔

لغوی نکات:

اِذْ ظرف زمان۔ یہ اصل میں اُذْكُرُوْا (فعل امر محذوف) کا مفعول بنتا ہے اور اکثر طور پر اُذْكُرُوْا کو حذف کردیا جاتا ہے۔

اٰتَيْنَا {ء ت ی} باب (افعال) اٰتٰی، يُؤْتِي، اِتْيَانٌ سے فعل ماضی جمع متکلم آنا، دینا، یہاں پر دوسرا معنی مراد ہے یعنی ہم نے دی۔ (الكتاب) یہاں پر تمام مفسروں کے نزدیک کتاب سے مراد تورات ہے۔

(الفرقان) فرقان سے کیا مراد ہے۔ اس میں اختلاف ہے بعض نے کہا کہ اس کا معنی یہ کہ موسیٰ علیہ السلام کو ہم نے تورات اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرقان دی۔ ان کے نزدیک فرقان قرآن مجید کے ساتھ مختص ہے جبکہ یہ بات صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَهَارُوْنَ الْفُرْقَانَ کہ ہم نے موسیٰ و ہارون علیہما السلام کو فرقان دی۔ لیکن علامہ زجاج نے کہا کہ یہاں فرقان سے مراد کتاب تورات ہی ہے تاکید کے لئے اس کو دوبارہ بیان کردیا گیا ہے اور ایک قول یہ ہے کہ فُرْقَانٌ سے مراد وہ نشانیاں جو اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو بطور معجزہ دیں۔ لاٹھی، ہاتھ کا سفید ہونا وغیرہ۔ قرآن کے علاوہ تورات و انجیل بھی الہامی کتب ہونے کی وجہ سے الفرقان ہیں۔ اور ایک قول یہ ہے کہ یہاں آیت میں (واؤ) صلہ بن رہی ہے۔ اس شکل میں اس کا معنی اٰتَيْنَا مُوْسٰى الْكِتَابَ الْفُرْقَانَ اور واؤ کبھی کبھی صفات میں زائد ذکر کی جاتی ہے اور ایک معنی یہ ہے کہ یہ تورات جامع کتاب بھی ہے اور حق و باطل کے درمیان فرق کرنے والی بھی ہے اور ایک معنی یہ ہے کہ فرقان سے مراد قوم موسیٰ علیہ السلام وقوم فرعون کے درمیان فرق ہے۔ وہ اس طرح ہے کہ قوم موسیٰ علیہ السلام کو نجات دی اور قوم فرعون کو غرق کردیا۔ لیکن ان توجیہات میں سے سب سے زیادہ مناسب یہی ہے کہ اس سے مراد وہ نشانیاں ہیں جو موسیٰ علیہ السلام کو بطور معجزہ ملی تھیں۔ لاٹھی اور ہاتھ کا سفید ہونا تاکہ عطف کا فائدہ اپنی جگہ برقرار رہے۔

تفسیری آیات: اللہ تعالیٰ یہودیوں کو وہ وقت یاد کرا رہے ہیں کہ جب تم نے بچھڑے کو معبود بنا کر پوجنا شروع کردیا اور شرک عظیم کا ارتکاب کیا لیکن ہم نے تم کو اپنی رحمت سے معاف کردیا اور موسیٰ علیہ السلام کو ایسی بہترین کتاب دی جس میں تمہارے لئے زندگی بسر کرنے کا مکمل قانون اور ہدایت نامہ تھا۔ اس کے ذریعے سے حق و باطل، حلال وحرام، نیک و بد کی تمیز ہوتی تھی۔ لیکن اس کے باوجود اگر تم نے اس کتاب اور احکام الٰہی سے روگردانی کی تو تم کو سخت ترین سزا سے دوچار ہونا پڑے گا۔

اس میں ہمارے لئے بھی درس ہے کہ ہم قرآن مجید کو سیکھیں اور اس پر عمل کریں اور اپنا ہر قول وفعل کتاب وسنت کی روشنی میں درست کریں۔ حق و باطل کے درمیان تمیز کرنے کی صلاحیت پیدا کریں اور حلال وحرام کی تمیز کو ہر وقت پیش نظر رکھیں۔ اسی میں ہماری کامیابی ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ

وَ	اِذْ	قَالَ	مُوْسٰى	لِ	قَوْمِ	هٖ	يَا	قَوْمِ
اور	جب	کہا	موسیٰ علیہ السلام نے	واسطے	قوم	اپنی کے	اے	قوم میری
حرف عطف	ظرف زمان	فعل ماضی	فاعل	حرف جر	مجرور مضاف	مضاف الیہ	حرف ندا	منادی

اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ

اِنَّ	كُمْ	ظَلَمْتُمْ	اَنْفُسَ	كُمْ	بِ	اِتِّخَاذِ	كُمْ
بے شک	تم	ظلم کیا تم نے	جانوں	اپنی پر	بسبب	پکڑنے	تمہارے
حرف مشبہ بالفعل	اسم	فعل ماضی	(مفعول) مضاف	مضاف الیہ	سببیہ/ جارہ	مجرور مضاف	مضاف الیہ

الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِىِٕكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ

اَلْعِجْلَ	فَ	تُوْبُوْا	اِلٰى	بَارِءِ	كُمْ	فَ+اقْتُلُوْا	اَنْفُسَ	كُمْ
بچھڑے کو معبود	تو	توبہ کرو	طرف	خالق	اپنے کے	تو + قتل کرو تم	جانوں	اپنی کو
مفعول	حرف	فعل امر جمع مذکر	حرف جر	مضاف	مضاف الیہ	حرف + فعل امر جمع	مضاف	مضاف الیہ (مفعول)

ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِىِٕكُمْ ۭ فَتَابَ

ذٰلِكُمْ	خَيْرٌ	لَ+كُمْ	عِنْدَ	بَارِءِ	كُمْ	فَ+تَابَ
یہ	بہتر ہے	واسطے + تمہارے	پاس	خالق	تمہارے کے	تو+رجوع کیا اس نے
اسم اشارہ (مبتدا)	خبر	جار + مجرور	ظرف مکان مضاف	مضاف الیہ مضاف	مضاف الیہ	حرف +فعل ماضی

عَلَيْكُمْ ۭ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ {54}

عَلٰى	كُمْ	اِنَّ	هٗ	هُوَ	التَّوَّابُ	الرَّحِيْمُ
اوپر	تمہارے	بے شک	وہ	وہی/ہی ہے	بہت زیادہ توبہ قبول کرنیوالا	بہت رحم فرمانے والا
حرف جر	مجرور	حرف مشبہ بالفعل	اسم اِنَّ کا	ضمیر حصر	مبالغہ خبر نمبر1	مبالغہ خبر نمبر2

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بامحاورہ ترجمہ: اور جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو کہا کہ اے میری قوم بے شک تم نے اپنی جانوں پر بچھڑے کو معبود بنانے کی وجہ سے بہت بڑا ظلم (شرک) کیا ہے تو اب تم اپنے خالق حقیقی کی طرف رجوع کرو، وہ اس طرح کہ تم اپنی جانوں کو قتل کرو۔ تمہارے خالق کے ہاں یہ (قتل) بہت بہتر کام ہوگا، اگر تم اس طرح کرو گے تو یقینا اللہ تعالیٰ بھی رجوع کرے گا کیونکہ وہ تو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

لغوی نکات:

یٰقَوْمِ یا حرف ندا ہے قَوْمِ منادی ہے۔ اصل میں قَوْمِیْ تھا ی کو گرا دیا قَوْمِ رہ گیا۔ یہاں قوم سے مراد وہ خاص گروہ جنہوں نے بچھڑے کو معبود بنا کر اس کی پوجا شروع کردی تھی۔ قَوْمِ دراصل اسم جمع ہے اس کے لفظوں سے جمع نہیں آتی۔ بعض نے اس کی جمع اَقْوَامٌ کہی ہے لیکن بعض دوسرے کہتے ہیں کہ یہ شاذ ہے۔ (قوم اکثر طور پر مردوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ جس طرح قرآن میں ہے لَایَسْخَرْ قَوْمٌ اور پھر آگے فرمایا، وَلَانِسَاءٌ مِنْ نِّسَاءٍ تو یہاں قوم سے مراد مرد ہیں کیونکہ اس کے مقابلہ میں نساء (عورت) لائے ہیں لیکن کبھی کبھی اس کا اطلاق زن و مرد دونوں پر ہوتا ہے جس طرح فرمایا، اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖ یہاں قوم میں مرد و عورت دونوں مراد ہیں۔

ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ {ظ ل م} باب (ض) سے فعل ماضی جمع مذکر مخاطب + فاعل ہے (ظلم کرنا) اَنْفُسَكُمْ، اَنْفُسَ مضاف اور كُمْ مضاف الیہ ہے۔ مضاف مضاف الیہ مل کر ظَلَمْتُمْ کا مفعول بنتا ہے۔ یہاں ظلم سے مراد وہ شرک ہے جو انہوں نے بچھڑے کو معبود بنایا تھا۔

بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ بِ + اِتِّخَاذِ + كُمْ + الْعِجْلَ، {ء خ ذ} باب افتعال سے مصدر مضاف + مضاف الیہ اس کا معنی ہے کسی چیز کو حاصل کرنا، پکڑنا اور یہ دو مفعولوں کی طرف متعدی ہوتا ہے اور جعل کے قائم مقام ہوتا ہے جس طرح فرمایا، لَاتَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰى اَوْلِيَاءَ اور۔ العجل، اتخاذ مصدر کا مفعول نمبر 1 بنتا ہے اور مفعول نمبر 2 محذوف ہے جو کہ اِلٰهًا ہے۔ پورا معنی یہ ہے بسبب پکڑنے تمہارے بچھڑے کو معبود۔

تُوْبُوْا {ت و ب} باب (ن) تَابَ يَتُوْبُ سے فعل امر جمع مذکر حاضر (توبہ کرنا)

بَارِئِكُمْ بَارِئِ + كُمْ، {ب ر ء} باب (ف) بَرَأَ يَبْرَأُ سے اسم فاعل مضاف + مضاف الیہ، پیدا کرنے والا۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ سے ہے۔ باری کا معنی خالق اور بعض نے باری اور خالق کے درمیان یہ فرق کیا ہے کہ خالق ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل کرنے والا اور باری نئے سرے سے بنانے والا، بغیر مادہ کے وجود میں لانے والا۔ گویہ خلق عام ہے اور باری خاص ہے جو ہر روح کو پیدا کرنے والا۔

ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ ذٰلِكُمْ: اسم اشارہ ہے اور اس کا مشار الیہ القتل ہے۔ معنی یہ ہے کہ یہ قتل اللہ تعالیٰ کے نزدیک تمہارے حق میں بہتر

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ہے۔ شرک جیسے عظیم گناہ کی تلافی اسی طریقے سے ممکن ہے۔

فَتَابَ ف + تَابَ۔ ف یا تو جواب شرط یا جزاء کے طور پر آئی ہے شرط اس طرح ہے۔ اِنْ فَعَلْتُمْ مَا اُمِرَلَکُمْ فَتَابَ یعنی اگر تم نے اللہ کے حکم کو تسلیم کرتے ہوئے قتل نفس کرو گے تو اللہ تعالیٰ بھی تم پر رجوع کرے گا۔ تمہارا گناہ معاف کرے گا ورگرنہ نہیں یا معنی یہ ہے کہ جب تم اپنے نفسوں کو قتل کر چکے ہو تو باقی افراد کی توبہ اللہ تعالیٰ نے قبول کرلی ہے ان کا گناہ معاف کردیا ہے۔

التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ یہ دونوں مبالغے کے صیغے ہیں اور دونوں اِنَّ کی خبریں ہیں۔ اور اس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف و ثناء ہے یعنی تمہارے بڑے گناہ (شرک) کو معاف کردیا ہے کیونکہ تَوَّابٌ ہے اور رَحِیْمٌ اس طرح ہے کہ ان کے حکم قتل کو چند افراد پر لاگو کرکے باقی پر رحم فرمایا اور حکم منسوخ کردیا۔ سب قتل نہیں ہوئے کیونکہ وہ رحیم ہے اور وہ اپنے بندوں پر شفقت کرتا ہے۔

تفسیری نکات: اس آیت میں اللہ تعالیٰ بنی اسرائیل کو وہ وقت یاد کرا رہے ہیں کہ موسیٰ علیہ السلام کے کوہ طور پر جانے کے بعد قوم نے سامری کے بہکاوے میں آکر شرک کا ارتکاب کرلیا۔ پیغمبر کی غیر موجودگی میں راہ راست سے اتر گئی۔ اب اس کی تلافی و معافی ایک دوسرے کو قتل کرنے کے عوض آئی۔ جب بنی اسرائیل نے یہ حکم الٰہی مان لیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول فرمائی۔ اس میں ہمارے لئے درس یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے احکام کو تسلیم کیا جائے اور ان پر خلوص نیت سے عمل کیا جائے اور اگر کبھی شیطانی بہکاوے میں آکر غلط کام کر بیٹھے تو جلدی جلدی اللہ تعالیٰ سے گناہ کی معافی مانگ کر استغفار کرتا رہے۔ یقینا اللہ تعالیٰ کی ذات معاف کردے گی کیونکہ وہ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ہے۔

وَاِذْ قُلْتُمْ یٰمُوْسٰی لَنْ نُّؤْمِنَ

وَ	اِذْ	قُلْتُمْ	یَا	مُوْسٰی	لَنْ	نُّؤْمِنَ
اور	جب	کہا تم نے	اے	موسیٰ علیہ السلام	ہرگز نہیں	ایمان لائیں گے ہم
حرف عطف	ظرف زمان	فعل ماضی + فاعل	حرف ندا	منادی	حرف ناصبہ	مضارع جمع متکلم

لَکَ حَتّٰی نَرَی اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ

لَ + کَ	حَتّٰی	نَرَی	اللّٰهَ	جَهْرَةً	فَ	اَخَذَتْ + کُمْ	الصّٰعِقَةُ
لئے، واسطے + آپ کے	یہاں تک	دیکھ لیں ہم	اللہ تعالیٰ کو	علانیہ، واضح	پس	پکڑ لیا + تم کو	بجلی کی کڑک نے
جار + مجرور	ناصبہ	مضارع جمع متکلم	مفعول	حال	حرف	فعل ماضی + مفعول	فاعل

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَ اَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ {55}

تَنْظُرُوْنَ	اَنْتُمْ	وَ
دیکھ رہے تھے	تم	اور
فعل مضارع جمع مذکر مخاطب (خبر)	مبتدا	حالیہ

بامحاورہ ترجمہ: اور جس وقت تم نے کہا کہ اے موسیٰ (علیہ السلام) ہم اس وقت تک آپ پر ایمان نہ لائیں گے جب تک ہم اللہ تعالیٰ کو واضح نہ دیکھ لیں۔ اس کے بعد تم پر سخت چیخ آئی اور تمہیں دیکھتے دیکھتے موت کی وادی میں پہنچا دیا۔

لغوی نکات:

وَ اِذْ واوٗ عاطفہ ہے جس کا ماقبل سے تعلق ہے اور اُس پر اِس کا عطف ہے اور اِذْ ظرف زماں ہے جوکہ مبنی ہے اس میں تبدیلی نہیں آتی۔ (جب)

قُلْتُمْ {ق و ل} باب (ن) قَالَ یَقُوْلُ سے فعل ماضی جمع مذکر مخاطب، اجوف وادی ہے اصل میں قَوَلْتُمْ تھا تعلیل کے بعد قُلْتُمْ رہ گیا۔

لَنْ نُّؤْمِنَ لَنْ حرف ناصبہ ہے جوکہ مضارع کے آخر کو نصب دیتا ہے۔ نفی استقبال کا فائدہ دیتا ہے۔ نُؤْمِنَ {ء م ن} باب افعال سے مضارع جمع متکلم، اس کا معنی ہے کہ ہرگز ہم ایمان نہ لائیں گے، ہرگز یقین نہ کریں گے۔

حَتّٰی حَتّٰی کے بعد فعل مضارع کا آخر منصوب ہوتا ہے۔ لیکن حَتّٰی کی وجہ سے نہیں بلکہ وہاں اَنْ پوشیدہ ہوتا ہے اور کبھی کبھی حَتّٰی کے بعد اسم مجرور ہوتا ہے۔ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ، حَتّٰی حِیْنٍ اور اس میں غائت کا معنی پایا جاتا ہے۔

نَرٰی {ر ء ی} باب (ف) (رَاٰی، یَرٰی، رَاْیاً، وَرُوْیَۃً) سے مضارع معلوم جمع متکلم، یَرٰی اصل میں یَرْاَیُ تھا اور اصل کا استعمال بہت نادر ہی ہوتا ہے۔ بصارت یا بصیرت سے دیکھنا۔ اس کا امر "رَ" آتا ہے۔ کبھی یَرٰی کا معنی گمان بھی ہوتا ہے پھر اس وقت مضارع مجہول کے طور پر استعمال ہوتا ہے اور اگر اَرٰی یُرِیْ باب افعال سے ہو تو اس کا معنی ہوتا ہے دکھانا۔ سَنُرِیْهِمْ اٰیٰتِنَا ہم انکو اپنی نشانیاں ضرور دکھائیں گے۔

جَهْرَۃً {ج ہ ر} باب (ف) جَهَرَ یَجْهَرُ سے جَهْرَۃً ہ ساکن مصدر ہے جس کا معنی ہے ظاہر، سامنے، کھلم کھلا دیکھنا، آواز بلند کرنا۔ لیکن یہاں پر آواز والا معنی مراد نہیں ہے بلکہ پہلا والا معنی مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ کو کھلم کھلا دیکھنا چاہتے ہیں اور یہ جَهْرَۃً حال واقع ہونے کی وجہ سے منصوب ہے اور ایک قرأت میں جَهَرَۃً۔ ہ پر زبر ہے۔ اس شکل میں یہ جَاهِرٌ اسم فاعل کی جمع ہوگی۔

الصّٰعِقَۃُ اس کو الصَّاعِقَۃُ بھی لکھا جاسکتا ہے۔ یہ اَخَذَتْکُمْ کا فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے امام راغب رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ صَاعِقَۃُ کے تین معنی ہیں۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

① موت، ہلاکت جس طرح فرمایا فَصَعِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ یہاں صَعِقَ بمعنی موت ہے۔ اسی طرح اس آیت اَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ میں ہے۔

② دوسرا معنی عذاب ہے جس طرح فرمایا اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً کہ میں تم کو صاعقۃ (عذاب) سے ڈراتا ہوں۔

③ آگ اور بجلی کی کڑک ہے جس طرح فرمایا، یُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ کہ وہ ذات بجلیاں بھیجتی ہے۔ لیکن آخر میں فرمایا کہ یہ تینوں صاعقۃ کے آثار ہیں۔ اصل معنی تو فضا میں سخت آواز کو کہتے ہیں اور پھر اس سخت آواز سے کبھی آگ پیدا ہوتی ہے جو کبھی عذاب اور کبھی موت تک نوبت آجاتی ہے۔

تَنْظُرُوْنَ {ن ظ ر} باب (ن) مضارع مخاطب۔ یہ جملہ حال ہونے کی وجہ سے محل نصب میں ہے۔ اس کا معنی یہ ہے کہ تم اس صاعقۃ (کڑک) کی ابتدائی حالت کو دیکھ رہے تھے کیونکہ صاعقہ کی آخری گھڑی پر تو ان کو موت آگئی تھی۔ یہاں موت سے مراد بے ہوشی ہے جس طرح خَرَّ مُوْسٰی صَعِقًا میں بمعنی بے ہوشی ہے۔

تفسیری نکات: موسیٰ علیہ السلام کوہ طور پر کتاب لینے گئے بعد میں ان کی قوم نے بچھڑے کی پوجا کر کے شرک جیسے گھناؤنے جرم کا ارتکاب کیا۔ موسیٰ علیہ السلام واپس آگئے پھر قوم کی توبہ (جو ایک دوسرے کو قتل کی شکل میں تھی) کے بعد 70 آدمی منتخب کر کے اپنے ساتھ کوہ طور پر لے گئے، انہیں پہاڑ کے دامن میں بٹھا کر خود اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہوئے۔ جب واپس آگئے تو قوم کہنے لگی کہ ہم آپ کی بات کو تب تسلیم کریں گے جب ہم اللہ تعالیٰ کو سامنے دیکھیں گے تو اس عجیب سوال کے جواب میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک سخت آواز آئی جس سے وہ بے ہوش ہوگئے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے انکو زندہ کر دیا جس کا تذکرہ اگلی آیت میں آئے گا۔ ان شاء اللہ۔

رویت باری تعالیٰ میں عموماً افراط وتفریط سے کام لیا گیا ہے۔ معتزلہ وغیرہ تو رویت باری تعالیٰ کا بالکل انکار کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ یہ رویت اس دنیا اور آخرت میں بالکل محال ہے۔ جبکہ صوفیا کا کہنا یہ ہے کہ یہ اس دنیا میں بھی ممکن ہے اور واقع ہوئی ہے۔ پتہ نہیں ان کے لئے کیسے واقع ہوگئی۔ موسیٰ علیہ السلام کو تو یہ رویت ہو نہ سکی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نُوْرٌ اَنّٰی اُرَاهُ (صحیح مسلم)، کہ وہ تو نور ہے میں اس کو کیسے دیکھ سکتا ہوں۔

اہل سنت کا مؤقف یہ ہے کہ رویت باری اس دنیا میں غیر ممکن ہے کیونکہ بشری قوت انتہائی کمزور ہے۔ البتہ اللہ تعالیٰ آخرت میں مومنوں کو یہ شرف جنت میں بخشیں گے۔ ان کی اس کمزوری کو طاقت بخشیں گے۔

ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ

مَوْتِ + كُمْ	بَعْدِ	مِّنْ	بَعَثْنَا + كُمْ	ثُمَّ
مرنے + تمہارے	بعد، پیچھے	سے	اٹھایا ہم نے + تم کو	پھر
مضاف الیہ مضاف + مضاف الیہ	مجرور مضاف	حرف جر	فعل ماضی، فاعل + مفعول	حرف تراخی

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ {56}

لَعَلَّ + كُمْ	تَشْكُرُوْنَ
تاکہ + تم	شکر گزار بنو
حرف مشبہ بالفعل + اسم	فعل مضارع مخاطب

بامحاورہ ترجمہ: پھر ہم نے تم کو تمہارے مرنے کے بعد زندہ کر دیا تاکہ تم شکر گزار بن جاؤ۔

لغوی نکات:

ثُمَّ — یہ تراخی کے لئے ہے ویسے یہ حرف عطف سے ہے۔ (پھر)

بَعَثْنٰكُمْ — بَعَثْنَا + كُمْ {ب ع ث} باب (ف) بَعَثَ، يَبْعَثُ بَعْثًا سے فعل ماضی جمع متکلم (فاعل) + كُمْ مفعول ہے۔ اس کا معنی اٹھانا، زندہ کرنا ہوتا ہے، اسی سے يَوْمُ الْبَعْثِ۔ قیامت کے دن قبروں سے اٹھنے کا دن۔

تفسیری نکات: مسلمان اس بات کا عقیدہ رکھتے ہیں کہ مرنے کے بعد زندہ ہونا ہے اور اصل زندگی (جنت یا جہنم) کی ہے اور کبھی کبھی اللہ تعالیٰ اس دنیا میں بھی اپنی قدرت کا اظہار کرتے رہتے ہیں جس طرح یہاں کیا کہ پہلے قومِ موسیٰ علیہ السلام کو مار دیا پھر ان کو دوبارہ زندہ کر دیا تاکہ لوگ اللہ کا شکر ادا کریں۔

وَ ظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَ اَنْزَلْنَا

وَ	ظَلَّلْنَا	عَلٰى + كُمْ	الْغَمَامَ	وَ	اَنْزَلْنَا
اور	سایہ کیا ہم نے	اوپر + تمہارے	بادلوں کا	اور	اتارا ہم نے
حرف عطف	فعل ماضی جمع متکلم، فاعل	حرف جر + مجرور	مفعول	حرف عطف	فعل + فاعل

عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَ السَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ

عَلٰى + كُمْ	الْمَنَّ	وَ	السَّلْوٰى	كُلُوْا	مِنْ
اوپر + تمہارے	مَنّ	اور	سلویٰ کو	کھاؤ تم	سے
جار + مجرور	مفعول، معطوف علیہ	حرف عطف	معطوف	فعل امر جمع مذکر	حرف جر

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَ

طَيِّبٰتِ	مَا	رَزَقْنَا + كُمْ	وَ	مَا	ظَلَمُوْ + نَا	وَ
پاک (اجناس)	جو	رزق دیا ہم نے + تم کو	اور	نہیں	ظلم کیا انہوں نے + ہم پر	اور
مجرور	موصولہ	فعل ماضی، فاعل + مفعول	حرف عطف	نافیہ	فعل ماضی، فاعل + مفعول	حرف عطف

لٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ {57}

لٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَ + هُمْ	يَظْلِمُوْنَ
لیکن	تھے وہ	جانوں + اپنی پر	ظلم کرتے
استدراک	فعل ماضی + اسم	کَانُوْا کی خبر۔مضاف + مضاف الیہ مفعول بہ مقدم	فعل مضارع جمع مذکر غائب

بامحاورہ ترجمہ: اور ہم نے تم پر بادلوں کا سایہ کیا اور تم پر من اور سلویٰ اتارا (اور کہا) کہ جو ہم نے تم کو رزق دیا ہے، اس میں سے پاک چیزوں کو کھاؤ اور انہوں نے ہمارا تو کچھ نہیں بگاڑا لیکن وہ اپنی جانوں پر ہی ظلم وستم ڈھاتے تھے۔

لغوی نکات:

ظَلَّلْنَا {ظ ل ل} باب تفعیل، ظَلَّلَ، يُظَلِّلُ، تَظْلِيْلاً سے ماضی جمع متکلم (ہم نے سایہ فگن کردیا) اَلْغَمَامَ یہ ظَلَّلْنَا کا مفعول بنا ہے۔ اسم جنس ہے جس کا معنی بادل ہوتا ہے۔ بادلوں کے لئے اللہ تعالیٰ نے سَحَابٌ، عَارِضٌ، مُعْصِرَاتٌ، مُزْنٌ اور صَيِّبٌ کے الفاظ استعمال کئے ہیں۔ ہر قسم کے بادل کو سَحَابٌ کہتے ہیں اور غَمَامٌ، غَمَّةٌ، ڈھانک لینا۔ وہ بادل ہے جو تہہ بہ تہہ ہوکر گاڑھا ہوجائے اور سورج کی روشنی کو زمین تک آنے سے روک دے۔

اَلْمَنَّ یہ اَنْزَلْنَا کا مفعول بنا ہے۔ اصل معنی احسان وفضل ہوتا ہے کیونکہ بنی اسرائیل پر بڑا افضل تھا کہ مَنَّ جیسی نعمت سے ان کو نوازا گیا۔ لیکن یہاں مراد اسم جنس ہے، وہ چیز جس میں حلوہ ومٹھاس ہو، یہ درخت یا پتھر پر اترتی تھی۔ امام شوکانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں شبنم، شبنمی گوند جو آسمان سے درخت یا پتھر پر اترتی تھی۔

سَلْوٰی یہ سلا سے ہے جو چیز تسلی دے، پرندہ، جس کو (بٹیر) کہتے ہیں یا بٹیروں کی طرح تھا، اس کا شکار نہایت آسان تھا، اس کی اڑان نیچی ہوتی تھی اور بڑی آسانی سے شکار ہوجاتا تھا۔

كُلُوْا {ء ک ل} باب (ن) اَكَلَ، يَاْكُلُ سے فعل امر (اصل میں اُءْكُلُوْا تھا تعلیل کے بعد كُلُوْا ہوگیا) تم کھاؤ

طَيِّبٰتِ طَيِّبَةٌ کی جمع ہے، حالت جری، مفعول، پاک چیزیں، وہ چیز جو فی نفسہ حلال ہو اور اس کے حصول کے ذرائع بھی جائز اور حلال ہوں۔ رشوت، چوری، ڈاکہ اور غبن وغیرہ سے نہ حاصل کیا گیا ہو۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

مَا رَزَقْنٰكُمْ　مَا موصولہ ہے اور رَزَقْنٰكُمْ {رزق} باب (ن) سے ماضی۔ جمع متکلم + كُمْ ضمیر جمع مفعول (جو رزق دیا ہم نے تم کو)

وَمَا ظَلَمُوْنَا　مَا نافیہ اور ظَلَمُوْنَا باب (ض) سے ماضی، فاعل (نا) مفعول (اور نہیں ظلم کیا انہوں نے ہم پر) یعنی انہوں نے ہمارا تو کچھ نہیں بگاڑا۔

وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ　لٰكِنْ، استدراک کے لئے یعنی حقیقت کو جاننے کے لئے استعمال ہوتا ہے اور اس سے پہلے نفی ہوتی ہے اور اس کے بعد میں اثبات ہوتا ہے۔ كَانُوْا فعل ناقص هُمْ اس کا اسم ہے اور اَنْفُسَهُمْ (اَنْفُسَ + هُمْ) مفعول مقدم ہے۔ نفس کی جمع ہے (روح / جان) یہ جملہ بن کر یعنی يَظْلِمُوْنَ فعل اپنے فاعل اور مفعول مقدم سے مل کر كَانُوْا کی خبر ہے۔ احکام الٰہی کی خلاف ورزی اور حدود خداوندی سے تجاوز خود اپنے اوپر ظلم کرنا ہے، اس سے عذاب الٰہی کا وقوع ظہور پذیر ہوسکتا ہے۔

تفسیری نکات: ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو اپنے احسان یاد دلائے ہیں تاکہ ان کے پیش نظر اپنی گندی عادتوں کو چھوڑ کر صراط مستقیم کا راستہ اختیار کریں۔

بنی اسرائیل نے موسیٰ علیہ السلام سے رویت باری تعالیٰ کا مطالبہ کیا اللہ تعالیٰ نے ان پر موت طاری کردی پھر موسیٰ علیہ السلام کی دعا سے ان کو زندہ کردیا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قوموں کو اللہ تعالیٰ سے غلط قسم کے مطالبے نہیں کرنا چاہئے۔ کیونکہ پھر اس کی سزا بھی سخت ہے۔

ہم مسلمانوں کو بھی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہر بات کو جو صحیح سند کے ساتھ مل جائے، بلا چون و چرا اس کو تسلیم کریں اور اس میں خوامخواہ کی نکتہ چینی، دلیل بازی اور موشگافی پیدا نہ کریں۔ کیونکہ اس طرح کرنے سے انسان کے اندر کٹ حجتی کی بُری عادت پڑ جاتی ہے اور پھر انسان مختلف بہانوں سے عمل سے جی چراتا ہے اور صرف باتوں پر ہی اکتفا کرتا ہے۔

بنی اسرائیل مصر سے نکلنے کے بعد چالیس سال تک جزیرہ نمائے سینا کے سنسان صحرا میں پریشان پھرتے رہے۔ سایہ نہ ہونے سے دھوپ سے گھبرا اٹھے۔ موسیٰ علیہ السلام کی دعا سے اللہ تعالیٰ نے ان پر بادلوں کا سایہ کردیا اور خوراک کے لئے من وسلویٰ عطا فرمایا جو انہیں بغیر کسی مشقت کے حاصل ہوتی۔ پھر ان کو ذخیرہ سے منع کرنے کے باوجود انہوں نے ذخیرہ کرنا شروع کردیا۔ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی۔ اس سے نعمت آنا بند ہوگئی تو جو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا نہ کرے ممکن ہے کہ اسے ان نعمتوں سے محروم کردیا جائے۔

وَ اِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا

وَ	اِذْ	قُلْنَا	ادْخُلُوْا	هٰذِهِ	الْقَرْيَةَ	فَ + كُلُوْا
اور	جب	کہا ہم نے	تم داخل ہوجاؤ	اس	بستی (میں)	تو + کھاؤ تم
حرف عطف	ظرف	فعل ماضی + فاعل	امر حاضر، جمع	اسم اشارہ	مشار الیہ (مفعول)	حرف + فعل امر جمع

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

مِنۡهَا حَيۡثُ شِئۡتُمۡ رَغَدًا وَّادۡخُلُوا الۡبَابَ

مِنۡ+هَا	حَيۡثُ	شِئۡتُمۡ	رَغَدًا	وَ+ادۡخُلُوۡا	الۡبَابَ
سے + اس (اس سے)	جہاں (سے)	تم چاہو	کھلا، جی بھر کے	اور + داخل ہوجاؤ تم	دروازہ میں
جار + مجرور	ظرف مکان	فعل ماضی + فاعل	مصدر (س)	عاطفہ + فعل امر جمع	مفعول

سُجَّدًا وَّ قُوۡلُوۡا حِطَّةٌ نَّغۡفِرۡ لَكُمۡ

سُجَّدًا	وَّ	قُوۡلُوۡا	حِطَّةٌ	نَّغۡفِرۡ	لَ+كُمۡ
سجدہ کرتے ہوئے	اور	تم کہو	(حطہ کا لفظ) بخش دے	ہم بخش دینگے	واسطے + تمہارے (تمہیں)
حال، سَاجِدٌ کی جمع	حرف عطف	فعل امر۔ جمع	مبتدا محذوف کی خبر (مَحَلاً منصوب)	مضارع جمع متکلم	جار + مجرور

خَطٰيٰكُمۡ ؕ وَ سَنَزِيۡدُ الۡمُحۡسِنِيۡنَ {58}

خَطَايَا	كُمۡ	وَ	سَ+نَزِيۡدُ	الۡمُحۡسِنِيۡنَ
غلطیاں	تمہاری	اور	عنقریب + ہم زیادہ دینگے	نیکی کرنیوالوں کو
مفعول، مضاف	مضاف الیہ	عاطفہ	مستقبل قریب + مضارع، جمع متکلم	اسم فاعل جمع مذکر (مفعول)

بامحاورہ ترجمہ: ہم نے بنی اسرائیل کو جب کہا کہ اس بستی میں داخل ہوجاؤ اور جہاں سے چاہتے ہو کھلا کھاؤ اور دروازہ میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہوجاؤ اور ساتھ حِطَّةٌ کا لفظ بولو (گناہوں کی معافی مانگنا) جواباً ہم تمہارے گناہوں کو معاف کردیں گے اور نیکی کرنے والوں کو زیادہ دیں گے

لغوی نکات:

ادۡخُلُوۡا {د خ ل} باب (ن) دَخَلَ، يَدۡخُلُ دَخُوۡلاً سے فعل امر جمع مذکر (داخل ہوجاؤ تم)

هٰذِهِ الۡقَرۡيَةَ هٰذِهٖ اسم اشارہ قریب برائے مؤنث، اَلۡقَرۡيَةَ، مشارالیہ، یہ منصوب ظرفیت کی وجہ سے یا مفعول ہونے کی وجہ سے ہے، (اس بستی میں)

كُلُوۡا {ء ك ل} باب (ن) اَكَلَ، يَاۡكُلُ، سے فعل امر، جمع مذکر حاضر، (کھاؤ تم سب)

مِنۡهَا مِنۡ+هَا=هَا ضمیر تانیث، قَرۡيَةَ (بستی) کی طرف راجع ہے، [اس (بستی) سے]

حَيۡثُ (حَيۡثُ) ظرف مکان ہے اور مبنی علی الضم ہے، یعنی اسکے آخری کلمے (ث) پر پیش تبدیل نہیں ہوتی۔ (جہاں سے، جس

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

جگہ سے)

شِئْتُمْ {ش ی ء} باب (ف) شَاءَ، يَشَاءُ (شَيْءٌ) یا (مَشِيئَةٌ) سے فعل ماضی جمع مذکر حاضر، اصل میں شَيِئْتُمْ تھا (ی) پر زیر ہے، تو ی کا ثقل دور کرنے کے لئے ی کا کسرہ ماقبل کو دے کر ی کو اجتماع ساکنین کی وجہ سے گرا دیا اور ش کے نیچے زیر دی گئی تا کہ معلوم ہو کہ یہاں اصل میں محذوف ی ہے، باقی رہ گیا شِئْتُمْ۔ (چاہنا)

رَغَدًا باب (س) رَغِدَ، يَرْغَدُ مصدر رَغَدًا ہے اور صفت مشبہ ہو کر استعمال ہوا ہے اور یہ رَاغِدٌ کی جمع بھی ہوسکتی ہے۔ جس طرح خَادِمٌ کی جمع خَدَمٌ ہوتی ہے، یہ مصدر ہونے کی وجہ سے منصوب ہے یا یہ كُلُوْا کی ضمیر سے حال ہو رہا ہے۔ اس کا معنی خوب، کھلا، اچھی طرح، وسیع، بافراغت۔

الْبَابَ جمع اَبْوَابٌ ہے، مفعول ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ الباب کو معرفہ لایا گیا یعنی خاص دروازہ یا بیت المقدس کا خاص دروازہ، پھاٹک جس کو آج کل باب حطہ کہتے ہیں۔

سُجَّدًا {س ج د} باب (ن) سے اسم فاعل، سَاجِدٌ کی جمع ہے۔ یہ منصوب اس لئے ہے کہ اُدْخُلُوْا کی ضمیر اَنْتُمْ سے حال واقع ہو رہا ہے۔ بعض نے اس کا لغوی معنی تذلیل، انکسار، خشوع وخضوع اور بعض نے شرعی معنی مراد لیا ہے کہ سجدہ شکر بجا لاتے ہوئے شہر میں داخل ہو جاؤ۔

قُوْلُوْا {ق و ل} باب (ن) (قَالَ، يَقُوْلُ) سے فعل امر، جمع مذکر (کہو تم)

حِطَّةٌ {ح ط ط} باب (ن) (حَطَّ، يَحُطُّ) حَطًّا، حَطَّ کا اصل معنی نازل ہونا، اوپر سے نیچے اترنا، بوجھ اتارنا، معاف کرنا اس سے فعل امر حُطَّ ہے یعنی حُطَّ عَنَّا ذُنُوْبَنَا ہمارے گناہوں کو معاف فرما ہے۔ یہ مرفوع ہے مبتدا محذوف کی خبر ہونے کی وجہ سے۔ اصل تقدیر اس طرح ہے --- مَسْأَلَتُنَا۔ کہ ہمارا مسئلہ یہ ہے حِطَّةٌ۔ کہ ہمارے گناہ معاف فرما۔ یہ حَطَّ۔ مبتدا+ خبر مل کر قُوْلُوْا کا مفعول بن جائے گا۔

نَغْفِرْ لَكُمْ {غ ف ر} باب (ض) غَفَرَ يَغْفِرُ سے مضارع، جمع متکلم، اس کا آخر (ر) مجزوم اس لئے ہے کہ جواب امر ہے (ہم معاف کر دیں گے، ڈھانپ دیں گے) لَكُمْ، لَ اصل میں لِ ہے + كُمْ، (تمہارے لئے، تم کو)

خَطَايَا+ كُمْ خَطِيْئَةٌ {خ ط ء} اس کی جمع خَطَايَا ہے یہ نَغْفِرْ کا مفعول مضاف + كُمْ (مضاف الیہ)، تمہارے گناہ، لغزشیں، غلطیاں، بلا ارادہ سرزد ہونے والا گناہ ---

سَنَزِيْدُ سَ + نَزِيْدُ = سَ مضارع پر داخل ہو کر اس کو مستقبل کے معنی میں کر دیتا ہے (عنقریب)۔ نَزِيْدُ {ز ی د} باب (ض) زَادَ، يَزِيْدُ، مضارع جمع متکلم، (ہم زیادہ دیں گے)

الْمُحْسِنِيْنَ {ح س ن} باب افعال، اَحْسَنَ، يُحْسِنُ سے اسم الفاعل، جمع مذکر واحد مُحْسِنٌ، مفعول ہونے کی وجہ سے حالت نصبی ہے۔ اچھی طرح سے نیکی کرنے والا، احسان کرنے والا، یعنی اس حکم کی تعمیل پر تم میں سے جو گنہگار ہیں ان کی توبہ

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

قبول فرمائیں گے اور جو پہلے ہی نیک اور فرمانبردار ہیں، ان کے ثواب کو مزید بڑھا دیں گے۔

تفسیری نکات: اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو بنی اسرائیل کے لئے یہ پیغام دیا کہ میں ان کو بستی (اریحا) جو کہ دریائے اردن کے پار تھی اور کنعان کی زمین میں شمار ہوتی تھی، عطا کردوں گا۔ وہاں کھلے میوے کھانا لیکن شرط یہ ہے کہ جب اس بستی میں داخل ہونا ہے تو (پہلی شرط یہ ہے کہ) لفظ (حِطَّةٌ) (گناہوں کی معافی) کہنا اور (دوسری شرط یہ ہے کہ) سجدے کی حالت میں جانا ہے۔ ان دو کام کرنے سے ہم تمہارے سارے سابقہ گناہ وغلطیوں کو معاف کردیں گے۔

فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ

فَ+بَدَّلَ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	قَوْلًا	غَيْرَ	الَّذِيْ
تو + بدل دیا	ان لوگوں نے	جنہوں نے ظلم کیا	بات کو	سوائے (خلاف)	اس کے جو
حرف + فعل ماضی	اسم موصول	ماضی جمع مذکر غائب	مفعول	مضاف	اسم موصول واحد مذکر

قِيْلَ لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

قِيْلَ	لَ+هُمْ	فَ+اَنْزَلْنَا	عَلَى	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا
کہی گئی تھی	لئے + انکے (انہیں)	پھر + ہم نے اتارا	اوپر	ان لوگوں کے	جنہوں نے ظلم کیا تھا
ماضی مجہول	جار + مجرور	عطف + فعل ماضی + فاعل	حرف جار	اسم موصول جمع مذکر	فعل ماضی، جمع

رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ع {59}

رِجْزًا	مِّنَ	السَّمَآءِ	بِ+مَا	كَانُوْا	يَفْسُقُوْنَ
سخت عذاب	سے	آسمان	بسبب+اس کے جو	وہ تھے	نافرمانی کرتے
مفعول اَنْزَلْنَا کا	حرف جار	مجرور	سببیہ + موصولہ	فعل ناقص هُمْ اسم	مضارع معلوم (ن) كَانُوْا کی خبر

بامحاورہ ترجمہ: لیکن ان ظالموں نے اس (کلمہ) کو بدل دیا جو ان کو کہا گیا تھا (اور اس کی) بجائے اور کلمہ کہا تو ہم نے ظلم کرنے والوں پر آسمان سے ان کے گناہوں کی وجہ سے سخت ترین عذاب بھیج دیا۔

لغوی نکات:

فَبَدَّلَ {ب د ل} باب تفعیل، بَدَّلَ، يُبَدِّلُ (تَبْدِيْلًا) تبدیل کرنا، بدل دینا، انہوں نے لفظ حِنْطَةٌ کہہ دیا بجائے حِطَّةٌ جس کا معنی گندم ہے۔ تو استغفاری کلمات کے بجائے تمسخرانہ انداز اپنا لیا۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

قِيْلَ {ق و ل} باب (ن) قَالَ، يَقُوْلُ (قَوْلًا) ماضی مجہول، واحد مذکر غائب (کہی گئی تھی)

فَاَنْزَلْنَا ف + اَنْزَلْنَا {ن ز ل} باب افعال، اَنْزَلَ، يُنْزِلُ فعل ماضی جمع متکلم (اتارنا، نازل کرنا)

رِجْزًا یہ اَنْزَلْنَا کا مفعول ہے اس لئے منصوب ہے، اس کا معنی عذاب، عقوبت، آسمانی آفت ہے

كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ كَانُوْا (فعل ناقص) ہے، جب مضارع پر (کَانَ) داخل ہوا تو ماضی استمراری کا معنی پیدا کرتا ہے۔ يَفْسُقُوْنَ {ف س ق} باب (ن) فَسَقَ، يَفْسُقُ فِسْقٌ سے مضارع معلوم جمع مذکر غائب، (اطاعت سے نکل کر معصیت کی حد میں جانا، نافرمانی کرنا)۔

تفسیری نکات: جب یوشع علیہ السلام کے زمانے میں (موسیٰ علیہ السلام کے بعد) انہوں نے اریحا شہر فتح کرلیا تو لوگوں نے اللہ کے حکم کی خلاف ورزی شروع کردی۔ حِطَّةٌ کی بجائے حِنْطَةٌ اور سجدے کی بجائے بچوں کی طرح گھسٹتے ہوئے داخل ہوئے تو پھر ان پر اللہ تعالیٰ کا سخت عذاب آیا جس سے کافی قوم عذاب کی لپیٹ میں آ گئی۔

ان آیات میں ہمارے لئے یہ سبق ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتیں میسر ہونے پر اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کرنا چاہیے۔ نہ کہ غرور وتکبر میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی شروع کردیں اور ڈھول باجے شروع کردیئے جائیں۔ اس سے قومیں تباہ ہوجاتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں محفوظ رکھے۔ آمین

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ

وَ	اِذِ	اسْتَسْقٰى	مُوْسٰى	لِ + قَوْمِ + هٖ
اور	جب	پانی مانگا (اللہ سے)	موسیٰ علیہ السلام نے	واسطے + قوم + اپنی کے
حرف عطف	ظرف زمان	فعل ماضی	فاعل	حرف جر + مضاف + مضاف الیہ

فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ

فَ	قُلْنَا	اِضْرِبْ	بِ	عَصَا + كَ	الْحَجَرَ	فَ + اِنْفَجَرَتْ
تو	کہا ہم نے	مار تو	ساتھ	لاٹھی کے + اپنی	پتھر کو	پس + پھوٹ پڑے
حرف عطف	فعل ماضی جمع متکلم + فاعل	امر حاضر	حرف جر	مضاف + مضاف الیہ	مفعول	حرف + فعل ماضی

مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ

مِنْ + هُ	اثْنَتَا عَشْرَةَ	عَيْنًا	قَدْ	عَلِمَ	كُلُّ	اُنَاسٍ	مَشْرَبَ	هُمْ
سے + اس	بارہ (12)	چشمے	تحقیق	جان لیا	تمام	لوگوں نے	پانی پینے کی جگہ	اپنی
حرف جر + مجرور	عدد، ممیز	تمیز	تحقیقیہ	فعل ماضی	فاعل مضاف	مضاف الیہ	مفعول ظرف مضاف	مضاف الیہ

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَ لَا تَعْثَوْا

كُلُوْا	وَ+اشْرَبُوْا	مِنْ	رِّزْقِ	اللّٰهِ	وَ+لَا	تَعْثَوْا
کھاؤ تم	اور+پیو تم	سے	رزق	اللہ تعالیٰ کے	اور+نہ	پھرو تم
فعل امر جمع	عاطفہ+فعل امر جمع	حرف جر	مجرور مضاف	مضاف الیہ	عاطفہ+ناہیہ	فعل نہی

فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ {60}

فِي	الْاَرْضِ	مُفْسِدِيْنَ
میں	زمین	فساد کرنے والے
حرف جر	مجرور	اسم فاعل (حال) جمع

بامحاورہ ترجمہ: اور جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کے لئے پانی مانگا تو ہم نے کہا کہ اپنی لاٹھی کو پتھر پر ماریئے (جب مارا) تو اس سے بارہ (12) چشمے پھوٹ پڑے۔ تمام لوگوں نے اپنی پینے کی جگہ کو معلوم کرلیا۔ اللہ تعالیٰ کے رزق سے کھاؤ اور پیو اور زمین میں فساد نہ پھیلاؤ۔

لغوی نکات:

اِسْتَسْقٰى {س ق ی} باب استفعال، اِسْتَسْقٰى يَسْتَسْقِيْ، اِسْتِسْقَاء سے (فعل ماضی) اِسْتَسْقٰى باب استفعال ہونے کی وجہ سے طلب کا معنی پایا جاتا ہے، یہاں معنی یہ ہے قوم کے لئے پانی مانگا۔

اَلْحَجَرَ اسکی جمع اَحْجَارٌ آتی ہے۔ اس میں الف لام عہد کا ہے یعنی خاص پتھر مراد ہے۔ بعض کے ہاں یہ الف لام جنس کیلئے ہے جسکا معنی ہے کہ کوئی خاص پتھر نہ تھا بلکہ یہ موسیٰ علیہ السلام کا معجزہ تھا کہ جس پتھر پر عصا مارتے اس میں سے چشمے ابل پڑتے۔

فَانْفَجَرَتْ فَا+اِنْفَجَرَتْ {ف ج ر} باب انفعال، اِنْفَجَرَ، يَنْفَجِرُ سے فعل ماضی واحد مونث غائب۔ امام راغب فرماتے ہیں اَلْفَجَرَ کا معنی کسی چیز کو وسیع طور پر پھاڑنے اور شق کردینے کے ہیں جس طرح کہتے ہیں فَجَرَ الْاِنْسَانُ السَّكَرَ ”انسان نے بند میں وسیع شگاف ڈال دیا۔ پانی کا خوب پھوٹ پڑنا، صبح کی روشنی بھی رات کی تاریکی کو پھاڑ کر نمودار ہوتی ہے، اس لئے اس کو فجر کہتے ہیں۔

قرآن میں دوسری جگہ اِنْبَجَسَتْ آیا ہے۔ دونوں کا معنی ایک ہے۔ دونوں میں فرق یہ ہے کہ اِنْبِجَاسٌ کسی تنگ جگہ سے بہہ نکلنے کا نام ہے اور اِنْفِجَارٌ میں تنگ جگہ ہو یا کشادہ۔

اثْنَتَا عَشْرَةَ اس کی رفعی حالت ہے اِنْفَجَرَتْ کا فاعل ہے۔ عَيْنًا: یہ تمیز یا معدود ہے۔ گیارہ سے لے کر انیس تک کے اعداد کا

”محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com

معدود واحد کے صیغے میں آتا ہے اور منصوب ہوتا ہے۔ لفظ عَیْن مشترک ہے اس کے کئی معنی ہیں۔ قرینے کو دیکھ کر معنی متعین کر دیا جاتا ہے (یہاں مراد 12- چشمے ہے)

اُنَاسٍ ایسی جمع ہے جسکا اسکے لفظ سے واحد نہیں ہے۔ بعض کے نزدیک غیر لفظی واحد اِنسان ہے یا اِنْسٌ ہے مضاف الیہ (لوگوں)۔

مَّشْرَبَهُمْ مَشْرَب + هُمْ، باب (س) مرکب اضافی۔ مَفْعَلَ کے وزن پر ظرف مکان ہے یعنی مَوْضِعَ شُرْبِهِمْ، (پانی پینے کی جگہ)۔

وَ لَا تَعْثَوْا {ع ث ی} باب (ن) عَثٰی یَعْثُوْ سے فعل نہی جمع مذکر حاضر، فساد میں شدت اور کثرت کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ (نہ پھروتم)

مُفْسِدِیْنَ {ف س د} باب افعال، اَفْسَدَ یُفْسِدُ سے اسم فاعل جمع مذکر، حال کی وجہ سے حالت نصب (فساد پھیلانا)

تفسیری نکات: جب بنی اسرائیل جزیرہ نمائے سینا کے لق و دق بیابان اور ریگستان میں پریشان پھرتے پھرتے ایسی جگہ پہنچے جہاں پانی موجود نہ تھا۔ کافی تلاش و جستجو کے بعد پانی تک رسائی حاصل نہ ہوسکی۔ موسیٰ علیہ السلام سے مطالبہ کیا تو موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے وحی کی کہ اپنی اس لاٹھی کو (جو موسیٰ علیہ السلام کو بطور معجزہ ملی تھی اور اس کے بے شمار فوائد تھے، قرآن میں ہے، اس سے درختوں سے پتے جھاڑنا، اس کے مارنے سے سمندر میں راستہ بن جانا، اژدھا بن کر جادوگروں کے سانپ بچھو ہڑپ کرجانا)۔ پتھر پر مار۔ اس سے بارہ چشمے پھوٹ پڑیں گے۔ بنی اسرائیل کے بارہ قبیلے تھے، ہر ایک نے اپنے گھاٹ سے پانی پیا۔ یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم تھا کہ خشک جنگل میں ان کو پانی مہیا کیا۔ جبکہ ظاہری طور پر کوئی سبب اور سہارا نظر نہیں آرہا تھا۔

اس سے یہ سبق حاصل ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت وفضل سے کھانا، پانی مہیا کرتا ہے۔ انسان کا فرض ہے کہ وہ اس سے مانگے اور اس کی رحمت سے ناامید نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ بڑا غفور رحیم اور شفقت کرنے والی ذات ہے۔ انسان نافرمانی کرکے اپنا ہی نقصان کرتا ہے اور عذاب الٰہی کا نزول انسان کے اپنے غلط اعمال کے سبب آتا ہے۔

وَ اِذْ قُلْتُمْ یٰمُوْسٰی لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰی

وَ	اِذْ	قُلْتُمْ	یَا	مُوْسٰی	لَنْ + نَصْبِرَ	عَلٰی
اور	جب	کہا تم نے	اے	موسیٰ علیہ السلام	ہرگز نہ + صبر کریں گے ہم	اوپر
حرف عطف	ظرف زمان	فعل ماضی + فاعل	حرف ندا	منادیٰ مرفوع	ناصبہ + مضارع جمع متکلم	جار

طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ یُخْرِجْ لَنَا

طَعَامٍ	وَّاحِدٍ	فَ + اُدْعُ	لَ + نَا	رَبَّ + كَ	یُخْرِجْ	لَ + نَا
کھانے	ایک کے	تو + دعا کریں آپ	لئے + ہمارے	رب + اپنے سے	نکالے وہ	لئے + ہمارے
مجرور موصوف	صفت	حرف + فعل امر	جار + مجرور	مفعول مضاف + مضاف الیہ	مضارع (افعال)	جار + مجرور

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

مِمَّا تُنۢبِتُ الْاَرْضُ مِنْۢ بَقْلِهَا وَ قِثَّآىِٕهَا وَ فُوْمِهَا

مِنْ + مَا	تُنْبِتُ	الْاَرْضُ	مِنْ	بَقْلِ + هَا	وَ	قِثَّآءِ + هَا	وَ	فُوْمِ + هَا
سے + جو چیز	اُگاتی ہے	زمین	سے	ترکاری + اس کی	اور	کھیرے، ککڑی + اسکے	اور	لہسن + اس کا
حرف جار + موصولہ	مضارع	فاعل	جار	مضاف + مضاف الیہ (مجرور)	حرف عطف	مضاف + مضاف الیہ	حرف عطف	مضاف + مضاف الیہ

وَ عَدَسِهَا وَ بَصَلِهَا ؕ قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ الَّذِیْ

وَ	عَدَسِ + هَا	وَ	بَصَلِ + هَا	قَالَ	اَ	تَسْتَبْدِلُوْنَ	الَّذِیْ
اور	دال مسور + اس کی	اور	پیاز + اس کا	کہا (موسیٰ علیہ السلام) نے	کیا	تبدیل کرتے ہو تم	اس کو جو
حرف عطف	مضاف + اضاف الیہ	عاطفہ	مضاف + مضاف الیہ	فعل ماضی (فاعل)	استفہام	مضارع معلوم	اسم موصول

هُوَ اَدْنٰی بِالَّذِیْ هُوَ خَیْرٌ ؕ اِهْبِطُوْا مِصْرًا

هُوَ	اَدْنٰی	بِ	الَّذِیْ	هُوَ	خَیْرٌ	اِهْبِطُوْا	مِصْرًا
وہ	نکمی ہے	بدلے	اس کے جو	وہ	بہتر ہے	اُترو تم	کسی شہر میں
ضمیر منفصل	اسم تفضیل	جار	موصول	ضمیر منفصل	اسم تفضیل	فعل امر (ض)	مفعول بہ

فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ ؕ وَ ضُرِبَتْ

فَ + اِنَّ	لَ + کُمْ	مَّا	سَاَلْتُمْ	وَ	ضُرِبَتْ
پس + بے شک	لئے + تمہارے	جو	سوال کیا تم نے	اور	ماری گئی
جزائیہ + حرف مشبہ بالفعل	جار + مجرور	موصولہ	فعل ماضی جمع مخاطب (ف)	حرف عطف	ماضی مجہول

عَلَیْهِمُ الذِّلَّةُ وَ الْمَسْكَنَةُ ۗ وَ بَآءُوْ

عَلٰی + هِمْ	الذِّلَّةُ	وَ	الْمَسْكَنَةُ	وَ	بَآءُوْ
اوپر + ان کے	ذلت	اور	محتاجی	اور	لوٹے وہ
جار + مجرور	نائب فاعل	حرف عطف	نائب فاعل	حرف عطف	فعل ماضی (ن)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ

اَنَّ + هُمْ	بِ	ذٰلِكَ	اللّٰهِ	مِّنَ	غَضَبٍ	بِ
بے شک + وہ	بسبب	یہ	اللہ تعالیٰ	سے	غصے کے	ساتھ
حرف مشبہ بالفعل + انّ کا اسم	حرف جار	اسم اشارہ	مجرور	حرف جار	مجرور (مصدر)	حرف جار

كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَ

وَ	اللّٰهِ	اٰيَاتِ	بِ	يَكْفُرُوْنَ	كَانُوْا
اور	اللہ تعالیٰ کی	آیات	ساتھ	وہ انکار کرتے	تھے وہ
حرف عطف	مضاف الیہ	مجرور مضاف	حرف جار	فعل مضارع (ن)	ماضی، فعل ناقص + اسم

يَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا

مَا	بِ	ذٰلِكَ	الْحَقِّ	غَيْرِ	بِ	النَّبِيّٖنَ	يَقْتُلُوْنَ
اس کے	بسبب	یہ (سب)	حق کے	بغیر	ساتھ	انبیاء علیہم السلام کو	قتل کرتے تھے وہ
موصولہ	جارہ	اسم اشارہ	مضاف الیہ	مجرور مضاف	جار	مفعول	فعل مضارع جمع مذکر غائب (ن)

عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ {61} ع

يَعْتَدُوْنَ	كَانُوْا	وَّ	عَصَوْا
زیادتی کرتے	تھے وہ	اور	نافرمانی کی انہوں نے
فعل مضارع۔ جمع مذکر غائب باب افتعال	فعل ماضی فعل ناقص + اسم	حرف عطف	فعل ماضی (ض)

بامحاورہ ترجمہ: اور جب تم نے کہا اے موسیٰ علیہ السلام ہم ایک ہی قسم کے کھانے پر ہرگز صبر نہ کریں گے اس لئے اپنے رب سے دعا کیجئے کہ وہ ہمیں زمین کی پیداوار، ساگ، ککڑی، گیہوں، مسور اور پیاز دے۔ آپ نے فرمایا کیا تم بہتر چیز کے بدلے ادنیٰ (نکمی) چیز طلب کرتے ہو۔ اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل سے فرمایا کہ کسی شہر میں اتر جاؤ۔ جو تم نے مانگا ہے وہاں سے مل جائے گا اور ان پر ذلت و محتاجی مار دی گئی اور وہ اللہ کے غضب کے مستحق ہو گئے۔ یہ اس لئے کہ وہ اللہ کی آیات (نشانیوں) کا انکار کرتے تھے اور نبیوں کو ناحق قتل کرتے تھے۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ وہ نافرمانی اور زیادتی کرتے تھے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

لغوی نکات:

اِذْ ظرف زمان ہے جو اُذْکُرْ فعل امر محذوف کا مفعول بنتا ہے (جس وقت)

یٰمُوْسٰی یَا حرف ندا ہے اور مُوْسٰی منادیٰ ہے۔ اس کی رفعی، نصبی، جری حالت ایک جیسی ہوتی ہے، مبنی ہے۔ اس کی حالت رفعی ہے کیونکہ منادی مضاف نہیں ہے۔

لَنْ نَّصْبِرَ {ص ب ر} باب (ض) صَبَرَ یَصْبِرُ مضارع معلوم، جمع متکلم، (ر) پر زبر ہے کیونکہ پیچھے لَنْ ناصبۃ المضارع ہے۔ اس کا معنی (ہرگز نہ صبر کریں گے ہم)

طَعَامٍ وَّاحِدٍ موصوف، صفت اور پیچھے عَلٰی حرف جر کی وجہ سے جری حالت ہے۔ مرکب توصیفی ہے۔ ایک کھانا، مراد مَنّ و سَلْویٰ۔

فَادْعُ اُدْعُ، {د ع و} باب (ن) سے فعل امر واحد مذکر، اصل میں اُدْعُوْ بروزن اُنْصُرْ تھا، اس کا معنی تُو دعا کر۔

رَبَّكَ رَبَّ مضاف +كَ مضاف الیہ: یہ اُدْعُ کا مفعول ہے (اپنے رب سے)

یُخْرِجْ {خ ر ج} باب افعال، فعل مضارع، واحد مذکر غائب، اُدْعُ امر کا جواب ہونے کی وجہ سے اس کا آخر (جْ) مجزوم ہے۔ اس کا معنی (نکالے وہ) (اللہ تعالیٰ)

مِمَّا اصل میں مِنْ + مَا تھا، (ن) کو (م) میں ادغام کر دیا، مَا موصولہ ہے (اس چیز سے)

تُنْبِتُ الْاَرْضُ {ن ب ت} باب افعال، اَنْبَتَ، یُنْبِتُ، اِنْبَاتًا، فعل مضارع واحد مؤنث غائب، اَرْضُ (زمین) مؤنث سماعی ہے اور فعل تُنْبِتُ کا فاعل ہے۔ اس لئے تُنْبِتُ واحد مؤنث لایا گیا ہے (اگانا)

بَقْلِهَا (بَقْلِ) مضاف + (هَا) مضاف الیہ، (هَا) ضمیر واحد مؤنث کا مرجع (اَرْض) زمین ہے۔ بَقْلِ واحد ہے اس کی جمع بُقُوْلٌ اور اَبْقَالٌ آتی ہے، اَرْضُ بَقِلَةٌ سبزی والی زمین۔ (ساگ۔ ترکاری وغیرہ) اَلْبَقَّال۔ سبزی فروش

فُوْمِهَا فُوْمِ + هَا۔ مرکب اضافی ہے۔ مراد لہسن ہے اور بعض نے اس کا معنی گندم کیا ہے۔ امام قرطبی کے قول کے مطابق اکثر مفسرین نے یہی معنی کیا ہے لیکن پہلا معنی زیادہ اہل علم نے کیا ہے۔ جس طرح امیہ بن ابی الصلت نے کہا ہے کانت منازلھم اذ ذاك ظاھر، فیھا القرا دیس و الفومات و البصل، تو یہاں شعر میں فُوْم سے مراد لہسن لیا ہے (فتح القدیر)۔ المنجد میں ہے، لہسن، گیہوں، چنا، روٹی، وہ چیز جس کی روٹی پک سکے۔ اس کی جمع فُوْمَان آتی ہے۔

عَدَسِهَا عَدَسِ + هَا: مضاف + مضاف الیہ: اس کا واحد عَدَسَةٌ ہے۔ حالت جر (مسور کی دال)

بَصَلِهَا بَصَلِ پیاز کو کہتے ہیں اس کا واحد بَصَلَةٌ ہے اور اَلْبَصَلَةُ لوہے کے خود کو بھی کہتے ہیں، جس طرح کہتے ہیں خَرَجُوْا کَاَنَّهُمُ الْاَصَلُ وَعَلٰی رُؤُسِهِمُ الْبَصَلُ: وہ لوگ نکلے گویا کہ ڈسنے والے سانپ ہیں اور ان کے سروں پر خود ہیں۔ تو یہاں اَصَلٌ، اَصَلَةٌ کی جمع ہے (زہریلا قسم کا سانپ)۔ قرآن میں بَصَلِ سے مراد پیاز ہے۔

اَتَسْتَبْدِلُوْنَ اَ + تَسْتَبْدِلُوْنَ، ہمزہ استفہامیہ ہے، تَسْتَبْدِلُوْنَ: {ب د ل} باب استفعال، مضارع معلوم جمع مذکر مخاطب (کسی چیز کا

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

کسی دوسری چیز سے بدلنے کا مطالبہ کرنا)

اَدْنٰی {د ن و} باب (ن) دَنَا یَدْنُوْ سے اسم تفضیل، مذکر، جس کا معنی قرب ہوتا ہے۔ یہاں مراد (حقیر چیز) جو کہ مَنّ و سَلْوٰی کے مقابلہ میں بہت ہی کم تر ہے۔

خَیْرٌ خَیْرٌ اسم تفضیل ہے، اصل میں اَخْیَرُ تھا، تعلیل کے بعد خَیْرٌ رہ گیا (بہت بہتر)۔

اِهْبِطُوْا {ہ ب ط} باب (ض) هَبَطَ يَهْبِطُ سے فعل امر جمع مذکر حاضر (اترنا / گرنا) قرآن میں ہے اِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللهِ (البقرۃ:74/2) بعض پتھر اللہ تعالیٰ کے ڈر سے گر جاتے ہیں۔

مِصْرًا مفعول بہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ مخصوص مصر شہر مراد نہیں ہے بلکہ مصر اپنے لغوی معنی کے اعتبار سے ہے وہ شہر جس کی حد بندی ہو چکی ہو لیکن امام شوکانی ﷫ کے ہاں موجودہ شہر مصر مراد ہے۔ علمیت اور تانیث موجود ہونے کے باوجود درمیانی کلمہ (ص) ساکن ہونے کی وجہ سے یہ لفظ منصرف ہے۔

ضُرِبَتْ {ض ر ب} باب (ض) ماضی مجہول واحد مؤنث غائب (لازم کردی گئی) ضَرَبَ کا معنی ایک چیز کو دوسری چیز پر مارنا، یہ لفظ بہت سے معانی میں استعمال ہوتا ہے۔ یہاں مارنے سے مراد لازم کر دی گئی۔ مسلط کر دی گئی۔

الذِّلَّةُ ذال پر زیر اور ۃُ پر پیش معطوف علیہ ہے۔ ضُرِبَتْ کا نائب فاعل ہے (خواری و رسوائی)۔

وَالْمَسْكَنَةُ باب (ن) سے مصدر میمی ہے۔ اس کا عطف اَلذِّلَّةُ پر ہے اس لئے مرفوع ہے فقر و ناداری کو کہتے ہیں۔ جملے کا معنی یہ ہے کہ ان پر ذلت و مسکنت چپکا دی گئی، مسلط کردی گئی۔

بَآءُوْ {ب و ء} باب (ن) بَآءَ يَبُوْءُ سے فعل ماضی جمع مذکر غائب، (لوٹنا) وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللهِ (البقرۃ:61/2) (اس حال میں لوٹے کہ ان پر اللہ کا غصہ تھا)، یہ جملہ حال بن رہا ہے۔

ذٰلِكَ یہ اسم اشارہ ہے اس کا مشار الیہ، ذلت و مسکنت اور اللہ کا غضب ہے۔

بِاَنَّهُمْ بِ + اَنَّ + هُمْ: بِ سببیہ ہے اور اَنَّ حرف مشبہ بالفعل ہے اور هُمْ اس کا اسم ہے۔ اس کا مرجع بنی اسرائیل ہے۔ (بسبب اس بات کے کہ یقینا وہ تھے)

ذٰلِكَ بِمَا ذٰلِكَ، اسم اشارہ ہے، مکرر بیان کیا گیا ہے، ان پر ذلت وغیرہ کا سبب کیا تھا، بِمَا میں با سببیہ اور مَا مصدریہ یا موصولہ ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی آیات کا انکار اور انبیاء علیہم السلام کا قتلِ ناحق کا سبب کیا تھا، جو آگے بیان کیا جا رہا ہے۔

عَصَوْا {ع ص ی} باب (ض) عَصٰی، يَعْصِیْ، مَعْصِيَةً سے ماضی معلوم جمع مذکر غائب عَصَوْا اصل میں عَصَيُوْا تھا، تعلیل کی گئی ی سے پہلے ص پر زبر ہے لہٰذا مطابقت کے اصول کے تحت یا کو الف سے بدل دیا اور پھر قاعدے کے مطابق الف کو گرا

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

دیا، عَصَوْا رہ گیا، (نافرمانی کرنا)

كَانُوْا يَعْتَدُوْنَ {ع د و} باب افتعال، اِعْتِدَاءٌ، يَعْتَدِىْ سے مضارع معلوم جمع مذکر غائب، (زیادتی کرنا، حد سے تجاوز کرنا) كَانُوْا کے يَعْتَدُوْنَ پر داخل ہونے کی وجہ سے ماضی استمراری بن گئی ہے۔

تفسیری نکات: بنی اسرائیل جزیرہ نما سینا میں من وسلویٰ کھا کھا کر اکتا گئے، حالانکہ یہ چیز ان کو بلامشقت حاصل ہو رہی تھی۔ تو آخر تنگ آ کر سیدنا موسیٰ علیہ السلام سے درخواست کی کہ ہمیں مذکورہ خوراک کی بجائے آیت میں مذکورہ چیزیں دال، ترکاری، لہسن و پیاز وغیرہ ملنا چاہئے۔ موسیٰ علیہ السلام نے پہلے تو قوم کو سمجھایا کہ تمہارا مطالبہ درست نہیں ہے لیکن پھر قوم کے اصرار پر سیدنا موسیٰ علیہ السلام نے دعا کی اور اس مسئلے کا حل بتایا جو کہ اس کے آگے آیت میں ذکر آ رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل پر طرح طرح کی نعمتیں اور احسانات کئے لیکن وہ ان نعمتوں پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کی بجائے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتے رہے۔ ان کو من وسلویٰ بطور خوراک بلامحنت و مشقت ملتا تھا۔ انہوں نے اس پر صبر نہ کیا بلکہ سبزیاں اور ترکاریاں مانگنے لگے۔ جن کا من وسلویٰ سے ادنیٰ درجہ ہے۔ ان کی اس ناشکری کی بناء پر اللہ تعالیٰ کا ان پر غیظ وغضب نازل ہوا۔ ذلت، مسکنت اور حقارت ان کا مقدر ٹھہری۔ مئی 1949ء میں ریاست اسرائیل کے نام سے ان کی حکومت قائم ہوئی۔ مگر اس کا قیام بھی مغربی حکومتوں کے سہارے ہوا اور آج ان کی بقا بھی ان مغربی ممالک کے سہارے پر ہے۔ اس قوم پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ذلت مسلط کر دی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو ذلت و رسوائی سے مزید دوچار کرے۔ آمین۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ جو قوم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا نہ کرے، وہ قوم ذلیل و رسوا ہو جاتی ہے اور اس سے نعمتیں چھین لی جاتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی بقا اسی میں مضمر ہے کہ ان کی قدر کی جائے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں صراط مستقیم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى

اِنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	الَّذِيْنَ	هَادُوْا	وَ	النَّصٰرٰى
بے شک	جو لوگ	ایمان لائے	اور	جو لوگ	یہودی ہوئے	اور	عیسائی
حرف مشبہ بالفعل	اسم موصول	فعل ماضی (افعال)	عاطفہ	اسم موصول	فعل ماضی (ن)	عاطفہ	معطوف پہلے اَلَّذِيْنَ پر

وَالصّٰبِـِٕيْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

وَ	الصّٰبِـِٕيْنَ	مَنْ	اٰمَنَ	بِ + اللّٰهِ	وَ	الْيَوْمِ + الْاٰخِرِ
اور	صابی۔ (دین سے منحرف ہوئے)	جو	ایمان لایا	ساتھ + اللہ تعالیٰ کے	اور	دن + آخرت کے
عاطفہ	معطوف اس کا عطف بھی اَلَّذِيْنَ پر ہے	موصولہ	فعل ماضی (افعال)	جار + مجرور معطوف علیہ	عاطفہ	معطوف، موصوف + صفت

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ

وَ	عَمِلَ	صَالِحًا	فَ + لَ + هُمْ	اَجْرُ + هُمْ
اور	عمل کئے	نیک	تو+ کیلئے +ان کے	اجر + ان کا
عاطفہ	فعل ماضی (س)	مفعول	حرف + جارہ +ضمیر جمع (خبر مقدم)	مضاف+مضاف الیہ (مبتدا مؤخر)

عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

عِنْدَ	رَبِّ + هِمْ	وَ	لَا	خَوْفٌ	عَلَى + هِمْ
پاس	رب + اُن کے	اور	نہ	کوئی خوف	اوپر + ان کے
ظرف، مضاف	مضاف الیہ +مضاف الیہ	عاطفہ	حرف نفی	مصدر (س) اسم لا	جار + مجرور لا کی خبر

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ {62}

وَ	لَا	هُمْ	يَحْزَنُوْنَ
اور	نہ	وہ	غم کھائیں گے
عاطفہ	حرف نفی	ضمیر جمع مذکر اسم لا	فعل مضارع (س) خبر لا

بامحاورہ ترجمہ: جو لوگ ایمان لائے اور جو یہودی، عیسائی، صابی ہوئے تو ان میں سے جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان لائیں گے اور نیک عمل کریں گے، ان کے لئے ان کے رب کے ہاں اجر (اچھا بدلہ) ہوگا اور ان پر کسی قسم کا غم و خوف نہ ہوگا۔

لغوی نکات:

اٰمَنُوْا {ء م ن} باب افعال، اٰمَنَ، یُؤْمِنُ سے فعل ماضی جمع مذکر غائب، (ایمان لانا)

هَادُوْا باب هَادَ، یَهُوْدُ بروزن قَالَ یَقُوْلُ، فعل ماضی، جمع مذکر غائب، اس سے مراد جو لوگ طبقہ یہود میں داخل ہوئے خواہ بنی اسرائیل ہوں یا نہ ہوں۔ اصل میں ھاد کا معنی توبہ کرنا اور حق کی طرف رجوع کرنا ہوتا ہے۔ قرآن میں ہے: اِنَّا هُدْنَا اِلَیْكَ کہ (اے اللہ) ہم تیری طرف رجوع کرتے ہیں۔

نَصَارٰی یہ نصرانی کی جمع ہے، فلسطین میں ایک قصبہ ناصرۃ ہے جہاں عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے تھے، اس قصبہ کی مناسبت سے عیسیٰ علیہ السلام کو مسیح ناصری کہتے ہیں اور آپ کو ماننے والوں کو نصاریٰ کہا جاتا ہے یعنی ناصرہ میں پیدا ہونے والے مسیح کی امت۔ اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو عیسیٰ علیہ السلام کے پیروکار ہیں۔ جو لوگ عیسیٰ علیہ السلام کی الوہیت کے قائل ہیں، قرآن نے ان کے عقیدے کی تردید کی ہے۔ دیکھئے سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 73-74۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

صَابِئِیْنَ یہ صابی کی جمع ہے باب (ف) سے اسم فاعل جس کا معنی ہے اپنے دین کو چھوڑ دینے والا۔ اِنَّ کے اسم اَلَّذِیْنَ پر نصاریٰ اور اس (صَابِئِیْنَ) کا عطف ہے ان کی حالت نصبی ہے (اپنے دین سے منحرف ہونے والے) شروع میں عرب کے جاہل لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو صابی کہتے تھے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا آبائی دین چھوڑ دیا تھا جس طرح ایک سفر میں ایک مشرک عورت نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو صابی کہا تھا۔

عَمِلَ صَالِحًا {ع م ل} باب (س) عَمِلَ، یَعْمَلُ، عَمَلاً، فعل ماضی، اس میں فاعل ھُوَ محذوف ہے، صَالِحاً مفعول ہے، اس سے وہ عمل صالح مراد ہے جو کہ شریعت اسلامیہ کے مطابق ہو۔ خودساختہ عمل صالح معتبر نہ ہوگا۔

فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ ف، جزائیہ ہے اور لَهُمْ خبر مقدم ہے اور اَجْرُهُمْ مبتدا موخر ہے۔ یہ سارا جملہ اِنَّ کی خبر ہے یعنی ان کے لئے عند اللہ بہت بڑا اجر و ثواب ہوگا۔

وَلَا خَوْفٌ خَوْفٌ، باب (س) کا مصدر لاَ کا اسم ہے جو کہ مبتدا بن رہا ہے اور عَلَيْهِمْ مرکب جاری ہے۔ یہ ثَابِتٌ کے متعلق ہو کر خبر ہو جائے گی۔ (ڈر)

يَحْزَنُوْنَ {ح ز ن} باب (س) مضارع معروف جمع مذکر غائب، غمگین ہونا، حزن کا تعلق مستقبل سے ہوتا ہے جبکہ خوف ماضی سے تعلق رکھتا ہے۔ (غمگین ہونا)

تفسیری نکات: اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں نام، خاندان، نسل کی بڑائی کی غلط فہمی کو دُور کر دیا ہے اور نجات اخروی کا ایک عظیم اصول بیان فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں کوئی یہودی یا عیسائی یا صابی ہو کوئی مخصوص قوم یا نسل خاندانی عزت و امتیاز قابل اعتبار نہیں ہے بلکہ نجات کا مستحق وہ ہوگا جو اللہ تعالیٰ اور آخرت پر کامل یقین رکھتا ہو اور عمل صالح کرتا ہو۔ یہ دو اہم اصول ہیں جب اللہ تعالیٰ کو مانیں گے تو اس کے رسول کو بھی مانیں گے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے احکام رسول کے ذریعے سے حاصل ہوں گے اور کسی شخص کا آخرت پر ایمان لانا اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ ثواب و عذاب کو مانتا ہے۔ اور ثواب و عذاب کا یقین اعمال صالحہ کا متقاضی ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ ایمان اور عمل صالح ہی نجات کا باعث بن سکتے ہیں۔ یہودیت، عیسائیت اور صابیت کا محض دعویٰ نجات کا باعث نہیں ہے۔ اسی طرح صرف کلمہ پڑھنے سے نجات نہ ہوگی جب تک کلمے کے تقاضوں کے مطابق اعمال نہ کئے جائیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں صحیح مسلمان بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ

وَ	اِذْ	اَخَذْنَا	مِيْثَاقَ + كُمْ	وَ	رَفَعْنَا	فَوْقَ + كُمْ
اور	جب	پکڑا ہم نے	پختہ عہد + تم سے	اور	اٹھایا ہم نے	اوپر + تمہارے
عاطفہ	ظرف زمان	فعل ماضی (فاعل)	مفعول مضاف + مضاف الیہ	عاطفہ	فعل ماضی (فاعل)	مضاف + مضاف الیہ

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

الطُّوۡرَ ؕ خُذُوۡا مَاۤ اٰتَيۡنٰکُمۡ بِقُوَّةٍ

قُوَّةٍ	بِ	کُمۡ	اٰتَيۡنَا	مَاۤ	خُذُوۡا	الطُّوۡرَ
طاقت	ساتھ	تم کو	دیا ہم نے	جو	پکڑو تم	طور (پہاڑ کو)
مجرور	حرف جار	مفعول	فعل ماضی (فاعل)	موصولہ	امر حاضر جمع مذکر	مفعول

وَّاذۡکُرُوۡا مَا فِيۡهِ لَعَلَّکُمۡ تَتَّقُوۡنَ {63}

تَتَّقُوۡنَ	کُمۡ	لَعَلَّ	فِيۡ + ہٖ	مَا	اذۡکُرُوۡا	وَّ
پرہیز گار بن جاؤ	تم	تاکہ	میں + اس	جو	یاد کرو تم	اور
فعل مضارع جمع مذکر مخاطب (فاعل)(خبر)	لَعَلَّ کا اسم	حرف مشبہ بالفعل	جار + مجرور	موصولہ	فعل امر حاضر	عاطفہ

بامحاورہ ترجمہ: اور (وہ وقت یاد کرو) جب ہم نے تم سے پختہ عہد لیا اور ہم نے کوہ طور کو تمہارے اوپر اٹھا دیا (اور کہا) جو (کتاب) ہم نے تم کو دی ہے اسکو مضبوطی سے تھام لو اور جو (احکام) اس میں ہیں انکو یاد کرو (رکھو) تاکہ تم متقی (پرہیز گار) بن جاؤ۔

لغوی نکات:

اِذۡ ظرف ہے جو مضاف ہے اور اس سے پہلے اُذۡکُرُوۡا (فعل امر محذوف) ہے اور اِذۡ اس کا مفعول ہے۔

اَخَذۡنَا {ء خ ذ} باب (ن) سے ماضی معروف جمع متکلم (پکڑنا، لینا، طے کرنا)

مِيۡثَاقَکُمۡ مِيۡثَاق + کُمۡ مرکب اضافی {و ث ق} باب (ض) وَثِقَ، يَثِقُ سے مصدر میمی ہے، اَخَذۡنَا کا مفعول ہے۔ (پختہ عہد، قول وقرار، وہ کام جس پر قسم کھائی گئی ہو)

رَفَعۡنَا {ر ف ع} باب (ف) سے فعل ماضی معروف، جمع متکلم + (نَا) فاعل، (بلند کرنا، اٹھانا، کسی چیز کو زمین سے بلند کرنا، اونچے مرتبہ پر بھی لفظ رَفَعَ استعمال ہوتا ہے)

فَوۡقَکُمُ الطُّوۡرَ فَوۡقَ، ظرف مکان ہے جو کہ تَحۡتَ اور اَسۡفَل بمعنی نیچے کی ضد ہے۔ مبنی ہونے کی وجہ سے (ق) پر اصل میں پیش ہوتی ہے اور جب مضاف ہوجائے تو (ق) پر زبر آجاتی ہے جس طرح یہاں ہے اور اگر شروع میں مِنۡ آجائے تو (ق) پر زیر آجاتی ہے۔ جیسے مِنۡ فَوۡقِکُمۡ۔ الطُّوۡرَ یہ رَفَعۡنَا کا مفعول ہے: یہ مصر کے اس پہاڑ کا نام ہے جس پر موسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہوئے تھے۔ اس کو جبل سینا بھی کہا جاتا ہے۔

خُذُوۡا باب (ن) فعل امر حاضر، جمع مذکر، اصل میں اُؤۡخُذُوۡا تھا، دوسرے ہمزہ کو خلاف قیاس گرایا۔ شروع والے ہمزہ وصل کی ضرورت نہ رہی یا چونکہ دونوں ہمزوں کے ملنے سے جھٹکا پیدا ہوتا تھا اس لئے زبان کی روانی کی خاطر دونوں ہمزوں کو گرادیا باقی خُذُوۡا رہ گیا۔ (پکڑو تم)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

اٰتَیْنٰکُمْ اٰتَیْنَا+ کُمْ، {ء ت ی} باب (ض) سے فعل ماضی (جمع متکلم) مصدر، اِتْیَانٌ، (فعل، فاعل) اور کُمْ ضمیر جمع اس کا مفعول ہے یہ اٰتَیْنٰکُمْ ما موصولہ کا صلہ ہے (موصول + صلہ) مل کر خُذُوْا کا مفعول بنتا ہے۔

بِقُوَّةٍ بِ (حرف جر) قُوَّةٍ {ق و ی} باب (س) سے مصدر ہے، اصل میں قَوِیَةٌ تھا و اور ی ایک کلمہ میں جمع ہوئیں، ی کو واؤ سے بدلا، پہلی و کا دوسری و میں ادغام کیا، واو کی مناسبت سے ق کو ضَمَّ (پیش) دی گئی قُوَّةٌ ہوگیا، (طاقت، مضبوطی)

اُذْکُرُوْا+ فِیْهِ {ذ ک ر} باب (ن) فعل امر حاضر جمع، فِیْهِ (ہٖ) ضمیر کا مرجع کتاب ہے یعنی جو اس کتاب میں ہے اس کو یاد رکھو، اس کے احکامات پر عمل کرو۔

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ لَعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل ہے اور کُمْ اس کا اسم ہے اور تَتَّقُوْنَ باب (افتعال فعل مضارع جمع مذکر مخاطب) جملہ فعلیہ ہونے کے بعد لَعَلَّ کی خبر بن گیا۔

تفسیری نکات: بنو اسرائیل کو اللہ تعالیٰ وہ وقت یاد دلا رہے ہیں۔ جب انہوں نے موسیٰ علیہ السلام سے بار بار مطالبہ کیا کہ ہمیں کوئی مستند ومعتبر کتاب دیں تاکہ ہم اس کی روشنی میں اپنی زندگی بسر کریں۔ اللہ تعالیٰ نے اس بات پر ان سے پختہ عہد لیا۔ جب آسمان سے کتاب (تورات) اتاری گئی تو اسکے احکام کو بھاری سمجھتے ہوئے وہ عمل سے انحراف کرنے لگے اور پختہ عہد کی کوئی پاسداری نہ کی۔ تو اللہ تعالیٰ نے اس صریح نافرمانی اور بغاوت کے سدباب کیلئے طور پہاڑ کو انکے سر پر کھڑا کردیا اور ان سے وعدہ لیا گیا کہ اس کتاب پر پابندی سے عمل کرو ورنہ تم پر یہ پہاڑ گرا دیا جائیگا۔ یہ دیکھ کر بنی اسرائیل نے اللہ تعالیٰ سے عہد کیا کہ اب خلاف ورزی نہیں کرینگے۔ اس میں ہم مسلمانوں کے لئے یہ درس ہے کہ ہم بھی کتاب الٰہی قرآن مجید کو مضبوطی سے پکڑیں۔ اس کو سمجھیں اور اس پر عمل کریں اور تقویٰ کی زندگی گزاریں۔ وگرنہ اللہ تعالیٰ کے عذاب سے چھٹکارہ ناممکن ہے۔ مہلت تو مل سکتی ہے لیکن لَا تَبْدِیْلَ لِکَلِمٰتِ اللّٰهِ، اللہ تعالیٰ کے قوانین میں کوئی تبدیلی نہیں ہے۔

ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ

ثُمَّ	تَوَلَّيْتُمْ	مِّنْ	بَعْدِ	ذٰلِكَ	فَ	لَوْ	لَا	فَضْلُ	اللّٰهِ
پھر	پھر گئے تم	سے	پیچھے	اس کے	تو	اگر	نہ (ہوتا)	فضل	اللہ تعالیٰ (کا)
حرف تراخی	فعل ماضی	جار	مضاف	مضاف الیہ	حرف	شرط	نفی	مبتدا مضاف	مضاف الیہ/معطوف علیہ

عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ {64}

عَلَیْ + کُمْ	وَ	رَحْمَةُ + هٗ	لَ + کُنْتُمْ	مِّنَ	الْخٰسِرِیْنَ
پر + تم	اور	رحمت + اس کی	یقیناً + ہوجاتے تم	سے	گھاٹا پانے والوں
جار + مجرور	عاطفہ	مضاف + مضاف الیہ (معطوف)	لام تاکید + فعل ناقص + اسم	جار	اسم فاعل جمع۔ (کُنْتُمْ کی خبر)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بامحاورہ ترجمہ: پھر تم اس کے بعد پھر گئے، تو اگر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی تو یقیناً تم گھاٹا پانے والے ہو جاتے۔

لغوی نکات:

تَوَلَّيْتُمْ {و ل ی} باب تفعل سے فعل ماضی جمع مذکر حاضر، اعراض اور انحراف کو کہتے ہیں، [منہ موڑنا]۔

لَوْلَا اس کو امتناعیہ کہتے ہیں [(یعنی) اگر (یہ) نہ ہوتا] تو اس طرح ہوتا، یہ لفظ لَوْ حرف شرط اور لَا نافیہ سے مرکب ہے۔

فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ مرکب اضافی اور عَلَيْكُمْ مرکب جاری ہے جو کہ فَضْلٌ مصدر کے متعلق ہے اور یہ جملہ لَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ معطوف علیہ ہے اور رَحْمَتُهٗ مرکب اضافی ہو کر معطوف ہے۔ یہ معطوف علیہ اور معطوف مل کر مبتدا بن جاتا ہے اور اس کی خبر محذوف (حَاضِرٌ) ہے۔ اس طرح یہ جملہ شرطیہ ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت خاص تمہارے شامل حال نہ ہوتی۔

لَكُنْتُمْ (لَ + كُنْتُمْ) لام تاکید کا ہے جو کہ جواب شرط میں آیا ہے، جملے میں مزید تاکید پیدا کر رہا ہے، [تم یقیناً (خسارہ پانے والوں سے) ہو جاتے]۔

تفسیری نکات: بنی اسرائیل پر اللہ تعالیٰ کے احسانات بے شمار تھے اور ان کی طرف سے شکر کی بجائے ناشکری ہوتی رہی۔ پھر انہوں نے موسیٰ علیہ السلام سے کتاب کا مطالبہ کیا جو تورات کی شکل میں پورا ہوا لیکن انہوں نے ان عہدوں کو توڑ دیا جو کتاب کے سلسلہ میں کئے گئے تھے۔ یہاں پر بنی اسرائیل سے کہا جا رہا ہے کہ اگر ان پر اللہ تعالیٰ کا خاص فضل و رحمت نہ ہوتی تو وہ نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جاتے۔ تو اللہ تعالیٰ کا فضل ہی ہے جو انسان کو نقصان سے بچاتا ہے۔

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا مِنْكُمْ

وَ	لَ + قَدْ	عَلِمْتُمْ	الَّذِيْنَ	اعْتَدَوْا	مِنْ + كُمْ
اور	یقیناً + یقیناً	جان لیا تم نے	ان لوگوں کو	جنہوں نے زیادتی کی	سے + تم
عاطفہ	تاکید در تاکید	فعل ماضی (فاعل)	اسم موصول (مفعول)	فعل ماضی جمع مذکر	جار + مجرور

فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا

فِيْ	السَّبْتِ	فَ + قُلْنَا	لَ + هُمْ	كُوْنُوْا
(کے بارے) میں	ہفتہ	تو + کہا ہم نے	لئے + ان کے	ہو جاؤ تم
جار	مجرور	حرف + فعل ماضی جمع متکلم (فاعل)	جار + مجرور	فعل امر، جمع مذکر، فعل ناقص اَنْتُمْ اسکا اسم

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

قِرَدَةً خٰسِئِيْنَ {65}

قِرَدَةً	خٰسِئِيْنَ
بندر	دھتکارے ہوئے
كَانَ کی خبر (موصوف)	صفت حال

بامحاورہ ترجمہ: اور یقیناً بے شک تم کو ان لوگوں کا علم بھی ہے جو تم میں سے ہفتہ کے بارے میں حد سے بڑھ گئے اور ہم نے ان سے کہہ دیا کہ تم ذلیل بندر بن جاؤ۔

لغوی نکات:

لَقَدْ: (لَ+قَدْ) لَ تاکید کا ہے اور قَدْ بھی ماضی پر داخل ہوکر تاکید کا معنی پیدا کرتا ہے، یہ تاکید در تاکید ہے (یقیناً یقیناً)۔

اعْتَدَوْا: {ع د ی} باب افتعال سے ماضی، اصل میں اِعْتَدَيُوْا تھا، ی پر ضمہ (پیش) بھاری تھا، ضمہ (پیش) کو ہٹا دیا تو (ی) ساکن ہوگئی جبکہ (و) پہلے ہی ساکن تھی پھر (ی) کو اجتماع ساکنین کی وجہ سے گرا دیا، اور (و) ساکن رہ گئی اور اِعْتَدَوْا بن گیا، [حق سے تجاوز کرنا]۔

فِي السَّبْتِ: مرکب جاری، سَبْتِ کا اصل معنی (قطع کرنا) ہے، ہفتہ کے سات دنوں میں سے ایک دن ہے جس کا نام ہفتہ ہے جو جمعہ کے بعد آتا ہے۔ یہودی لوگ اس دن اپنے کاروبار چھوڑ دیتے تھے، اس لئے اس روز کا دوسرے کاروباری ایام سے رشتہ کٹ گیا، یہ دن ان کی عبادت کے لئے ہوگیا۔

قِرَدَةً: یہ جمع ہے اور اس کی واحد قِرْدٌ ہے۔ قِرَدَةً، كُوْنُوْا کی خبر ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ [بندر]

خٰسِئِيْنَ: {خ س ء} باب (ف) سے اسم فاعل جمع مذکر، كُنْتُمْ کی ضمیر اَنْتُمْ سے حال ہے یا قِرَدَةً کی صفت ہے [ذلیل وخوار ہونے والے]۔

تفسیری نکات: اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو ہفتہ کے دن شکار سے منع کیا تھا لیکن اس کے باوجود انہوں نے اللہ تعالیٰ کے حکم کی عدولی کی، نہ مانا، تو اللہ تعالیٰ نے خلاف ورزی کرنے والوں کو ذلیل بندر بنا دیا۔ بعض دفعہ اللہ کا حکم بطور آزمائش ہوتا ہے، صبر کا دامن چھوٹ جانے کی وجہ سے انسان عذاب الٰہی میں گرفتار ہوجاتا ہے۔ بہرحال نعمت کے وقت اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہئے اور مصیبت کے وقت صبر کرنا چاہئے۔

فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا

فَ	جَعَلْنَا	هَا	نَكَالًا	لِ+مَا
پس	بنایا ہم نے	اس کو	عبرت	واسطے + اس کے جو
حرف	فعل ماضی جمع متکلم (فاعل)	مفعول اول	مفعول ثانی	جار + مجرور موصولہ

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا

هَا	خَلْفَ	مَا	وَ	بَيْنَ + يَدَيْ + هَا
اس کے	پیچھے	جو	اور	درمیان + دو ہاتھوں + اس کے (مراد اس کے سامنے موجود لوگوں کے لئے ہے)
مضاف الیہ	ظرف مضاف	موصولہ	عاطفہ	ظرف مضاف + مضاف الیہ مضاف + مضاف الیہ

وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ {66}

لِ + الْمُتَّقِيْنَ	مَوْعِظَةً	وَ
کے لئے + پرہیز گاروں	نصیحت	اور
جار + مجرور۔ اسم فاعل جمع مذکر	مفعول ثالث	عاطفہ

بامحاورہ ترجمہ: ہم نے (بندر بن جانے والی) اس (قوم) کو اس زمانے کے موجود اور بعد میں آنے والے لوگوں کے لئے باعث عبرت اور پرہیز گاروں کے لئے باعث نصیحت بنایا۔

لغوی نکات:

جَعَلْنَاهَا جَعَلْنَا + هَا باب (ف) سے فعل ماضی۔ نَا ضمیر جمع متکلم (فاعل) هَا ضمیر واحد مؤنث مفعول، (جو زیادتی کرنے والی) اس (قوم) یا اس کی (سزا) کی طرف لوٹ رہی ہے۔ [بنایا ہم نے اس (سزا) کو]

نَكَالًا {ن ك ل} باب (ض) سے مصدر (سزا جو عبرت ناک ہو)۔

مَا بَيْنَ يَدَيْهَا مَا بمعنی مَنْ ہے اور بَيْنَ ظرف ہے جو کہ مبنی علی الفتح ہے یعنی یہ اس طرح کا مبنی ہے کہ اس کے آخر میں زبر (ـَ) ہوگی معنی [درمیان] (يَدَيْهَا) يَدٌ کا تثنیہ حالت جری، لفظی معنی (جو اس کے دونوں ہاتھوں کے درمیان مراد آگے) اور بامحاورہ معنی [جو اس کے سامنے (موجود) ہے] یہ خَلْفٌ کی ضد ہے، بَيْنَ يَدَيْهَا، اس کا استعمال ظرف زمان اور مکان دونوں طرح ہوتا ہے۔ ظرف زمان کی صورت میں اس کا معنی اس وقت کے موجود لوگ اور ظرف مکان کی صورت میں اس کا معنی آگے یا سامنے ہوتا ہے۔ یہاں ظرف زمان کا معنی مراد ہے۔

خَلْفَهَا خَلْفَ + هَا۔ خَلْفَ بھی ظرف زمان اور مکان دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، یہاں مضاف ہے اور ظرف زمان والا معنی ہے۔ هَا (ضمیر / مضاف الیہ)، [اس (سزا یافتہ قوم) کے بعد میں آنے والے)]۔

مَوْعِظَةً {و ع ظ} باب (ض) وَعَظَ يَعِظُ سے اسم مصدر، [نصیحت] وہ نصیحت جس میں مخاطب کو ڈرایا جائے۔ خلیل نحوی کا قول ہے کہ کسی شخص کو بھلائی کی یاد دہانی اس طرح کرائی جائے کہ اس کے دل پر اثر ہو۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

تفسیری نکات: اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی یقیناً بہت بڑے عذاب کا سبب بنتی ہے۔ سزا کے لئے انسانوں کی صورت کا مسخ ہونا اور بندر بن جانا ایک بڑا عذاب ہے۔ انسان کو سابقہ اقوام پر مسلط کئے گئے، عذاب اور اس کے سبب سے ڈرنا چاہئے تاکہ اس سے نصیحت حاصل کرے اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے اجتناب کرے۔

وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ

وَ	اِذْ	قَالَ	مُوْسٰی	لِ + قَوْمِ + هٖ	اِنَّ	اللّٰهَ
اور	جب	کہا	موسیٰ علیہ السلام نے	واسطے + قوم + اپنی کے	یقیناً	اللہ تعالیٰ
عاطفہ	ظرف زمان	فعل ماضی	فاعل	جار + مجرور مضاف + مضاف الیہ	حرف مشبہ بالفعل	اِنَّ کا اسم

یَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ؕ

یَاْمُرُ	كُمْ	اَنْ	تَذْبَحُوْا	بَقَرَةً
حکم دیتا ہے	تم کو	یہ کہ	ذبح کرو تم	گائے کو
فعل مضارع (ن) اِنَّ کی خبر	مفعول	حرف ناصبہ	فعل مضارع (فاعل)	مفعول

قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ؕ قَالَ

قَالُوْٓا	اَ	تَتَّخِذُ	نَا	هُزُوًا	قَالَ
انہوں نے کہا	کیا	پکڑتا ہے تو	ہم کو	مذاق	کہا (موسیٰ علیہ السلام نے)
فعل ماضی (فاعل)	ہمزہ استفہام	فعل مضارع (فاعل)	مفعول اول	مفعول ثانی	فعل ماضی (فاعل)

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِیْنَ {67}

اَعُوْذُ	بِ + اللّٰهِ	اَنْ	اَكُوْنَ	مِنَ	الْجٰهِلِیْنَ
میں پناہ پکڑتا ہوں	ساتھ + اللہ کے	یہ کہ	ہوجاؤں میں	سے	جاہل لوگوں
فعل مضارع واحد متکلم (فاعل)	جار + مجرور	ناصبۃ المضارع	مضارع واحد متکلم (فاعل)	حرف جار	اسم فاعل (جاھل کی جمع) مجرور

بامحاورہ ترجمہ: جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا کہ اللہ تعالیٰ تم کو ایک گائے ذبح کرنے کا حکم دیتا ہے۔ تو قوم نے کہا کہ آپ ہمارے ساتھ مذاق کر رہے ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ میں اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آتا ہوں اس بات سے کہ میں جاہل

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ہوجاؤں (تمہیں مذاق کرکے)

لغوی نکات:

اِذْ ظرف زمان ہے جوکہ فعل محذوف کا مفعول ہوتا ہے۔ (تم یاد کرو اس۔۔۔۔وقت کو)

تَذْبَحُوْا {ذ ب ح} باب (ف) سے فعل مضارع جمع مذکر مخاطب، اصل میں تَذْبَحُوْنَ تھا اس سے پہلے اَنْ ناصبۃ المضارع آنے کی وجہ سے ن اعرابی گر گیا ''کہ'' [تم ذبح کرو]

بَقَرَۃً جمع (بَقَرٌ اور بَقَرَاتٌ) ہے، تَذْبَحُوْا کا مفعول ہے۔ بَقَرَۃٌ کی (ۃ) پر تنوین تنکیر (نکرہ) کے لئے ہے کہ کوئی گائے لے کر ذبح کرو، خاص نہیں ہے۔

هُزُوًا {ھ ز و} باب (ف) سے مصدر بمعنی اسم مفعول، یہ تَتَّخِذُوْا کا دوسرا مفعول ہے، (مذاق)

اَعُوْذُ {ع و ذ} باب (ن) سے مضارع واحد متکلم، ماضی مضارع، عَوَذَ یَعُوْذُ۔ تعلیل کے بعد، (عَاذَ، یَعُوْذُ) (میں پناہ پکڑتا/مانگتا ہوں)

اَنْ اَکُوْنَ اَنْ ناصبۃ المضارع ہے، اَکُوْنَ افعال ناقصہ میں سے ہے {ک و ن} باب (ن) ماضی مضارع (کَانَ، یَکُوْنُ)، اَنْ (ناصبۃ المضارع) کی وجہ سے فعل مضارع اَکُوْنَ کے (ن) پر زبر ہے، اَنَا اس کا اسم ہے (یہ کہ ہوجاؤں میں)

مِنَ الْجٰهِلِیْنَ مرکب جاری ہے، جَاهِلِیْنَ (مجرور) باب (س) ماضی مضارع (جَهِلَ، یَجْهَلُ) سے اسم الفاعل جَاهِلٌ، جمع جَاهِلُوْنَ جری حالت جَاهِلِیْنَ ہے [جہالت اختیار کرنے والے، بے وقوف بننا/ ہونا، نادان لوگ]، جہالت یہ ہے کہ انسان حق کے علم سے ناآشنا ہو۔

تفسیری نکات: بنی اسرائیل میں ایک شخص قتل ہوا، بسیار کوشش کے باوجود قاتل نہ مل سکا، اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ہوا کہ ایک گائے ذبح کرو، بنو اسرائیل گائے کو انتہائی مقدس مانتے تھے جس طرح ہندو کے ہاں گائے مقدس ہے، انہوں نے موسیٰ علیہ السلام سے کہا کہ کیا آپ ہم سے مذاق کر رہے ہیں۔ کہ قتل اور گائے کے ذبح میں کیا تعلق ہے؟ موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا ''کہ میں اللہ کا پیغمبر ہوں'' میں مذاق نہیں کر رہا، اگر ایسا کروں گا تو جاہلوں میں سے ہوجاؤں گا کیونکہ مذاق کرنا جاہلوں کا کام ہے۔

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا

قَالُوْا	اُدْعُ	لَ + نَا	رَبَّ + كَ	يُبَيِّنْ	لَ + نَا
انہوں نے کہا	تو دعا کر	لئے + ہمارے	رب + اپنے (سے)	بیان کرے وہ	لئے + ہمارے
فعل ماضی جمع (فاعل)	فعل امر (فاعل)	جار + مجرور	مضاف + مضاف الیہ (مفعول)	فعل مضارع	جار + مجرور

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

مَا هِيَ ۭ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا

مَا	هِيَ	قَالَ	اِنَّ + هٗ	يَقُوْلُ	اِنَّ + هَا
کیا (کیسی)	وہ (گائے)	کہا اس (موسیٰ علیہ السلام) نے	یقیناً + وہ (اللہ)	فرماتا ہے وہ (اللہ)	بے شک + (وہ)
استفہامیہ مبتدا	ضمیر مؤنث خبر	فعل ماضی (فاعل)	حرف مشبہ بالفعل+اسم	فعل مضارع (فاعل)	حرف مشبہ بالفعل+ضمیر تانیث اسم

بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ۭ عَوَانٌۢ بَيْنَ ذٰلِكَ ۭ

بَقَرَةٌ	لَّا	فَارِضٌ	وَّ	لَا	بِكْرٌ	عَوَانٌ	بَيْنَ	ذٰلِكَ
گائے	نہ ہو	بوڑھی	اور	نہ (ہو)	کنواری	درمیانی (عمر میں)	درمیان	اس کے
موصوف	نافیہ	اسم فاعل (صفت) معطوف علیہ	عاطفہ	نافیہ	معطوف	صفت مشبہ	مضاف	مضاف الیہ

فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ {68}

فَ + اِفْعَلُوْا	مَا	تُؤْمَرُوْنَ
پس (تو) + تم کرو	جو	تمہیں حکم دیا جارہا ہے
عاطفہ + فعل امر جمع مذکر	موصولہ	فعل مضارع مجہول جمع مذکر مخاطب

بامحاورہ ترجمہ: انہوں نے کہا کہ اپنے رب سے ہمارے لئے دعا کر کہ وہ ہمیں وضاحت کرے کہ اس (گائے) کی حقیقت کیا ہے؟ تو کہا (موسیٰ علیہ السلام نے) کہ وہ (اللہ) فرماتا ہے کہ وہ ایسی گائے ہو جو نہ بوڑھی ہو اور نہ بچھڑی۔ اس کے درمیان جوان عمر کی ہو تمہیں جو حکم دیا جارہا ہے (اس کو) کرو۔

لغوی نکات:

يُبَيِّنْ {ب ی ن} باب تفعیل سے فعل مضارع واحد مذکر غائب، جواب امر کی وجہ سے حالت جزم میں ہے۔ (بیان، وضاحت کرنا)۔

فَارِضٌ {ف ر ض} باب (ك) فَرَضَ يَفْرُضُ سے اسم فاعل۔ حالت رفع [بوڑھی / عمر رسیدہ]

بِكْرٌ {ب ك ر} باب (س) بَكِرَ يَبْكَرُ سے صفت مشبہ، مذکر و مؤنث دونوں کے لئے ہے۔ اس کی جمع اَبْكَار [کنواری] جس نے بچہ نہ جنا ہو۔

عَوَانٌ {ع و ن} باب (ن) سے صفت مشبہ اس کی جمع عُوْنٌ ہے، اصل میں عُوُن۔ و۔ پر پیش ہے لیکن و کو تخفیفاً ساکن کیا گیا، [درمیانی عمر] عورتوں اور مویشیوں میں جو درمیانی عمر کی ہو۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

تُؤْمَرُوْنَ {ء م ر} باب (ن) اَمَرَ، یَاْمُرُ سے مضارع مجہول، جمع مذکر مخاطب، [تم حکم دیئے گئے ہو]

تفسیری نکات: بنی اسرائیل اپنی گندی عادت کے مطابق موسیٰ علیہ السلام سے پھر سوال کرنے لگے کہ اللہ سے اس گائے کی حقیقت بیان کروا دیں تو اللہ نے جواب دیا کہ وہ گائے نہ بہت بوڑھی ہو اور نہ بالکل بچی ہو بلکہ درمیانی عمر کی جوان ہو۔ اب تم کو جو حکم دیا جارہا ہے اس پر عمل کریں، ٹال مٹول نہ کریں۔ درس یہ ہے کہ اللہ کے احکام میں سختی سے کام نہیں لینا چاہئے، بس اللہ کا حکم بغیر کسی حیل وحجت کے ماننا چاہئے۔

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا

قَالُوْا	ادْعُ	لَ + نَا	رَبَّ + كَ	يُبَيِّنْ	لَّ + نَا
انہوں نے کہا	دعا کر تو	لئے + ہمارے	رب + اپنے سے	وہ (اللہ) بیان کرے	لئے + ہمارے
فعل ماضی (فاعل)	فعل امر (فاعل)	جار + مجرور	مضاف+مضاف الیہ (مفعول)	فعل مضارع مجزوم	جار + مجرور

مَا لَوْنُهَا ۭ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا

مَا	لَوْنُ + هَا	قَالَ	اِنَّ + هٗ	يَقُوْلُ	اِنَّ + هَا
کیسا ہو	رنگ + اس کا	اس نے کہا	یقیناً + وہ (اللہ)	فرماتا ہے (اللہ)	بے شک + وہ
استفہامیہ (مبتدا)	مضاف + مضاف الیہ (خبر)	فعل ماضی	حرف مشبہ بالفعل + اسم	فعل مضارع (ن)	حرف مشبہ بالفعل + اسم

بَقَرَةٌ صَفْرَاۗءُ ۙ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ {69}

بَقَرَةٌ	صَفْرَاۗءُ	فَاقِعٌ	لَّوْنُ + هَا	تَسُرُّ	النّٰظِرِيْنَ
گائے	زرد رنگ کی ہو	خوب گہرا ہو	رنگ + اس کا	خوش کردے	دیکھنے والوں کو
اِنَّ کی خبر موصوف	صفت نمبر 1	صفت نمبر 2 اسم فاعل	مضاف+مضاف الیہ فَاقِعٌ کا فاعل ہے	فعل مضارع (فاعل)	اسم فاعل جمع مذکر (مفعول)

بامحاورہ ترجمہ: (بنی اسرائیل کہنے لگے) کہ اے موسیٰ علیہ السلام اپنے رب سے دعا کر کہ وہ ہمیں بتا دیں کہ اس (گائے) کا رنگ کیسا ہو، تو جواب ملا کہ اس کا رنگ زرد ہو، خوب گہرا ہو، دیکھنے والوں کو خوش کردے۔

لغوی نکات:

لَوْنُهَا لَوْنُ + هَا۔ لَوْنُ، مفرد مضاف۔ اس کی جمع اَلْوَانٌ ہے + مضاف الیہ (مضاف + مضاف الیہ مل کر خبر ہوئی، ۔ مَا۔ استفہامیہ مبتدا کی) [اسکا رنگ]

صَفْرَاۗءُ {ص ف ر} فَعْلَاءُ کے وزن پر اَصْفَرُ مونث سے صفت مشبہ ہے، غیر منصرف ہے اور بَقَرَةٌ کی صفت ہے۔ [زرد رنگ]

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

فَاقِعٌ {ف ق ع} باب (ن) (ف) سے اسم فاعل ہے، بَقَرَةٌ کی دوسری صفت ہے، لَوْنُهَا، مرکب اضافی۔ یہ لَوْنُهَا فَاقِعٌ اسم فاعل کا فاعل بنتا ہے، [گہرا ہوا اس کا رنگ]

تَسُرُّ {س ر ر} باب (ن) سَرَّ يَسُرُّ سے مضارع معلوم واحد مؤنث غائب، [خوش کردے وہ (گائے)]

النّٰظِرِيْنَ {ن ظ ر} باب (ن) نَظَرَ، يَنْظُرُ سے اسم فاعل جمع مذکر، حالت نصب (مفعول) [دیکھنے والوں کو]

تفسیری نکات: بنی اسرائیل کثرت سوال میں مشہور تھے اور سوال بھی احمقانہ کرتے تھے۔ کہنے لگے اچھا یہ پوچھئے کہ اس گائے کا رنگ کیسا ہو؟ تو فرمایا کہ اللہ نے جواب دیا ہے کہ اس کا رنگ گہرا زرد ہو جو دیکھنے والوں کو خوش کردے۔ ان کے ہر مطالبے کو پورا کیا گیا کہ چلو اب اس صفت کی حامل گائے تلاش کرو۔

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا

قَالُوْا	ادْعُ	لَ + نَا	رَبَّ + كَ	يُبَيِّنْ	لَّ + نَا
انہوں نے کہا	تو دعا کر	لئے + ہمارے	رب + اپنے سے	وہ بیان کرے	لئے + ہمارے
فعل ماضی جمع مذکر	فعل امر (فاعل)	جار + مجرور	مفعول مضاف + مضاف الیہ	فعل مضارع مجزوم	جار + مجرور

مَا هِيَ ۙ اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ؕ

مَا	هِيَ	اِنَّ	الْبَقَرَ	تَشٰبَهَ	عَلَىٰ + نَا
کیسی (ہو)	وہ	یقیناً	گائے	مشتبہ ہوگئی ہے	پر + ہم
استفہام (مبتدا)	ضمیر تانیث (خبر)	حرف مشبہ بالفعل	اِنَّ کا اسم	فعل ماضی (مفاعلہ) اِنَّ کی خبر	جار + مجرور

وَاِنَّآ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ {70}

وَ	اِنَّآ	اِنْ	شَآءَ	اللّٰهُ	لَ + مُهْتَدُوْنَ
اور	یقیناً ہم	اگر	چاہا	اللہ تعالیٰ (نے)	یقیناً + ہدایت پانے والے ہیں
عاطفہ	حرف مشبہ بالفعل + اسم	حرف شرط	فعل ماضی	فاعل	اسم فاعل جمع مذکر (اِنَّ کی خبر)

بامحاورہ ترجمہ: بنی اسرائیل کہنے لگے کہ اے موسیٰ علیہ السلام ہمارے لئے اپنے رب سے دعا کریں کہ ہمارے لئے وضاحت کرے کہ یہ گائے کیسی ہو کیونکہ گائے ہم پر متشابہ ہو چکی ہے اور اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو ہم یقیناً ہدایت پانے والے ہوں گے۔

لغوی نکات:

اُدْعُ {د ع و} باب (ن) دَعَا، يَدْعُوْا سے فعل امر واحد مذکر ہے (تو دعا کر)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

مَا هِیَ مَا استفہامیہ، مبتدا اور هِیَ خبر [کیسی ہو وہ (گائے)] ذبح کرنے کے لئے۔

اَلْبَقَرَ (واحد) اسم جنس، [گائے، بیل] اس کی جمع بَقَرَاتٌ ہے۔ مذکر اور مؤنث دونوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ قرآن نے واحد کے لئے بَقَرَۃٌ بھی استعمال کیا ہے جو کہ مؤنث ہے اِنَّ کا اسم ہونے کی وجہ سے (رَ) پر زبر ہے اور بَقَرَ کا لغوی معنی [زمین کو پھاڑنا] ہے، (گائے اور بیل ہل کے ذریعے زمین کو پھاڑتے ہیں)

تَشٰبَهَ {ش ب ہ} باب تفاعل فعل ماضی، واحد مذکر غائب، [ایک دوسرے سے مشابہ ہونا]

اِنْ شَآءَ اللّٰهُ یہ جملہ معترضہ ہے اور شرطیہ ہے اس کا جواب شرط یا تو لَمُهْتَدُوْنَ ہے یا محذوف ہے جو کہ (فَهَدَاَیْتُنَا حَاصِلَةٌ) ہے۔ [اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا]

شَآءَ {ش ی ء} باب (ف) شَیَاً، یَشْیَاُ سے فعل ماضی۔ واحد مذکر غائب۔ اس کی تعلیل کی اور عین کلمہ (ی) کو (الف) سے تبدیل کر دیا شَآءَ، یَشَآءُ، شَیْئًا، بن گیا۔ [چاہنا]

لَمُهْتَدُوْنَ لَ + مُهْتَدُوْنَ، لَ تاکید کے لئے ہے اور مُهْتَدُوْنَ {ہ د ی} باب افتعال، اِهْتَدٰی، یَهْتَدِیْ سے اسم فاعل جمع مذکر۔ اس کا واحد اصل میں مُهْتَدِیٌ کی جمع مُهْتَدِیُوْنَ تھا۔ تعلیل کی (ی) پر ضمہ ثقیل، وہ منتقل کر کے دال کو دیا پھر (ی) اور واؤ (و) دونوں ساکن ہوگئیں لہٰذا (ی) کو گرا دیا کیونکہ دال پر پیش واؤ کی مطابقت کی وجہ سے ہے، مُهْتَدُوْنَ ہو گیا (اِنَّا کی خبر ہے) [ہدایت پانے والے]

تفسیری نکات: اگر انسان غلطی کرے تو اللہ سے معافی مانگ لے تو اللہ غفور رحیم ہے لیکن اگر اللہ اس پر رحم فرمائے لیکن انسان جواب رحمت کے سلسلہ میں لایعنی سوال کرنا شروع کر دے تو یہ اس کی بدبختی ہے اور مسئلے میں پیچیدگی پیدا ہوتی ہے اور سختی در سختی شروع ہو جاتی ہے جو کہ عمل کے مسئلے میں بہت بڑی رکاوٹ بنتی ہے۔ جبکہ دین میں آسانی اچھی چیز ہے۔

قَالَ اِنَّهٗ یَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ

قَالَ	اِنَّ + هٗ	یَقُوْلُ	اِنَّ + هَا	بَقَرَةٌ	لَّا	ذَلُوْلٌ
کہا (موسیٰ علیہ السلام نے)	یقیناً + وہ	فرماتا ہے (اللہ تعالیٰ)	یقیناً + وہ	گائے ہو	نہ	ہو کام کرنے والی
فعل ماضی (فاعل)	حرف مشبہ بالفعل + اسم	فعل ماضی (فاعل)	حرف مشبہ بالفعل + اسم	موصوف	حرف نفی	صفت نمبر 1

تُثِیْرُ الْاَرْضَ وَلَا تَسْقِی الْحَرْثَ ۚ مُسَلَّمَةٌ

تُثِیْرُ	الْاَرْضَ	وَ	لَا	تَسْقِیْ	الْحَرْثَ	مُسَلَّمَةٌ
(جو) پھاڑتی ہو	زمین کو	اور	نہ	پانی پلاتی ہو	کھیتی کو	بے عیب (ہو)
فعل مضارع (هِیَ فاعل)	مفعول	عاطفہ	حرف نفی	فعل مضارع (هِیَ فاعل)	مفعول	اسم مفعول واحد مونث

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

لَّا شِيَةَ فِيهَا ۚ قَالُوا الْـٰٔنَ جِئْتَ

لَّا	شِيَةَ	فِيْ + هَا	قَالُوْا	الْـٰٔنَ	جِئْتَ
نہ (ہو)	(کوئی) داغ	میں + اس	انہوں نے کہا	اب	تو لایا ہے
نفی	لَا کا اسم	جار + مجرور (لَا کی خبر)	فعل ماضی (فاعل) (ن)	ظرف زمان	فعل ماضی واحد مذکر مخاطب (ض)

بِالْحَقِّ ۚ فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ {71}

بِا + الْحَقِّ	فَ + ذَبَحُوْ + هَا	وَ	مَا	كَادُوْا	يَفْعَلُوْنَ
کو۔ساتھ + حق	تو + ذبح کیا انہوں نے + اس (گائے) کو	اور	نہیں	قریب (تھے)	(کہ) وہ کرتے
جار + مجرور	حرف + فعل ماضی (فاعل) + مفعول	حرف عطف	نافیہ	(افعال مقاربہ) فعل ماضی جمع	فعل مضارع جمع

بامحاورہ ترجمہ: (موسیٰ علیہ السلام نے) کہا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہ گائے ایسی ہو جو جوتی ہوئی نہ ہو کہ زمین کو پھاڑتی ہو (ہل چلاتی ہو) اور نہ کھیتی کو پانی پلاتی ہو، صحیح و سالم ہو، اس میں کسی قسم کا داغ نہ ہو، وہ بولے اب آپ نے سچ بات کہی ہے لیکن وہ اسطرح کرنے کو تیار نہ تھے۔

لغوی نکات:

ذَلُوْلٌ {ذ ل ل} باب (ن) سے فَعُوْلٌ کے وزن پر اسم واحد مبالغہ اور جمع ذُلُلٌ ہے۔ یہ (بَقَرَۃٌ) کی صفت اول ہے۔ [مسخر یا ماتحت ہوکر کام پر جتا ہونا] (کھیتی باڑی کے لئے ہل چلانے کے کام آئے)۔

تُثِيْرُ تُثِيْرُ {ث و ر} (باب افعال)، اَثْوَرَ، يُثْوِرُ، مصدر (اِثْوَارٌ/ اِثَارٌ) اِثْوَرَۃٌ سے تعلیل کے بعد استعمالی حالت، اَثَارَ، يُثِيْرُ، مصدر اِثَارٌ، تُثِيْرُ فعل مضارع، واحد مؤنث غائب، اس میں ضمیر ھِیَ فاعل ہے جو گائے کی طرف لوٹتی ہے یہ جملہ لَاذَلُوْلٌ کی تفسیر ہے، [زراعت و کاشتکاری کے لئے زمین کو کھودنا، پھاڑنا]

تَسْقِیْ {س ق ی} باب (ض) سَقٰی، يَسْقِیْ، سے فعل مضارع، واحد مؤنث غائب [پلانا، پانی پلانا]

مُسَلَّمَةٌ {س ل م} باب تفعیل سے اسم مفعول واحد مونث یہ بَقَرَۃٌ کی صفت ہے۔ اسی لئے مرفوع ہے۔ [صحیح سالم، بے عیب]

لَّا شِيَةَ شِيَةَ۔ باب (ض) وَشٰی يَشِیْ۔ بر وزن وَعَدَ يَعِدُ۔ عِدَۃٌ کی طرح ف کلمہ (و) محذوف ہے اور اس کے عوض آخر میں ۃ آئی ہے۔ یہ لَا کا اسم ہے۔ [داغ دھبہ]

تفسیری نکات: موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے اللہ تعالیٰ کے سادہ حکم میں سوال و جواب کے ذریعے بہت سی مشکلات پیدا کرلی تھیں کہ گائے کیسی ہو؟ جواب ملا کہ کھیتی باڑی کے کام نہ آئی ہو اور نہ ہی کھیتوں کو پانی پلانے کا اس سے کام لیا گیا ہو ہر قسم کے عیب سے صحیح سالم ہو، کسی قسم کا داغ دھبہ بھی اس میں نہ ہو۔ تمام سوالوں کے جواب کے بعد اس کام کرنے کو تیار ہوئے۔ تو معلوم ہوا کہ اللہ کے احکامات میں تکلف نہیں کرنا چاہئے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَ اِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا

نَفْسًا	قَتَلْتُمْ	اِذْ	وَ
ایک جان کو	قتل کیا تم نے	جب	اور
مفعول	فعل ماضی جمع مذکر مخاطب (فاعل) (ن)	ظرف زمان	حرف عطف

فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ؕ وَ اللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا

مَّا	مُخْرِجٌ	اللّٰهُ	وَ	فِيْ + هَا	فَ + اِدّٰرَءْتُمْ
جو	نکالنے والا ہے	اللہ تعالیٰ	اور	میں + اس (قتل میں)	پھر + تم ایک دوسرے سے جھگڑنے لگے
موصولہ	اسم فاعل (خبر)	مبتدا	حرف عطف	جار + مجرور	فعل ماضی (فاعل)

كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ج {72}

كُنْتُمْ + تَكْتُمُوْنَ
تھے تم + چھپاتے
فعل ناقص ماضی (اسم) + فعل مضارع جمع مذکر مخاطب (كُنْتُمْ کی خبر)

بامحاورہ ترجمہ: (وہ وقت یاد کرو) جب تم (اے بنی اسرائیل) نے ایک جان کو قتل کر کے آپس میں ایک دوسرے پر (قتل) ڈالنا شروع کر دیا اور اللہ تعالیٰ تمہاری چھپی ہوئی باتوں کو (نکالنے) ظاہر کرنے والا ہے۔

لغوی نکات:

قَتَلْتُمْ {ق ت ل} باب (ن) قَتَلَ، يَقْتُلُ سے فعل ماضی، جمع مذکر حاضر، (قتل کرنا، مار ڈالنا)

فَادّٰرَءْتُمْ ف عاطفہ اور اِدّٰرَءْتُمْ {د رء} باب (تفاعل) (مصدر تَدَارُءٌ) ہے۔ اصل میں تَدَارَأْتُمْ تھا، بروزن اِفَّاعَلْتُمْ فعل ماضی، جمع مذکر مخاطب۔ تخفیف کے لئے (ت) کو دال سے بدل کر پہلے سے موجود دال میں ادغام کر دیا اور شروع میں ابتدائے سکون کی وجہ سے ہمزہ وصلی لایا گیا [تم ایک دوسرے پر قتل کا الزام لگانے لگے] (جھگڑے میں بات (جرم) کو ایک دوسرے پر ڈالنا)

مُخْرِجٌ {خ ر ج} باب افعال، اَخْرَجَ، يُخْرِجُ، اِخْرَاجٌ سے اسم الفاعل، واحد مذکر، حالت رفع [نکالنے والا، باہر نکالنے والا، ظاہر کرنے والا]

مَا كُنْتُمْ مَا موصولہ ہے اور كُنْتُمْ فعل ماضی جمع مذکر مخاطب (افعال ناقصہ) سے ہے اور اس کا اسم اَنْتُمْ ہے۔ [جو تھے تم]

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

تَكْتُمُوْنَ {ک ت م} باب (ن) کَتَمَ، یَكْتُمُ، كَتْمًا وَكِتْمَانًا سے مضارع معلوم، جمع مذکر مخاطب، یہ کُنْتُمْ کی خبر ہے اور پھر یہ صلہ بنتا ہے مَا موصولہ کا، موصول صلہ، یہ سارا جملہ مل کر مُخْرِجٌ کا مفعول ہے۔ اور مُخْرِجٌ صیغہ اسم فاعل اپنے فاعل (ھُوَ) اور مفعول سے مل کر لفظ اللہ کی خبر ہوئی [چھپانا، پردہ ڈالنا] (جس کو تم چھپاتے تھے) اللہ تعالیٰ اس کو ظاہر کرنے والا تھا۔

تفسیری نکات: سابقہ آیات میں ایک گائے کو ذبح کرنے کا حکم دیا گیا تھا اس کی وجہ یہ تھی کہ بنی اسرائیل میں ایک شخص قتل ہوگیا، قاتل کا پتہ نہیں چلتا تھا۔ مشتبہ افراد ایک دوسرے پر الزام دھرنے لگے۔ اصل قاتل کو پہچاننے کے لئے اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو گائے ذبح کرنے کا حکم دیا اور وہ جس بات کو چھپاتے تھے اللہ تعالیٰ نے اس کا ظاہر کرنا چاہا تاکہ ان کے پوشیدہ قاتل کو ظاہر کیا جائے اور وہ بخوبی جان لیں کہ اللہ تعالیٰ کے لئے کوئی چیز چھپی ہوئی نہیں اور وہ جب بھی چاہے اس کو ظاہر کرسکتا ہے۔

فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ؕ

فَ	قُلْنَا	اِضْرِبُوْ + هُ	بِ	بَعْضِ + هَا
تو (پھر)	ہم نے کہا	مارو تم + اس کو	ساتھ	بعض حصے کے + اس (گائے) کے
عاطفہ	فعل ماضی (فاعل) (ن)	فعل امر جمع، فاعل + مفعول	حرف جار	مضاف + مضاف الیہ (مجرور)

كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى ۙ وَيُرِيْكُمْ

كَذٰلِكَ	يُحْيِ	اللّٰهُ	الْمَوْتٰى	وَ	يُرِیْ + كُمْ
اسی طرح	زندہ کرتا ہے	اللہ تعالیٰ	مُردوں کو	اور	وہ دکھاتا ہے + تم کو
کلمہ تشبیہ	فعل مضارع (افعال)	فاعل	مفعول	عاطفہ	فعل مضارع (فاعل) + مفعول اول

اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ {73}

آیَاتِ + هٖ	لَعَلَّ + كُمْ	تَعْقِلُوْنَ
نشانیاں + اپنی	تاکہ + تم	غور و فکر کرو
مضاف + مضاف الیہ (مفعول ثانی)	کلمہ ترجی + اسم	فعل مضارع، جمع مذکر مخاطب لَعَلَّ کی خبر

بامحاورہ ترجمہ: اور ہم (اللہ تعالیٰ) نے (بنی اسرائیل کو گائے ذبح کرنے کے بعد) کہا (حکم دیا) کہ اس گائے کے بعض حصے کو (یعنی گوشت کو مقتول کے جسم کے ساتھ مارو) لگاؤ (تو اس طرح تمہارا مسئلہ حل ہوجائے گا) اسی طرح اللہ تعالیٰ مُردوں کو زندہ کرتا ہے

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

اور تم کو اپنی نشانیاں دکھاتا ہے تاکہ تم عقل سے کام لو۔

لغوی نکات:

فَقُلْنَا ف + قُلْنَا {ق و ل} باب (ن) فعل ماضی جمع متکلم [ہم نے کہا]

اِضْرِبُوْهُ {ض ر ب} باب (ض) سے فعل امر (جمع مذکر حاضر) + ہٗ ضمیر متصلہ، واحد مذکر غائب۔ مفعول۔ تم مارو (لگاؤ) + اس کو

بِبَعْضِهَا بِ + بَعْضِهَا۔ بِ حرف جر + بَعْضِ + هَا۔ مرکب اضافی [اس کے بعض حصے کے ساتھ]

كَذٰلِكَ کَ حرف تشبیہ ہے اور ذٰلِكَ اسم اشارہ ہے دو کو ایک کر دیا ہے [اس طرح]

يُحْيِ {ح ی ی} باب (افعال) اَحْيَىَ، يُحْيِيُ اِحْيَاءً، تعلیل کے بعد اَحْیٰ، يُحْيِيْ سے فعل مضارع، جمع مذکر غائب۔ (زندہ کرنا)

الْمَوْتٰى {م و ت} اَلْمَوْتٰى، مَيِّتٌ کی جمع ہے، حالت نصبی۔ مفعول (مُردوں کو)

يُرِيْكُمْ يُرِیْ + کُمْ، {ر ء ی} باب افعال، (اَرْاَیَ، يُرْئِيُ) تعلیل کے بعد (اَرٰی، يُرِیْ) سے فعل مضارع] واحد مذکر غائب (دکھانا) + کُمْ ضمیر متصلہ۔ مفعول [وہ (اللہ) تمہیں دکھاتا ہے]

تَعْقِلُوْنَ {ع ق ل} باب (ض) فعل مضارع، جمع مذکر مخاطب (تفکر و تدبر سے کام لینا)

تفسیری نکات: اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق بنی اسرائیل نے قاتل کا پتہ لگانے کے لئے جب بالآخر گائے ذبح کر لی جس کی تفصیل سابقہ آیات میں گزر چکی ہے تو اللہ تعالیٰ نے اگلے مرحلے کے لئے حکم دیا کہ گائے کے جسم کے ایک ٹکڑے کو مقتول کے جسم کے ساتھ لگاؤ (مارو) جب گوشت کے ایک ٹکڑے کو مقتول کے ساتھ لگایا گیا تو وہ زندہ ہو گیا اور اس نے بول کر کہا کہ مجھے فلاں آدمی نے قتل کیا ہے۔ اس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اس جیسے طریقوں سے (بھی) اللہ تعالیٰ مُردوں کو زندہ کر سکتا ہے اور اپنی جاندار مخلوق کو مار کر زندہ کرنا اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔ اسی طرح قیامت کے دن لوگوں کو اٹھائے گا اللہ پر یہ مشکل نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ تم (انسانوں) کو اپنی قدرت کے نظارے دکھاتا رہتا ہے تاکہ تم اپنی عقل سے کام لے کر اللہ تعالیٰ کے احکام کو تسلیم کر کے کامیابی پاؤ۔ اللہ تعالیٰ کھول کھول کر یہ باتیں بیان فرما رہا ہے کہ لوگ عقل و سمجھ سے کام لیں اور عبرت پکڑیں۔

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

ثُمَّ	قَسَتْ	قُلُوْبُ + کُمْ	مِّنْ	بَعْدِ	ذٰلِكَ
پھر	سخت ہو گئے	دل + تمہارے	سے	بعد	اس کے
عاطفہ	فعل ماضی واحد مؤنث غائب	فاعل مضاف + مضاف الیہ	حرف جر	مجرور / مضاف	مضاف الیہ

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ؕ

فَ	هِيَ	كَ + اَلْحِجَارَةِ	اَوْ	اَشَدُّ	قَسْوَةً
تو	وہ (دل)	مانند + پتھروں کے	یا	زیادہ/سخت	سختی میں
تعلیلیہ	اسم ضمیر (مبتدا)	حرف جر + مجرور (خبر)	عاطفہ	اسم تفضیل مبتدا محذوف کی خبر	تمیز (منصوب)

وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ

وَ	اِنَّ	مِنَ	الْحِجَارَةِ	لَ + مَا	يَتَفَجَّرُ	مِنْ + هُ
اور	یقیناً	سے	پتھروں	یقیناً + جو	پھوٹ بہتی ہیں	سے + اُس
حالیہ	حرف مشبہ بالفعل	حرف جر	مجرور (اِنَّ کی خبر مقدم)	کلمہ تاکید + موصولہ	مضارع واحد مذکر غائب	حرف جر + مجرور

الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا

الْاَنْهٰرُ	وَ	اِنَّ	مِنْ + هَا	لَ + مَا
نہریں	اور	بے شک	سے + اس	یقیناً + جو
فاعل	عاطفہ	حرف مشبہ بالفعل	جار + مجرور (خبر مقدم)	کلمہ تاکید + اسم موصول۔ اِنَّ کا اسم مؤخر

يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَ

يَشَّقَّقُ	فَ	يَخْرُجُ	مِنْ	هُ	الْمَآءُ	وَ
پھٹ جاتے ہیں	تو	نکلتا ہے	سے	اس	پانی	اور
مضارع، واحد مذکر غائب (فاعل هُوَ (مستتر))	عاطفہ	مضارع (ن)	جار	مجرور	فاعل	عاطفہ

اِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ

اِنَّ	مِنْ + هَا	لَ + مَا	يَهْبِطُ	مِنْ	خَشْيَةِ	اللّٰهِ
یقیناً	سے + اس	یقیناً + جو	گرتا ہے	سے	ڈر	اللہ کے
حرف مشبہ بالفعل	جار + مجرور (خبر مقدم)	کلمہ تاکید + اِنَّ کا اسم مؤخر	فعل مضارع	جار	مجرور/مضاف	مضاف الیہ

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"